پچھلے سوموار کو جب پی ایم مودی کشمیر کے گندر بل ضلع کے گگن گیر میں زیڈ-مور 6.4 کیلو میٹر طویل سرنگ کا افتتاح کرنے پہنچے تو وہاں عمر عبداللہ نے ان کا خیر مقدم کیا اور باتوں باتوں کے دوران انہوں نے اپنا مدعا بیان کیا کہ وہ جب سے وزیر اعلیٰ بنے ہیں تب سے کشمیری عوام اور خود ان کی پارٹی کے قانون ساز یہ مطالبہ کر رہے ہیں کہ میں نے الیکشن سے پہلے اپنے لوگوں سے جو وعدہ کیا تھا کہ آرٹیکل 370 کو اسی وقت بحال کیا جا سکتا ہے جب لوگ نیشنل کانفرنس کو اقتدار پر واپس لائیں، لہٰذا آپ آرٹیکل 370 کی بحالی پر کیا کہنا چاہتے ہیں۔ اس پر مودی کی طویل اور پراسرار خاموشی نے عمر عبداللہ پر مودی کا عندیہ ظاہر کر دیا۔ مودی نے نہ تو آرٹیکل 370 کی بحالی اور نہ ہی جموں کشمیر کو مستند ریاست کے حقوق واپس دینے کے معاملے میں کچھ کہا اور اس سلسلے میں سوال پوچھے جانے پر ان کی پراسرار خاموشی نے بہت کچھ بتا دیا۔ اس زیڈ-مور ٹیونل پروجیکٹ کو گزشتہ سال اکتوبر میں ایک جنگجو حملے کا سامنا کرنا پڑا تھا جس میں 7 افراد مارے گئے تھے جس میں صرف ایک مقامی شخص تھا اور دیگر نامعلوم علاقوں کے تھے۔ عمر عبداللہ نے مودی کی ستائش کی کہ انہوں نے جو تین وعدے کئے تھے اسے پورا کیا۔ انہوں نے 10 برسوں کے بعد جموں کشمیر میں اسمبلی الیکشن کرایا اور مرکز کو اس خطے سے جوڑے رکھنے کی سعی کی لیکن اصل مسئلہ تو یہ ہے کہ جموں کشمیر کو باقاعدہ ریاست کا درجہ ملے گا یا وہ بدستور مرکز کا ماتحت خطہ کہلائے گا جبکہ ہندوستان کی سبھی ریاستوں کے مقابلے میں جموں کشمیر کی اپنی ایک الگ اہمیت ہے جس سے انکار نہیں کیا جا سکتا ہے لیکن مودی حکومت نے اس ریاست کے حق کو چھین کر اسے مرکز کا ماتحت درجہ دے رکھا ہے جو باعث تحقیر ہے اور ناقابل برداشت بھی، لیکن ان تمام سوالوں کا جواب مخاطب کی طویل خاموشی اور بے ثبات آنکھوں کی سرد مہری نے سب کچھ ظاہر کر دیا۔ (خ الف ف)

چین اور بنگلہ دیش کے ساتھ سرحدی تنازع انڈیا کیلئے پریشان کن یا مضحکہ خیز؟

خورشید فرازی

گزشتہ 15 یوم سے ایسی خبریں سامنے آ رہی ہیں کہ ایسٹرن لداخ میں اور خاص طور پر لائین آف ایکچویل کنٹرول میں حالات ٹھیک نہیں جہاں ہندوستان اور چینی فوجیں اس انداز میں کھڑی ہیں جیسے کسی بھی لمحے کچھ بھی ہو سکتا ہے۔ اگر دیکھا جائے تو یہ کہا جا سکتا ہے کہ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ سے جب بھی اس سلسلے میں پوچھا گیا چاہے پارلیمنٹ میں کانگریس نے یا نیوز کانفرنس میں اخبار نویسوں نے، کہ چینی اور ہندوستانی سرحد پر حالات کیا ہیں تب تب انہوں نے مٹھی باندھ کر للکارتے ہوئے کہا کہ سرحدوں کے درمیان سب کچھ ٹھیک ہے اور جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ چینی افواج کی طرف سے دراندازی ہوئی ہے اور وہ ہندوستانی علاقے میں داخل ہو چکے ہیں تو اس خبر میں کوئی بھی سچائی نہیں ہے۔ لیکن فوجی سربراہ جنرل یوپیندرا بسواس کچھ اور بیان دیتے نظر آتے ہیں۔ یوپیندرا بسواس دوویدی کا کہنا ہے کہ ہندوستانی اور چینی فوجیں ایک فاصلہ بنا کر ضرور ہیں لیکن وہ دونوں اب بھی ایک دوسرے کے آمنے سامنے اس طرح سے ایسٹرن لداخل لائین آف ایکچویل کنٹرول کے پاس کھڑے ہیں کہ بس اشارہ ملنے کی دیر ہے۔ دوویدی کا کہنا ہے کہ صورت حال کشیدہ ضرور ہے مگر کنٹرول میں ہے لیکن جنرل دوویدی کے اس بیان سے مرکز کے دعوے کھوکھلے نظر آتے ہیں جس میں ہندوستانی عوام کو دھوکے میں رکھا گیا ہے اور جو صورتحال سرحدوں کے درمیان ہے اس میں کشیدگی ہی کشیدگی ہے مگر 2020 میں حکومت ہند نے دعویٰ کیا تھا کہ ایسٹرن لداخ میں مجموعی طور پر حالات بہتر ہیں۔ مرکز نے اپنے بیان میں کبھی بھی یہ بتانے کی ضرورت نہ سمجھی کہ جو حالات اس وقت سرحدی علاقوں میں ہیں اس میں خطرہ ہی خطرہ ہے اور یہ حالات کسی بھی موقع پر اپنا رخ تبدیل کر سکتے ہیں۔ واضح رہے کہ 2020 میں دونوں ملکوں کی فوجیں بالکل ایک دوسرے کے سامنے مہینوں کھڑی رہیں اور ایک دوسرے کا ظرف آزماتی رہیں۔ اس سے پہلے لداخ میں جبکہ دونوں ملکوں کی فوجوں کے درمیان شدید کشیدگی تھی اسی دوران دونوں میں خونریز جھڑپ بھی ہوئی تھی جس میں دو درجن سے زائد ہندوستانی فوجیں تک چینیوں کی خطرناک خنجر زنی میں مار ڈالے گئے تھے جس کا سخت جواب پی ایم مودی کو دینا تھا لیکن ان شہیدوں کو کبھی یاد کرنے کی ضرورت ہی نہیں پڑی۔ ابھی بنگلہ دیش کے سرحدی گارڈوں نے غیر ضروری طور پر سرحدی علاقے میں جہاں جہاں تاروں کے باڑھ لگے ہوئے تھے وہاں جب بورڈر سیکورٹی فورس نے تاروں کی باڑ لگانے کا کام شروع کیا تو بنگلہ دیش کے سرحدی محافظوں نے اعتراض جتایا اور جہاں پر باڑھ لگانے کی ضرورت تھی تاکہ غیر قانونی طور پر ہو رہے دراندازی کو روکا جا سکے لیکن بنگلہ دیش کے سرحدی گارڈوں نے ایسا کرنے نہیں دیا، جس سے صاف اندازہ ہوتا ہے کہ بنگلہ دیش کی سرحد میں بھی کوئی کھچڑی پک رہی ہے۔

جنرل دوویدی کے کہنے کے مطابق ابھی ضرورت اس بات کی ہے کہ دونوں ملکوں کے فوجیوں کے درمیان اعتماد کی بحالی کی ضرورت ہے اور جب تک ایسا نہیں ہوتا ہے تب تک یہ کشیدگی برقرار رہے گی۔ چین پر یہ الزام ہے کہ اس کی فوجوں نے دراندازی کی ہے اور 1000 اسکوائر کیلو میٹر ہندوستانی علاقے پر قبضہ کیا ہے جو لداخ میں ہے اور چین کا دعویٰ ہے کہ وہ ایریا ہندوستان کے حصے میں نہیں آتا بلکہ وہ چینی خطہ کے اندر ہے ہندوستانی وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے گزشتہ سال اکتوبر میں یہ اعلان کیا تھا کہ دونوں ممالک اس بات پر راضی ہو گئے ہیں کہ دونوں ملکوں کی فوجیں ایل اے سی کے درمیان اپنے اپنے علاقوں میں گشت کرتی رہیں گی۔ اس اعلان سے ایک دن قبل پی ایم مودی نے روسی شہر کزان میں برکس سمٹ کے دوران چینی صدر ژی جین پنگ سے ملاقات کی تھی اور انہوں نے ہی کہا تھا کہ ہم نے چینی لیڈر سے بات چیت کر کے تمام مسائل پر مفصل بات چیت کر لی ہے۔ اس وقت ضرورت اس بات کی ہے کہ دونوں ملکوں کی فوجوں کے درمیان اگلے راؤنڈ کی بات چیت ہو اور اس میں دونوں ملکوں کے درمیان جو مسائل درپیش ہیں اس پر مفصل بات چیت کر لی جائے۔ دوویدی کے بموجب ہند-چین کے درمیان فوجیوں کی پٹرولنگ (گشت) کے دو راونڈ اطمینان بخش طریقے سے معاملہ انجام تک پہنچا ہے لیکن یہ کہنا بہت ہی مشکل ہے کہ آگے کے حالات کیا ہوں گے کیونکہ صورتحال تو ہنوز کشیدہ ہے۔ ایک طرف چین کے ساتھ سرحدی تنازع برقرار ہے اور دوسری طرف بنگلہ دیش کے ساتھ بھی وہی مسئلہ ہے اور شیخ حسینہ حکومت کے الٹنے کے ساتھ ہی نئی عبوری حکومت کے نگراں محمد یونس اس وقت اوور اسمارٹ بن رہے ہیں۔ جنرل دوویدی کے مطابق بنگلہ دیش کے ساتھ ہندوستان کے تعلقات روایتی انداز میں برقرار رہیں تو یہ دونوں ملکوں کیلئے فائدہ مند ہوگا۔ لیکن اس وقت حالات ناموافق ہیں اور بنگلہ دیش بورڈر گارڈ نے جس طرح سے تاروں کا باڑھ (فینسنگ) لگانے کے معاملے میں مخالفت کیلئے روکا، جنرل دوویدی نے کہا کہ یہ اچھی علامت نہیں ہے۔ ویسے تو سفارتکاروں کے تعلق سے دونوں ملکوں کے بیچ تعلقات کی بحالی کیلئے بات چیت ہوئی ہے۔ لیکن ایسا لگتا ہے کہ کوئی تھرڈ پرسن (ملک) یہ نہیں چاہتا کہ انڈیا اور بنگلہ دیش کے درمیان تعلقات روایتی انداز میں بہتر بنے رہیں اور اگر بنگلہ دیش اس تھرڈ پرسن سینگولر نمبر نیوٹرل جینڈر کی بات مان کر چلتا ہے تو وہ خود اپنے مستقبل کا فیصلہ کر لے کہ حالات آگے چل کر کیا ہوں گے؟۔

راہل گاندھی کی دہلی میں انتخابی سرگرمیاں بہتوں کے لئے حیران کن کیوں ہیں؟

عبدالعزیز

ہریانہ کے حالیہ اسمبلی الیکشن میں راہل گاندھی کی خواہش کے باوجود 'عام آدمی پارٹی' کے ساتھ کانگریس کا اتحاد مقامی کانگریسی لیڈروں کی ضد کی وجہ سے نہیں ہو سکا، جس کا نقصان کو کانگریس کو اٹھانا پڑا۔ اروند کجریوال نے ہریانہ اسمبلی کی تمام سیٹوں پر اپنے امیدوار کھڑے کئے، یہاں تک کہ مشہور پہلوان ونیش پھوگٹ کے خلاف بھی ایک اہم خاتون پہلوان کو مقابلے کے لئے کھڑا کرنے میں کسی قسم کے پس و پیش سے کام نہیں لیا، جبکہ ونیش پھوگٹ ایک ایسی پہلوان شخصیت ہیں جنھوں نے بی جے پی کے خلاف محاذ آرائی کرنے میں جنتر منتر پر دلیرانہ کردار پیش کیا تھا۔ اس دوران ہر ایک کو اندازہ ہو گیا تھا کہ دہلی کے اسمبلی الیکشن میں مذکورہ دونوں پارٹیوں میں اتحاد ممکن نہیں ہوگا۔ لوک سبھا کے الیکشن کے بعد ہی عام آدمی پارٹی کی طرف سے اعلان ہونا شروع ہو گیا تھا کہ دہلی میں اسمبلی الیکشن کے موقع پر کانگریس کے ساتھ اتحاد نہیں ہوگا۔

ہریانہ الیکشن کی ہار سے کانگریس پر 'انڈیا اتحاد' کی کئی پارٹیاں حملہ آور ہو گئیں۔ یہ کہنے لگیں کہ کانگریس تنہا بی جے پی کو ہرانے میں کامیاب نہیں ہوگی۔ جب مہاراشٹر اسمبلی کے الیکشن میں 'مہا وکاس اگھاڑی' کی تینوں پارٹیوں کو زبردست شکست کا سامنا کرنا پڑا تو کانگریس ہی کو انڈیا اتحاد کی کچھ پارٹیاں مورد الزام ٹھہرانے لگیں جبکہ کانگریس وہاں تنہا بی جے پی سے مقابلہ نہیں کر رہی تھی بلکہ انڈیا اتحاد کی دو اور پارٹیاں بھی کانگریس کے ساتھ بی جے پی کے اتحاد کے خلاف مقابلہ آرائی کر رہی تھیں۔ انڈیا اتحاد کی کئی پارٹیاں بظاہر کانگریس کو مضبوط دیکھنا چاہتی ہیں لیکن عملاً اسے کمزور کرنے کے لئے ہر ممکن کوشش کرتی رہتی ہیں۔ ان کو یہ ڈر رہتا ہے کہ کانگریس کی مضبوطی سے یا راہل گاندھی کی مقبول و مشہور قیادت سے ان کی پارٹیوں کو ریاستوں میں نقصان پہنچ سکتا ہے۔

اس وقت دہلی کے اسمبلی الیکشن کا اعلان ہو چکا ہے۔ 5 فروری کو الیکشن ہوگا اور 8 فروری کو ریزلٹ کا اعلان ہوگا۔ اب ووٹنگ کو صرف پندرہ بیس دن باقی رہ گئے ہیں۔ الیکشن کے اعلان سے پہلے ہی اکھلیش یادو، ممتا بنرجی، شرد پوار اور بعد میں سنجے راوت اروند کجریوال کی پارٹی کی حمایت کا اعلان کرنے لگے۔ کانگریس نے انڈیا اتحاد کی پارٹیوں کا کوئی نوٹس نہیں لیا۔ الیکشن کی تاریخ کے اعلان کے بعد اپنے امیدوار کھڑے کرنے شروع کر دیئے۔ کانگریس کی طرف سے ان کے لیڈروں کے بیانات اور سرگرمیاں بھی شروع ہو گئیں۔ کانگریس کے ایک لیڈر اجے ماکن نے اپنے ایک بیان میں کجریوال کو دہشت گرد بھی کہنے میں کوئی ہچکچاہٹ محسوس نہیں کی۔ ان کا یہ بیان انتہائی غلط تھا۔ افسوسناک بات یہ بھی ہوئی کہ کانگریس کے کسی بڑے لیڈر نے اجے ماکن کے بیان کی مذمت نہیں کی۔ سنجے راوت نے اجے ماکن کے بیان کو بہت غلط ٹھہرایا اور ٹھہرانا بھی چاہئے تھا۔

گزشتہ روز (14 جنوری) راہل گاندھی کی دہلی اسمبلی الیکشن میں انٹری ہوئی۔ ان کی تقریر کے ساتھ ساتھ دہلی میں ان کے دورے بھی ہوئے۔ عورتوں کی مجلس میں بیٹھ کر انھوں نے مکر سنکرانتی کی تقریب منائی۔ بیٹھ کر چورا کھائے اور عمر دراز عورتوں کو چورا کھلانے میں حصہ لیا۔ دہلی کے کئی ایسے مقامات کا بھی دورہ کیا جہاں گندے نالے تھے اور سڑکیں ٹوٹی پھوٹی حالت میں نظر آ رہی تھیں۔ راہل گاندھی کی ان سرگرمیوں سے دہلی میں بھونچال سا آ گیا۔ راہل گاندھی نے اپنی تقریر میں کہا کہ اروند کجریوال اڈانی کے خلاف منہ نہیں کھولتے اور نہ جاتی جن گرنا کے حق میں بیان دیتے ہیں۔ اس معاملے میں نریندر مودی اور اروند کجریوال میں کوئی فرق نہیں ہے۔ بہتوں کے نزدیک راہل گاندھی کا کجریوال پر حملہ حیران کن تھا کیونکہ دونوں انڈیا اتحاد کے بڑے لیڈروں میں شمار کئے جاتے ہیں۔ اروند کجریوال نے راہل گاندھی کے حملے کے خلاف نرم رویہ اپنایا اور کہا کہ "وہ راہل گاندھی کے خلاف کچھ نہیں بولیں گے۔ راہل گاندھی اپنی پارٹی بچانے کی کوشش کر رہے ہیں اور میں ملک بچانے کی کوشش کر رہا ہوں"۔ کجریوال نے دور اندیشی سے کام لیا، حالانکہ ان کی بات میں یہ سچائی نہیں ہے کہ راہل گاندھی صرف اپنی پارٹی بچانے کی کوشش کر رہے ہیں ملک بچانے کی کوشش نہیں کر رہے ہیں۔ جہاں تک راہل گاندھی کی باتوں میں سچائی کی بات ہے تو یہ کہا جا سکتا ہے کہ نریندر مودی اور اروند کجریوال کے طریقۂ انتخاب میں مماثلت پائی جاتی ہے۔ اروند کجریوال دھرم کا استعمال نریندر مودی کی طرح ہی کرتے ہیں بلکہ کچھ زیادہ ہی کرتے ہیں۔ آر ایس ایس کے سرسنچالک موہن بھاگوت کو خط لکھ کر گہار لگانا یہ بھی اروند کجریوال کی بہت بڑی کمزوری کہی جا سکتی ہے۔

سیاست کے میدان میں اروند کجریوال آر ایس ایس کی مدد سے داخل ہوئے۔ انا ہزارے آندولن کے اروند کجریوال سب سے اہم کردار تھے۔ آندولن کے پیچھے آر ایس ایس کا ہاتھ تھا۔ منموہن سنگھ کی حکومت کے خلاف اروند کجریوال بڑھ چڑھ کر بول رہے تھے۔ آندولن کا ایک ہی مقصد تھا کانگریس کی حکومت کو کمزور کرنا۔ کانگریس پارٹی کو دہلی سے نیست و نابود کیا جائے۔ انا ہزارے، کجریوال اور آر ایس ایس اپنے مقصد میں کامیاب ہوئے۔ لوک سبھا الیکشن میں بری طرح کانگریس کی شکست ہوئی۔ دہلی کے اسمبلی الیکشن میں شیلا ڈکشت کی حکومت کو زبردست شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ محض 8 سیٹوں پر کانگریسی امیدواروں کو کامیابی حاصل ہوئی۔ کانگریس کی مدد سے اروند کجریوال کی حکومت دہلی میں قائم ہوگئی مگر محض 49 دنوں تک ہی قائم رہی لیکن اس سے اروند کجریوال کی قیادت کو اور ان کی پارٹی کو غیر معمولی فائدہ ہوا۔ 2014ء کے دہلی اسمبلی الیکشن میں عام آدمی پارٹی کو بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل ہوئی اور اس کے 67 امیدوار کامیاب ہوئے۔ کانگریس کو ایک سیٹ پر بھی کامیابی نہیں ملی۔ تین سیٹوں پر بی جے پی کے امیدوار کی جیت ہوئی۔ 2019ء میں بھی عام آدمی پارٹی بھاری اکثریت سے کامیاب ہوئی اور اس کے 62 امیدوار کامیاب ہوئے۔ دیکھا جائے تو کانگریس نے 2013ء میں اروند کجریوال کی حکومت بنانے میں جو مدد دی تھی اس سے کجریوال کو آگے بڑھنے میں فائدہ ہوا۔ بی جے پی کجریوال کے خلاف کوئی اچھا امیدوار کھڑا نہیں کر سکی اس کی وجہ سے بھی کجریوال کی کامیابی میں مدد ملی۔

اس وقت کانگریس مضبوطی کے ساتھ دہلی میں اپنی زمین کی واپسی کے لئے لڑ رہی ہے۔ جو لوگ بی جے پی کے سخت خلاف ہیں یقیناً ان کی خواہش تھی اور ہے کہ کانگریس اور عام آدمی پارٹی میں اگر اتحاد ہوتا تو بی جے پی کی کراری ہار ہوتی۔ کانگریس کے لئے ضروری ہے کہ وہ دہلی میں مضبوطی کے ساتھ لڑے اور اپنی کھوئی ہوئی زمین واپس لے۔ عام خیال یہ ہے کہ کانگریس کا چار فیصد ووٹ دہلی میں تھا اور اس کا تنظیمی ڈھانچہ بھی کمزور ہے۔ وہ اروند کجریوال کی پارٹی کو نقصان پہنچانے کے بجائے بی جے پی کو نقصان پہنچائے گی، کیونکہ عام آدمی پارٹی سے جو ناراض ووٹرس ہیں وہ دو حصوں میں بنٹ جائیں گے۔ کچھ لوگ بی جے پی حق میں ووٹ دیں گے تو کچھ لوگ کانگریس کے حق میں ووٹ ڈالیں گے۔ جہاں تک عام آدمی پارٹی کے کاموں کا سوال ہے تو اس کے فلاحی کاموں کی بنیاد پر دہلی میں ووٹ دینے والوں کی اچھی خاصی تعداد ہے۔ اس لئے امید ہے کہ اروند کجریوال کی پارٹی زیادہ سیٹوں پر کامیاب ہوگی۔ حکومت سازی میں بھی کامیاب ہونے کا امکان ہے۔ اگر کچھ کمی ہوئی تو کانگریس یقیناً پوری کرے گی۔

یہ شک و شبہ ظاہر کیا جا رہا ہے کہ اگر بی جے پی کو چوبیس پچیس سیٹوں پر کامیابی مل جاتی ہے تو آپریشن لوٹس کے ذریعے وہ عام آدمی پارٹی کو توڑ بھی سکتی ہے، لیکن اگر وہ دس پندرہ سیٹوں پر سمٹ گئی تو آپریشن لوٹس کارگر ثابت نہیں ہوگا۔ کانگریس یہ چاہ رہی ہے کہ اروند کجریوال کی پارٹی کمزور ہو۔ اگر وہ حکومت نہ بنا سکے تو اس کے لئے سودمند ہوگا اور بی جے پی سے آئندہ الیکشن لڑنے میں آسانی ہوگی۔ پنجاب میں بھی کانگریس عام آدمی پارٹی کو شکست دینے کی امید رکھتی ہے۔ کانگریس کی یہی خواہش اور تمنا ہے کہ دہلی میں بھی اور پنجاب میں بھی دیر سویر اپنی کھوئی ہوئی زمین کو واپس لینے میں کامیاب ہوگی۔ اگر کانگریس مضبوط ہوتی ہے تو انڈیا اتحاد کی پارٹیاں جو وقتاً فوقتاً کانگریس یا راہل گاندھی پر حملہ آور ہوتی ہے تو ان کو حملے کرنے کے مواقع ہاتھ نہیں آئیں گے۔

E-mail:azizabdul03@gmail.com
Mob:9831439068

قوم وملت کے بے لوث خادم عبدالقیوم انصاریؒ

(ولادت یکم جولائی 1905ء وفات 18 جنوری 1973)

محمد عارف انصاری

اسلام برابری اور مساوات کا دین ہے اور ذات، برادری، رنگ، نسل یا خاندان کی بنیاد پر تفریق کی گنجائش نہیں ہے۔ مگر افسوس کہ ہندستانی مسلم معاشرے میں ''اشراف، اجلاف اور ارذال'' جیسے من گھڑت نظریات کو فروغ دے کر ذات پات کی تقسیم پیدا کی گئی۔ مومن انصاری برادری، جو کپڑا بننے کی صنعت سے وابستہ ہے انگریزوں کے دور میں معاشی استحصال کا شکار ہوئی۔ انگریزوں نے ہینڈلوم صنعت کو تباہ کرنے کے لیے ظالمانہ اقدامات کیے جس سے اس برادری کی معاشی حالت بدتر ہو گئی۔ 1857ء میں جب انگریزوں کے خلاف آزادی کی تحریک شروع ہوئی تو زخم خوردہ مومن برادری نے اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا، لیکن سرسید احمد خان نے اسے ''غدر'' کہا اور اس برادری پر غداری کا الزام دھر کر ''بدذات'' کہتے ہوئے ہتک آمیز تبصرے کیے۔ انگریز بھی سرسید کی باتوں میں آگئے اور مومن برادری پر بعض پابندیاں عائد کیں اور بزعم خود اشرافیہ طبقے کو زمینداریاں عطا کیں نیز کمیشن پر مالگزاری وصولنے کی ذمہ داری و بعض دیگر مراعات دے کر پسماندہ برادریوں پر مظالم کا راستہ ہموار کردیا۔ انگریزوں کی مہربانیوں کا نتیجہ یہ نکلا کہ ان نام نہاد اور بزعم خود اشرافیہ طبقے نے پس کردہ مسلم برادریوں کو ہندوؤں کے نظریہ منواد کی طرز پر رذیل گردانتے ہوئے ان سے گھر دواری ٹیکس وصولنے لگے جس پر مومن انصاری برادری معترض ہوئی اور ٹیکس دینے سے منع کردیا۔ قاضی زمینداروں نے گورکھپور کی عدالت میں مومن برادری پر مقدمہ دائر کیا جہاں وہ ناکام ہوئے۔ اس کے بعد وہ 1937ء میں اس معاملے کو الٰہ آباد ہائی کورٹ میں لے گئے۔ نعمت اللہ انصاری (گورکھپور) نے فریق مخالف کے طور پر پیروی کی بالآخر ''اشراف بنام ارذال'' کے نام سے مشہور اس مقدمے میں مومن برادری کے حق میں فیصلہ ہوا۔ 1911 میں دارالحکومت کلکتہ سے دہلی منتقل ہونے کے باوجود کلکتہ (بنگال) ہی اقتصادی، تعلیمی، سماجی اور سیاسی مرکز رہا۔ ملک کے مختلف حصوں سے، خصوصاً بہار، اترپردیش اور اڑیسہ سے لوگ روزگار اور بہتر زندگی کی تلاش میں کلکتہ ہجرت کرتے رہے۔ وہاں مختلف طبقوں اور خیالات کے لوگوں جن میں اکثریت پس کردہ طبقات بالخصوص پیشہ پارچہ بافی (Weaving) سے وابستہ مومن انصاری برادری نمایاں تھی کے اجتماع نے سماجی مسائل پر غور وفکر کا ماحول پیدا کیا۔ مومن برادری جو اسلامی مساوات اور ذات پات کی تفریق کے خاتمے پر یقین رکھتی تھی کے درمیان اپنے حقوق کی بازیابی کے لیے زبردست سماجی و سیاسی بیداری پیدا ہوئی جس کے نتیجے میں مومن تحریک کا آغاز ہوا۔ جس زمانے میں مومن تحریک کی داغ بیل پڑ رہی تھی ٹھیک انہی ایام میں یکم جولائی 1905ء کو ڈیہری آن سون (اب ضلع روہتاس، بہار) کے ایک آسودہ حال خاندان میں منشی عبدالحق انصاری کے ہاں عبدالقیوم انصاری کی ولادت ہوئی۔ ان کی والدہ کا نام صفیہ بیگم تھا جو حافظہ قرآن تھیں اور ان کے نانا حافظ عبداللہ غازی پوری اپنے وقت کے نامور عالم دین اور محدث تھے۔ عبدالقیوم انصاری نے سہسرام اور ڈیہری آن سون ہائی اسکولز میں تعلیم حاصل کرنے کے بعد علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، کلکتہ یونیورسٹی اور الہ آباد یونیورسٹی میں بھی تعلیم حاصل کی لیکن آزادیٔ ہند کی جدوجہد میں سرگرم حصہ لینے کی وجہ سے ان کی تعلیم وقتاً فوقتاً متاثر ہوتی رہی۔ عبدالقیوم انصاری ابھی ہائی اسکول ہی میں زیر تعلیم تھے کہ کانگریس سے وابستہ ہوکر تحریک آزادی میں شامل ہو گئے۔ وہ گاندھی جی کی شخصیت سے بے حد متاثر تھے، جب علی برادران سہسرام آئے تو ان سے بہت متاثر ہوئے اور محض 15 سال کی عمر ہی میں سہسرام تحریک خلافت کے جنرل سکریٹری بنادیے گئے۔ اسی جدوجہد کے تحت انہوں نے اپنے ساتھوں کے ساتھ سرکاری اسکول چھوڑ دیا اور ان طلبہ کے لیے ایک نیشنل اسکول قائم کیا جو انڈین نیشنل کانگریس کی اپیل پر سرکاری اسکولوں کا مقاطعہ کر رہے تھے۔ اس تحریک میں سرگرم حصہ لینے کے باعث انہیں سولہ سالہ کی عمر میں ہی گرفتار کر کے جیل بھیج دیا گیا۔ ستمبر 1920ء میں تحریک عدم تعاون سے متعلق کلکتہ میں ہوئے کانگریس کے خاص اجلاس میں وہ سب سے کم عمر کے کانگریس ڈیلیگیٹ کی حیثیت سے شریک ہوئے۔ انہوں نے 1928ء میں کلکتہ میں سائمن کمیشن کی آمد کے خلاف ہونے والے طلبائ کے احتجاج میں حصہ لیا۔ عبدالقیوم انصاری نے محمد علی جناح اور مسلم لیگ کے دو قومی نظریے کو مسترد کرتے ہوئے ان کی واحد مسلم نمائندگی کے دعوے اور تقسیم ہند کی شدید مخالفت کی۔ 1937-38ء کے دوران مسلم لیگ کی فرقہ وارانہ پالیسی کے خلاف کمزور ومحروم مسلم طبقات بالخصوص مومن انصاری برادری متحرک کیا۔ وہ بہار کی صوبائی جمعیت المومنین کے صدر رہے اور آل انڈیا مومن کانفرنس کے نویں صدر اور سب سے بلند پایہ اور فصیح و بلیغ رہنمائی تھے۔ مومن کانفرنس محروم وپس کردہ مسلمانوں کی پہلی اور کلیدی تحریک ہے۔ انہوں نے آل انڈیا مومن کانفرنس کو ایک مضبوط سماجی اور سیاسی قوت میں تبدیل کر دیا، جس کے اثرات قومی سطح پر مرتب ہوئے۔ 1939 میں سر اسٹیفر ڈ کرپس نے جواہر لال نہرو سے ایسے مسلم رہنماؤں کے بارے میں دریافت کیا جو مسلم لیگ کے خلاف کانگریس کا ساتھ دے رہے تھے تو انہوں نے عبدالقیوم انصاری کا خصوصی ذکر کیا۔ انصاری صاحب نے مومن برادری کے سیاسی نظریات پر مشتمل ایک عرضداشت بھی سر کرپس کو پیش کی۔ 1946 کے انتخابات میں مومن کانفرنس نے ایک آزاد سیاسی پارٹی کے طور پر حصہ لیا اور ان کی قیادت میں چھ نشستوں پر کامیابی حاصل کی۔ کانگریس پارٹی کو بھی مسلمانوں کی واحد نشست مومن کانفرنس کی حمایت سے ملی۔ مگر جب کانگریس کی حکومت بنی تو انہیں ابتدائی طور پر کابینہ میں شامل نہیں کیا گیا۔ کانگریس قیادت بہت دیر تک مومن کانفرنس کی اہمیت کو نظر انداز نہ کرسکی اور انصاری صاحب کو کابینہ میں شامل کر لیا گیا۔ انہوں نے ہندستانی مسلمانوں میں ذات پات پر مبنی تفریق کے خاتمے کے لیے فعال کردار ادا کیا اور اپنی سیاسی زندگی میں ہندو اور مسلم فرقہ واریت کا ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ بعد کے دنوں میں انصاری صاحب کی قیادت میں مومن تحریک نے ایک کروٹ لی اور اس کی سیاسی حیثیت ختم کر کے صرف سماجی حیثیت برقرار رکھی گئی۔ کانفرنس کے زیادہ تر رہنمائی کانگریس میں شامل ہو گئے۔ انصاری صاحب تقریباً سترہ سال تک وزیر رہے اور مختلف اہم قلمدان سنبھالتے رہے۔ بعدٔ صوبائی کانگریس کمیٹی کے صدر، رکن مجلس عاملہ اور 1970 تا 1972 رکن راجیہ سبھا رہے لیکن وہاں انہیں محدود توجہ دینے کے باعث انہوں نے 1972 میں استعفیٰ دے دیا اور دوبارہ مومن تحریک کو مضبوط بنانے میں لگ گئے۔ اسی سال وہ بہار کے عام انتخابات میں ڈیہری آن سون سے رکن اسمبلی منتخب ہوئے اور ایک بار پھر کابینی وزیر بنے۔ وہ ہندستان کے پہلے مسلم رہنمائی کے طور پر سامنے آئے جنہوں نے اس کی مذمت کی اور مسلمانوں کو حقیقی ہندستانی شہری کے طور پر ان جارحیتوں کا مقابلہ کرنے کے لیے بیدار کرنے کی بھرپور کوشش کی۔ اس کے نتیجے میں انہوں نے پاکستان کے ذریعے مقبوضہ کشمیر کو ''آزاد'' کرانے کے لیے 1957ء میں'' انڈین مسلم یوتھ کشمیر فرنٹ'' کی بنیاد رکھی۔ اس سے قبل انہوں نے ستمبر 1948ء میں حیدرآباد میں رضاکاروں کے ہند مخالف سرگرمیوں اور حیدرآباد کے ہندستان میں انضمام کی حمایت میں مسلمانوں کے درمیان رائے عامہ ہموار کر کے مسلمانوں کو آمادہ کیا۔ انصاری صاحب نے ہتھ کرگھا صنعت کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ دستکاروں کی معاشی اور تعلیمی پسماندگی کے خاتمے کے لیے بھی قابل ذکر خدمات انجام دیں۔ جب حکومت ہند کی جانب سے آل انڈیا بیک ورڈ کلاسز کمیشن قائم کیا گیا تو وہ اسکے رکن بھی رہے۔ پارچہ باف (Weaver) برادری کی معاشی استحکام کے لیے حکومت وقت سے مل کر پرائمری ویورس کوآپریٹو سوسائٹیاں قائم کروائیں اور اور انہیں منظم کرنے کے لیے راجندر نگر، پٹنہ میں ایک ''بہار اسٹیٹ ویورس کوآپریٹو یونین'' قائم کروائی۔ پس کردہ مسلم طبقات کی تعلیمی بہتری کے لیے حکومت وقت سے مل کر جگہ جگہ بی ایم سی (بیک وارڈ مسلم) مکاتب قائم کروائے جو اردو مکاتب کے طور پر مشہور ہوئے جنہیں اب تعلیمی مرکز میں تبدیل کردیا گیا ہے۔ ایک مجاہد آزادی، عظیم مومن وملی رہنمائی اور سماج کے بے لوث و مخلص خدمت گار ہونے کے علاوہ وہ ایک کامیاب صحافی، مصنف اور شاعر بھی تھے اور حاوی تخلص کرتے تھے۔ آزادی سے پہلے کے دنوں میں وہ اردو ہفتہ وار ''الاصلاح'' اور اردو ماہنامہ ''مساوات'' کے مدیر رہنے کے علاوہ بعض دیگر ادبی جرائد سے بھی وابستہ رہے۔ وہ دین پسند اور پابند شریعت شخصیت کے حامل تھے۔ تمام عمر ملک و قوم کی خدمت میں گزاری اور 18 جنوری 1973ء کو اپنے حلقہ انتخاب کے عوام جو ان دنوں سیلاب کے سبب پریشان تھے، کے درمیان راحت رسانی کے کام انجام دیتے ہوئے 'امیاور' کے مقام پر جان، آفریں کے سپرد کردی۔

رابطہ: 9572908382

☆☆☆

سہ ماہی ''فیضانِ ادب'': میر تقی میر نمبر: ایک تاثر

ڈاکٹر احسان عالم

پرنسپل الحراء پبلک اسکول، دربھنگہ

ڈاکٹر فیضان حیدر کی ادارت میں شائع ہونے والا سہ ماہی ''فیضان ادب'' ''میر تقی میر نمبر، اپریل تا ستمبر 2024 منظر عام پر آچکا ہے۔ ڈاکٹر فیضان حیدر، سی۔ ایم۔ کالج، دربھنگہ کے شعبۂ اردو میں درس وتدریس کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ رسالہ ''فیضان ادب'' جلد: 9، شمارہ: 3-2 (اپریل تا ستمبر 2024ء) 600 صفحات پر محیط ہے۔ اس کے اداریہ میں مدیر ڈاکٹر فیضان حیدر لکھتے ہیں کہ ان دنوں ہمارے سماج اور معاشرے کے حالات ابتر ہوتے جا رہے ہیں۔ اس سماجی اور معاشرتی بے چینی کا شکار میں بھی ہوں۔ یہ اضطرابی کیفیت مجھے بھی سخت بے چین اور مضطرب کیے دیتی ہے۔ ہمارے سماج اور معاشرے کا ہر فرد خود کو صراط مستقیم پر گامزن تصور کرتا ہے اور دوسرے اسلامی فرقے کو کافر قرار دیتا ہے۔ رسالہ کا پہلا مضمون ''دیوان میر'' مرتبہ پروفیسر اکبر حیدری'' کے عنوان سے ہے جسے پروفیسر نسیم احمد (سابق صدر شعبۂ اردو، بنارس ہندو یونیورسٹی) نے تحریر کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ 'دیوان میر' مرتبہ ڈاکٹر اکبر حیدری کے دونوں ایڈیشنوں کا مطالعہ بہ نظر غائر کیا اور اس نتیجے پر پہنچا کہ یہ نسخے نہ تو تدوین کے سائنسی اصولوں کے مطابق مرتب ہوئے ہیں، نہ ہی ان کا انداز محض مخطوطے کو نقل کرنے کا ہی ہے، بالفاظ دیگر ان کی ترتیب میں تحقیقی اصول وضوابط کی باضابطہ پیروی نہیں کی گئی ہے، مرتب نے کہیں املا میں تبدیلی کردی ہے اور کہیں قدیم املا کو برقرار رکھا ہے۔ بعض مقامات پر غلطیوں کی نشاندہی کر کے ان کی تصحیح کر دی ہے۔ لیکن بیشتر تسامحات اور غلطیاں دیوان میں جوں کی توں موجود ہیں۔ ڈاکٹر محمود احمد کاوش اپنے مضمون ''میر تقی میر کا غیر مطبوعہ دیوان ہفتم'' میں لکھتے ہیں کہ میر تقی میر کا شمار اردو کے زندہ شاعروں میں ہوتا ہے۔ ان کی وفات کو دو صدیوں سے زیادہ کا زمانہ گزر چکا ہے، مگر آج بھی ان کا کلام ذوق وشوق سے پڑھا جاتا ہے۔ ہر دور میں ان کی مقبولیت کو دیکھتے ہوئے میر کے اس قول پر یقین کرنے کو جی چاہتا ہے، جس میں انہوں دعویٰ کیا تھا کہ:

تا حشر جہاں میں مرا دیوان رہے گا

محمد باقر حسین (اسسٹنٹ پروفیسر، شعبۂ اردو، گورنمنٹ کالج ٹونک، راجستھان) ''فرہنگ کلیات میر: اہمیت وافادیت'' کے عنوان سے لکھتے ہیں کہ شاعر بے نظیر میر تقی میر کے سیاسی، سماجی ماحول، سوانحی کوائف، لسانی تشکیل، شخصیت وسیرت، مختلف شعری خصوصیات اور زبان وبیان واسلوب پر تحقیقی اور تنقیدی مطالعے عہد میر سے لے کر عہد حاضر تک جاری ہیں۔ مطالعات میر سے متعلق یہ تمام تحقیقی اور تنقیدی امور نئے انکشافات کے ذریعہ میر فہمی میں مسلسل اضافہ کر رہے ہیں۔ اسی سلسلے میں ڈاکٹر فرید احمد برکاتی کا تحقیقی مقالہ فرہنگ کلیات میر منفرد حیثیت کا حامل ہے۔ ریحان عباس رضوی اپنے مضمون ''سوز وگداز کا شاعر: میر تقی میر'' میں لکھتے ہیں کہ میر کے اشعار سوز وگداز اور درد کی جیتی جاگتی تصویریں ہیں۔ ان کے اشعار قاری کے دلوں پر نہ صرف اثر انداز ہوتے ہیں بلکہ دل میں جگہ بھی بنالیتے ہیں۔ دراصل شاعری کا اصل معیار کلام کی تاثر میں نظر آتا ہے اور اس معیار پر نہ صرف میر پورے اترتے ہیں بلکہ ان کا مرتبہ اردو شعرا کی صف میں سب سے اعلیٰ پایا جاتا ہے۔ ''میر: اخلاقی قدروں اور انسانی عظمتوں کا شاعر'' کے عنوان سے پروفیسر جاوید حیات (سابق صدر شعبۂ اردو، پٹنہ یونیورسٹی، پٹنہ) لکھتے ہیں کہ میر کی شاعری میں جذبات کی گہرائی اور شدت نمایاں ہے۔ وہ انسانی جذبات واحساسات کو بڑے فنکارانہ انداز میں بیان کرتے ہیں، جس سے قاری ان کی شاعری میں خود بخود محو ہوجاتا ہے۔ ان کی غزلیں روانی، سادگی اور اثر پذیری کی وجہ سے منفرد مقام رکھتی ہیں۔ ان کے اشعار میں زبان کی لطافت اور سلاست نمایاں ہے۔ ڈاکٹر سیدہ بانو (مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، آرٹس اینڈ سائنس کالج فار ویمن، بڈگام، سری نگر)، میر تقی میر کی شاعری کا جائزہ اکیسویں صدی کے تناظر میں لیتے ہوئے لکھتے ہیں کہ میر اردو کے ایسے لافانی شاعر تھے جن کی استادی آج تک تسلیم کی جاتی ہے اور آئندہ بھی کی جاتی رہے گی۔ انہوں نے زندگی میں بے پناہ مسائل کا سامنا کیا۔ طویل عمر گزاری، زندگی میں دنیا کے سرد وگرم دیکھے۔ دلی کا انتشار بھرا ماحول اور لکھنؤ کی پرتکلف فضا کا گہرائی سے مطالعہ کیا یہی مطالعہ اور مشاہدہ ان کی شاعری کا محور ہے۔ محمد رضا اظہری (شعبۂ فارسی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ) ''میر فارسی تذکروں کے آئینے میں'' لکھتے ہیں کہ میر کی شاعرانہ صلاحیتوں کا اعتراف ہر دور میں کیا گیا ہے۔ کلام میر کی معنویت آج بھی تسلیم کی جارہی ہے۔ تمام تذکرہ نویس میر کو اردو کا خدائے سخن تسلیم کرتے ہیں اور ان کی رفعت ومنزلت سے کسی طرح انکار نہیں کر سکتے۔ سلطان آزاد (پٹولین، گلزار باغ، پٹنہ سیٹی) ایک معروف قلمکار ہیں۔ ان کی کئی کتابیں منظر عام پر آچکی ہیں۔ ان کے مضامین معتبر رسائل وجرائد میں شائع ہوتے رہتے ہیں۔ ''میر کی شاعری: محور حزن ویاس'' کے عنوان سے موصوف لکھتے ہیں کہ اردو زبان وادب کے عظیم المرتبت شعرا کی صف میں میر تقی میر کا نام کافی اہمیت کا حامل ہے جسے ہر دور میں تسلیم کیا جارہا ہے۔ میر تقی میر ان شخصیتوں میں ایک تھے جو ہمہ تن شعر وشاعری میں ڈوبے ہوئے تھے۔ شاعری ان کی زندگی کا جز تھی۔ میر کی ذہانت اس بات کی دلیل ہے کہ ان کی حسیت کافی تیز تھی۔ ڈاکٹر شفیع الرحمن (شعبۂ اردو مٹیا برج کالج، کولکاتا) ''میر تقی میر: سماجی شعور اور عصری آگہی کا شاعر'' کے عنوان سے لکھتے ہیں کہ میر کا دل عوام وخواص کے لیے دھڑکتا ہے، کہنے کا مقصد یہ ہے کہ شاعر ہو یا ادیب وہ بھی اسی زمین، اسی سماج میں اپنی زندگی جیتا ہے۔ وہ بھی اپنی ضروریات زندگی اسی سماج یا معاشرے سے حاصل کرتا ہے۔ شعراء وادبا دوسروں کی بہ نسبت زیادہ حساس ہوتے ہیں۔ میر نے اپنی غزلوں میں زندگی اور آلام زندگی کو بڑے مؤثر انداز میں پیش کیا ہے۔ ڈاکٹر ارشد جمیل (لکچرر اردو ڈائٹ، مہاراج گنج، یوپی)، میر کی شاعری میں صوفیانہ عناصر تلاشنے کی کوشش کرتے ہیں اور لکھتے ہیں کہ میر کی شاعری کے فکری عناصر میں متصوفانہ رنگ خاص طور پر قابل ذکر ہے۔ ان کے باپ اور چچا صوفیانہ مزاج کے مالک تھے اور رات دن جذب ومستی کی کیفیات میں سرشار رہتے تھے۔ میر نے ان بزرگوں کی آنکھیں دیکھی تھیں۔ اس لئے ان کی غزلوں میں ایسے اشعار چمکتے ہوئے ملتے ہیں جو رنگ تصوف میں ڈوبے ہوئے ہیں۔ ڈاکٹر محمد شہنواز عالم (اسسٹنٹ پروفیسر، شعبۂ اردو اسلام پور کالج، اسلام پور، مغربی بنگال) میر کی غزلوں کی فکری معنویت پر روشنی ڈالتے ہوئے لکھتے ہیں کہ میر کے نظریۂ حیات اور فن میں ایک معیاری سنجیدگی اور ندرت ہے۔ ان کے اشعار وجد کرنے پر کم اور اپنی داخلیت کی تفہیم پر زیادہ زور دیتے ہیں۔ میر نے اپنی فرح ناکی کے باعث ایسی بہت سی باتیں کی ہیں جن کی بنا پر ہم ایک خوش مزاج انسان سے واقف ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ میر کو پڑھتے وقت ہمیں اکثر ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ان کی باتیں قول محال بن کر ذہن کو بصیرت عطا کرتی ہیں۔ ''میر کی غزل گوئی کی خصوصیات'' کے عنوان سے ڈاکٹر محمد الیاس انصاری لکھتے ہیں کہ میر تقی میر غزل کے بادشاہ تھے اور غزل جو اردو شاعری کی ابتدا اور آبرو بھی ہے اور انتہا بھی۔ اس لیے اگر میر کو بادشاہ سخن کہا جائے تو شاید مبالغہ نہ ہوگا کیوں کہ 18ویں صدی کے بحرانی دور میں جہاں نہ صرف ہندوستانی سیاست کی بساط الٹی بلکہ تہذیب کا رنگ بدل گیا اور نوع انساں کو خود نوع انساں کا شکاری بنادیا گیا۔ رسالہ ''فیضان ادب'' کے مدیر ڈاکٹر فیضان حیدر (استاد شعبۂ اردو وفارسی، سی۔ ایم کالج، دربھنگہ) میر تقی میر کی مرثیہ گوئی سے بحث کرتے ہوئے اپنی تحریر رقم کرتے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں کہ میر نے اپنے مرثیوں میں واقعہ کربلا کے تئیں اپنے درد وغم کے ساتھ امام حسین سے اپنی عقیدت کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے واقعہ کربلا کے کرداروں خصوصاً امام حسین کی بے کسی اور ان پر توڑے گئے ظلم وجبر وبربریت کے پہاڑ کا تذکرہ کیا ہے۔ ان کے اشعار میں جو غم والم کی کیفیت اور اثر انگیزی ہے وہ قابل لحاظ ہے۔ ''میر کی فارسی رباعیات میں اخلاقی وحکیمانہ افکار'' کے عنوان سے ڈاکٹر ناہید مرزا (استاد شعبۂ فارسی، ملت کالج، دربھنگہ) لکھتی ہیں کہ میر کے فارسی دیوان میں تقریباً 104 رباعیات ہیں۔ انہوں نے اردو کی مانند فارسی میں بھی کم وبیش تمام مضامین ادا کیے ہیں۔ عرفانی، اخلاقی، حکیمانہ، عشقیہ، فراق وہجر، سوز وگداز سب کو قلم بند کیا ہے۔ اور ہر موضوع کو بہترین انداز میں ادا کیا ہے۔ طفیل احمد مصباحی (شوبھن پور، کٹوریہ، بانکا، بہار) میر تقی میر کی منقبت نگاری کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ میر تقی میر نے منقبت بھی لکھا۔ ان کے منقبت کے بعض اشعار ایمان سوز ہوتے ہیں۔ ان کے والد محمد علی، شیخ کلیم اللہ اکبر آبادی کے مرید تھے۔ خود میر شروع سے اللہ والوں کی صحبت ورفاقت میں روز وشب گزارا کرتے اور ان کے آستانوں پر حاضری کو باعث سعادت سمجھتے تھے۔ تصوف ان کی خمیر میں شامل تھا۔ میر تقی میر کا تذکرہ ''نکات الشعراء'' اردو تذکرہ نویسی کی پہلی کڑی کہا جاسکتا ہے یعنی اب تک کے دستیاب شدہ تذکروں میں میر کے اسی تذکرے یعنی ''نکات الشعراء'' کو شرف اولیت حاصل ہے۔ یہ تذکرہ تاریخی، ادبی اور تنقیدی تینوں ہی اعتبار سے خصوصی توجہ اور اہمیت کا حامل قرار دیا جاتا رہا ہے۔ ''نکات الشعرا'' کی روشنی میں ڈاکٹر نیلوفر حفیظ (استاد شعبۂ عربی وفارسی، الہ آباد یونیورسٹی، پریاگ راج نے ایک عمدہ تاثر پیش کیا ہے۔ ''شہر لکھنؤ اور کلام میر: فارسی حوالوں سے'' کے عنوان سے ڈاکٹر زہرہ خاتون (اسسٹنٹ پروفیسر شعبۂ فارسی، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی) لکھتی ہیں کہ میر کی فارسی شاعری زبان وبیان، تخیل کی بلند پروازی، معنی آفرینی اور نازک خیالی کے اعتبار سے اپنا ایک خاص اسلوب رکھتی ہے۔ ان کی ہردل عزیزی اور عظمت کا راز یہ ہے کہ انہوں نے اپنے دل پر گزرنے والی باتوں کو بول چال کے سیدھے سادے انداز میں بیان کردیا، جس کو ہر قاری نے محسوس کیا گویا وہ اسی کا معاملہ ہو۔ علی اصغر (جواہر لعل نہرو یونیورسٹی، نئی دہلی)، ''دہلی: میر تقی میر کی فارسی شاعری میں'' کے عنوان سے لکھتے ہیں کہ دہلی کے حوالے سے میر نے نکات الشعرا، فیض میر اور ذکر میر میں اچھا خاص مواد اکٹھا کیا ہے۔ ان کتابوں میں زیادہ تر سماجی اور تاریخی نوعیت کے واقعات ہیں۔ دہلی میر کا پسندیدہ شہر ہے۔ وہ اگرچہ اکبر آباد میں پیدا ہوئے لیکن دہلی ان کی زندگی کا اہم حصہ بنی۔ پروفیسر ندیم احمد (شعبۂ اردو، کلکتہ یونیورسٹی، کولکاتا) ''میر، فاروقی اور شعر شور انگیز'' کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ شعریات کے ان اصولوں کو حاصل کرنے اور میر کے کلام کو اس روشنی میں جانچنے کی خواہش نے فاروقی صاحب سے وہ کتاب لکھوائی جس کا مفصل تجزیہ اس چھوٹے سے مضمون میں نہیں سما سکتا۔ پھر بھی اب تک کی گفتگو کی روشنی میں یہ بات وثوق سے کہی جاسکتی ہے کہ شعر شور انگیز ایک لازوال تنقیدی کارنامہ ہے اور اپنی اشاعت کے بعد تنقید میر کا واحد معیار بھی۔ ''اردو تذکروں میں میر شناسی کی روایت'' کے عنوان سے ڈاکٹر خالد رضا صدیقی (شعبۂ اردو، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ) لکھتے ہیں کہ میر تقی میر کے دواوین کے علاوہ نکات الشعرا اور ذکر میر، میر فہمی کے بنیادی حوالے ہیں۔ یہ اسلوب چاہے خودستائی یا تعلّی پر مبنی ہے تاہم تنقید و تحسین کے اعتبار سے قابل اعتنا ہے۔ ادبی تذکروں میں میر شناسی کے صرف ابتدائی نقوش پائے جاتے ہیں کیوں کہ یہ تذکرے ایک روایت کی صورت میں ہمارے سامنے آتے ہیں۔ ''میر شناسی کے ابتدائی نقوش'' کے عنوان سے ڈاکٹر منور حسین (اسسٹنٹ پروفیسر شعبۂ اردو، خواجہ معین الدین لنگویج یونیورسٹی، لکھنو) لکھتے ہیں کہ انسان اپنی شخصیت اور فن کا خود بھی نقاد ہوتا ہے۔ کسی انسان کی اپنے متعلق رائے کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ میر شناسی کی ابتدا بھی میر کی اپنی ذات سے شروع ہوتی ہے۔ انہوں نے اپنی شخصیت اور شاعری کے متعلق جو رائے دی ہے، اس سے اختلاف تو کیا جاسکتا ہے لیکن ان تنقیدی اشاروں کو بالکل نظر انداز کرنا ناممکن ہے۔ ان مضامین کے علاوہ خشونت سنگھ کے ناول ''دلی'' سے انتخاب وترجمہ شامل ہے۔ یہ ترجمہ ڈاکٹر ذاکر حسین (شانتی نگر، دسنت پشپا اسکول، ضلع دیوریا، یوپی) نے کیا ہے۔ ''میر تقی میر: ببلیوگرافی'' محمد عطاء اللہ (شعبۂ اردو، پٹنہ یونیورسٹی، پٹنہ) نے یکجا کی ہے۔ رسالہ کے آخر میں چند کتابوں مثلاً ''مٹھی بھر خطوط'' (میرے نام۔ ڈاکٹر شکیل احمد)، ''شاہ مقبول احمد کے فکری جہات'' (ڈاکٹر شفیع الرحمن) پر تبصرے شامل ہیں۔ اس ضخیم رسالہ ''فیضان ادب'' جو 600 صفحات پر مشتمل ہے کے تمام مضامین کا احاطہ کرنا ایک چھوٹے سے مضمون میں ممکن نہیں تھا۔ اس لئے یہاں چند مضامین سے بحث کی گئی ہے۔ اتنے عمدہ مضامین کو یکجا کرا کر اتنا ضخیم رسالہ ''میر تقی میر نمبر'' کے شکل میں شائع کرنے کے لئے ڈاکٹر فیضان حیدر کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

رابطہ: 9431414808

بیشک اللہ ہی سپر پاور ہے، ان اللہ علی کل شئی قدیر - میرا مطالعہ

(مولانا ڈاکٹر) ابوالکلام قاسمی شمسی

طاقت کے بل پر کسی کو ستانا، تکلیف دینا، کسی کے حق کو چھین لینا یا ناحق حق تلفی کرنا ظلم کہلاتا ہے، زمین اللہ کی ہے، اس پر اس کی تمام مخلوقات کا حق ہے، انسانیت کا تقاضہ ہے کہ اس پر اللہ کی ہر مخلوق رہے اور امن وشانتی کے ساتھ زندگی گزارے، نہ کوئی کسی کو ستائے، نہ کوئی کسی کو تکلیف دے اور نہ کوئی کسی کی حق تلفی کرے، اور نہ ہی کوئی کسی پر زیادتی کرے، عدل و انصاف کا یہی تقاضہ ہے، اللہ کو عدل وانصاف پسند ہے، یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے عدل وانصاف کا حکم دیا ہے اور ظلم سے منع کیا ہے، کسی کو ستانا اور تکلیف دینا ہی ظلم نہیں، بلکہ کفر اور شرک بھی ظلم ہے، کیونکہ یہ اللہ کی حق تلفی ہے، اللہ تعالیٰ نے شرک کو بڑا ظلم قرار دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: ان الشرک لظلم عظیم یعنی شرک بڑا ظلم ہے، چنانچہ جیسے لوگوں کو ستانے والے، ناحق حق تلفی کرنے والے ظالم ہیں، اسی طرح کفر اور شرک کرنے والے بھی ظالم شمار کئے گئے ہیں۔ ظلم اللہ کو پسند نہیں ہے، ظالم پر اللہ کی گرفت بہت سخت ہوتی ہے، ظالم لوگوں کو تنبیہ کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: ولا تحسبن اللہ غافلا عما یعمل الظالمون، انما یوخرہم لیوم تشخص فیہ الابصار (سورہ ابراہیم: 42) یعنی تم ہرگز یہ نہ سمجھو کہ اللہ اس سے بے خبر ہے جو ظالم لوگ کر رہے ہیں، اللہ تو صرف اس دن تک مہلت دے رہا ہے جس دن آنکھیں پھٹی رہ جائیں گی۔ اللہ تعالیٰ ظالموں کو آخرت میں تو عذاب میں مبتلا کرے گا ہی، وہ دنیا میں عذاب دینے میں جلدی نہیں کرتا ہے، بلکہ ڈھیل دیتا ہے، مگر جب معاملہ حد سے بڑھ جاتا ہے، تو پھر اللہ تعالیٰ ظالموں کو اپنی گرفت میں لے لیتا ہے، اس کی گرفت بہت سخت ہوتی ہے، اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: ان بطش ربک لشدید (سورہ نجم: 12) یعنی بیشک آپ کے رب کی پکڑ بہت سخت ہے، دنیا میں ظالموں کی پکڑ کے سلسلہ میں اللہ تعالیٰ نے دوسری آیت میں ارشاد فرمایا: وکذلک اخذ ربک اذا اخذ القری وہی ظالمۃ، ان اخذہ الیم شدید (سورہ ہود: 102) یعنی ایسے ہی ہوا کرتی ہے آپ کے رب کی پکڑ، جب وہ کسی بستی کو پکڑتا ہے جبکہ وہاں کے لوگ ظلم کرتے ہوں، بیشک اس کی پکڑ دردناک اور سخت ہوتی ہے، حضرت ابوموسی اشعری رض سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، بیشک اللہ تعالیٰ ظالم لوگوں کو ڈھیل دیتا رہتا ہے، اور جب اس کی پکڑ کرتا ہے تو پھر اسے مہلت نہیں دیتا، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی، وکذلک اخذ ربک اذا اخذ القری وھی ظالمۃ، ان اخذہ الیم شدید (ہود: 102) (بخاری، کتاب التفسیر) اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں ظالم قوموں کی نشاندھی تفصیل سے کی ہے، ان میں قوم نوح، قوم ابراہیم، قوم موسیٰ، قوم لوط، قوم ہود، قوم صالح وغیرہ قوموں کے واقعات بیان کئے گئے ہیں اور یہ بتایا گیا کہ یہ تمام قومیں اپنے اپنے وقت میں سپر پاور تھیں، مگر جب انہوں نے ظلم کا راستہ اختیار کیا، کفر وشرک اور سرکشی ونافرمانی کی تو اللہ نے ان کی طاقت کو نیست ونابود کردیا، اور اعلان کردیا کہ کائنات میں سپر پاور صرف اللہ ہے، اس کے مقابلہ میں کسی کی کوئی حیثیت نہیں۔ یہ صرف گزشتہ قوموں کے ساتھ خاص نہیں ہے، بلکہ ہر دور میں ایسے واقعات پیش آتے رہے ہیں، ایسے لوگ جو اپنی طاقتوں کا مظاہرہ کرتے ہیں، اور وہ سمجھتے ہیں کہ کوئی اس کے مقابلہ میں نہیں، ایسے لوگوں کے لئے ایسے واقعات تازیانہ عبرت ہیں، ان سے نصیحت حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔ موجودہ وقت میں امریکہ نے اپنی طاقت کا دعویٰ کیا، اور اپنی طاقت سے کمزور ممالک پر ظلم وستم شروع کیا، باطل طاقتوں کے ساتھ مل کر کمزور ممالک پر قبضہ کرنے کا منصوبہ بنایا، اور کمزور لوگوں پر ظلم وستم کا پہاڑ ڈھایا، اور ان کو نیست ونابود کرنے کا دعویٰ کیا، تو اللہ نے ان کے ظلم پر اپنی گرفت مضبوط کی، آگ کے عذاب میں مبتلا کردیا، آگ کو بھڑکانے کے لئے آندھی اور تیز ہوا کو مسلط کردیا، پھر برف باری بھی کردی، اس طرح ان کو ایسی پکڑ میں لیا کہ ان کی کوئی تدبیر کارگر نہیں ہو رہی ہے، تقریباً ایک ہفتہ سے آگ کے شعلے بھڑک رہے ہے، طوفانی ہوائیں چل رہی ہیں، برف باری ہو رہی ہے، آگ کو بجھانے کے لئے تمام کوششیں ناکام ہیں، آج اس سرزمین پر اللہ کے عذاب سے نجات کے لئے آذانیں دی جارہی ہیں، سپر پاور کہنے والے کے ملک میں اعلان ہو رہا ہے، لمن الملک الیوم، للہ الواحد القہار، آج ملک میں سپر پاور کون ہے؟ سپر پاور صرف اللہ ہے، ان اللہ علی کل شئی قدیر، بیشک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ امریکہ جو دنیا کا نہایت ہی ترقی یافتہ ملک ہے، وہاں کی حکومت بھی طاقت کے نشہ میں تھی اور اپنے آپ کو سپر پاور سمجھتی تھی اور وہاں کے لوگ بھی اپنے آپ کو سپر پاور ملک کے باشندہ سمجھتے تھے، اب وہ بھی اس کا اقرار کرنے پر مجبور ہو گئے کہ کیلیفورنیا اور لاس اینجلس میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ عذاب الٰہی ہے، عذاب کا یہ منظر صرف امریکہ کے لئے درس عبرت نہیں، بلکہ پوری دنیا کے لئے اس میں عبرت کا سامان ہے، اس میں عبرت حاصل کرنے والوں کے لئے نصیحت ہے۔ طاقت، مال ودولت اور خوشحالی پر اترانا یہ ایک عام شیوہ بنتا جا رہا ہے، آج امریکہ ہی نہیں، بلکہ بہت سے ممالک ہیں، جو پہلے مفلس ومحتاج تھے، کچھ برسوں پہلے اللہ نے ان کو اپنی نعمتوں سے نوازا، اب وہاں خوشحالی آگئی ہے، ایسے ملکوں کو اللہ کا شکر ادا کرنا چاہیے، مگر افسوس کی بات ہے کہ خبر کے مطابق وہ ممالک پھر سے کفر اور شرک میں مبتلا ہوتے جا رہے ہیں، ناچ گانے، رقص وسرود کو اختیار کر رہے ہیں، مقامات مقدسہ کی بے حرمتی کی جا رہی ہے، ان کو تفریح گاہ بنانے کی کوششیں کی جا رہی ہیں، حد تو یہ ہے کہ اب شراب وقمار کو بھی فروغ دینے کی خبر شائع ہو رہی ہے، ایسے ممالک کو عبرت حاصل کرنا چاہئے۔ اللہ کا ہمیشہ سے یہ طریقہ جاری ہے کہ وہ ظالم اور گمراہوں کے ظلم، سرکشی اور گناہوں پر یکایک گرفت نہیں کرتا ہے، بلکہ چھوٹے چھوٹے حادثات کے ذریعہ ان کو تنبیہ کرتا ہے، اور خبردار کر کے یہ سمجھاتا ہے کہ اس سے باز آجاؤ، اس طرح ڈھیل کا سلسلہ جاری رہتا ہے، مگر جب لوگ چھوٹے چھوٹے تنبیہات سے فائدہ حاصل کرنے اپنے ظلم اور گناہوں سے باز نہیں آتے ہیں، تو اللہ ان کو اپنی مضبوط گرفت میں لے لیتا ہے، پھر اس کو تباہ وبرباد کر کے رکھ دیتا ہے۔ ایسے ممالک میں سے کچھ عرب ممالک بھی ہیں، ان کی سرکشی پر چھوٹے چھوٹے تنبیہات کا سلسلہ جاری ہے، اکثر سمندری طوفان آکر پورے شہر کو اپنی لپیٹ میں لے لیتا ہے، کبھی آسمانی بارش سے تباہی وبربادی آجاتی ہے، افسوس کی بات ہے کہ وہاں کوئی مجبوری نہیں، پھر بھی دینی حمیت میں کمزوری دیکھنے میں آرہی ہے، جبکہ انہیں اپنی وراثت کو مضبوطی سے تھامے رہنے کی ضرورت ہے، اللہ تعالیٰ نے انہیں عظیم ورثہ کا امین بنایا ہے، ان کا تحفظ بالخصوص ان کی بڑی ذمہ داری ہے، اللہ کی نعمتوں کی نافرمانیوں اور سرکشی کی وجہ سے ماضی میں جن قوموں کو اللہ تعالیٰ نے اپنی گرفت میں لیا، وہ سبھی علاقے ان سے قرب وجوار میں ہیں، اللہ تعالیٰ نے ان کو مخاطب کر کے بار بار کہا ہے کہ کیا یہ لوگ ان علاقوں اور کھنڈرات کو نہیں دیکھتے کہ ان کی سرکشی کی وجہ ان کو کیسے تباہ وبرباد کردیا گیا، موجودہ لوگوں کے لئے بھی وہ مقامات درس عبرت ہیں، اللہ سپر پاور ہے، اس سے ڈرنے کی ضرورت ہے، ورنہ اللہ کی گرفت بہت مضبوط ہے، اللہ کا ارشاد ہے، ان اللہ علی شئی قدیر، نیز ان بطش ربک لشدید، اللہ تعالیٰ حفاظت فرمائے۔

رابطہ: 9835059987

خورشید پرویز کے قلمی جہاد کو دنیا فراموش نہیں کرسکتی

محمد غوث ابن رشید، رانچی

اردو صحافت کی دنیا کا عدل گشتر اور شہرآفاق صحافی خورشید پرویز صدیقی کی موت سے صحافتی دنیا کے ایک عہد کا خاتمہ ہوگیا۔ خورشید پرویز کے قلم کی خرمن سوزیوں سے باطل کے آشیانوں میں شعلے بھڑک اٹھتے تھے۔ ظلم واستبداد کے علمبرداروں کے سر ان کے قلم کی جنبش سے سرنگوں ہوجاتے تھے۔ ان کی صحافتی علم کی کثیرالجہت اور متنوع صورتیں تھیں۔ اردو علم وادب پر بھی اللہ نے بصیرت اور گہرائی وگیرائی عطا کی تھی۔ برصغیر ہند وپاک کی اردو ادب اور یورپ وعالمی ادب پر انہیں مکمل دسترس حاصل تھا۔ یورپی ادب وشاعری، تاریخ اور دیگر علوم کی ابتدا، ارتقائی ادوار ان کے عظیم فنکار وامام اور شہرت یافتہ قلمکاروں کی پوری فہرست ان کے یادداشت اور ذہن میں محفوظ تھے۔ اسلامی تاریخ تو ان کے رگ وپے میں خون کے قطرے کی طرح گردش کرتے رہتے تھے۔ اسلامی تاریخ کی بیش وبہا علوم، سائنسی ایجادات اور مسلم حکمرانی کے نشیب وفراز، عروج وزوال کی حقیقی وبنیادی نکات بھی ان کے صحافت کی صفحوں میں بکھرے نظر آتے ہیں۔



خورشید پرویز کو پیارے رسول عربی حضرت محمد ﷺ سے والہانہ محبت وعقیدت تھی۔ جس کا اظہار اور مظہر ان کی تصنیف کردہ معرکۃ الارا کتاب ''بعد از خدا بزرگ توئی'' میں نظر آتا ہے۔ جس کی اشاعت گزشتہ 2024 کے ''شذرات'' کالم میں ہوئی۔ دیگر اہم موضوعات کی جانب اجمالی نظر ڈالیں تو یہ حقیقت اظہر من الشمس نظر آتا ہے کہ انتہا پسندوں کی قومی آہنگی اور قومی یکجہتی کو ڈائنامیٹ کر کے مسلسل تشدد کے ذریعہ امت مسلمہ کو خوف زدہ کرنے کی کوشش کو خورشید پرویز کے قلمی جہاد نے مسلمانوں کو حوصلہ اور ہمت عطا کی۔ ان کا قلمی میزانِ عدل ہمیشہ فرقہ پرستی کی ننگی جارحیت سے بر سر پیکار رہا۔ انہوں نے کبھی بھی اپنے قلم کا سودا نہیں کیا۔ صحافتی زندگی کی 60 سالہ طویل مدت میں بہت سے نشیب وفراز کے ایام گذارے اور پُرخطر وجان لیوا حادثات کا صبر وتحمل سے سامنا کیا۔ الغرض ان کی پوری صحافتی زندگی سخت آزمائش اور درد وآلام میں گذرا لیکن ان کے پائے استقلال میں نعرش نہیں آئی۔ حقیقی معنوں میں ملک کے پہلے اردو صحافی شہید وطن مولوی باقر علی، نیاز فتحپوری اور مولانا محمد علی جوہر کے صحافتی کردار کی ایک جھلک خورشید پرویز صدیقی کی صحافت میں دکھائی پڑتی ہے۔ اللہ ان کی حق گوئی اور مظلوموں کے حق میں ان کے قلمی جہاد کو قبول فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے۔ آمین

عالمی یونانی میڈیسن ڈے تقریب کی تیاریاں زوروں پر

ہمیں نیک نیتی سے کام کرنا چاہئے تبھی ہم اپنا مقصد حاصل کر سکتے ہیں: ڈاکٹر سید احمد خاں

نئی دہلی، 14 جنوری (یواین آئی) مسیح الملک حکیم اجمل خاں کا یوم پیدائش 12 فروری کو ہر سال عالمی یونانی میڈیسن ڈے کے طور پر منایا جاتا ہے۔اس کی مناسبت سے ہر سال آل انڈیا یونانی طبی کانگریس کی جانب سے ایک پروقار تقریب منعقد کی جاتی ہے۔ سالہائے گزشتہ کی طرح اس سال بھی تنظیم کی جانب سے 12 فروری 2025 کو کانسٹی ٹیوشن کلب نئی دہلی میں تقریب منعقد ہونی ہے جس کی تیاریاں زور و شور سے چل رہی ہیں۔اسی سلسلہ میں آج دریا گنج میں آل انڈیا یونانی طبی کانگریس فارمیسی ونگ کی جانب سے جائزہ میٹنگ کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت ونگ کے قومی صدر حکیم ارباب الدین (ایم ڈی صدر دواخانہ اور صدر لیبارٹریز) نے کی۔میٹنگ کا آغاز طبی کانگریس فارمیسی ونگ کے قومی جنرل سکریٹری ڈاکٹر عزیر بقائی کی تلاوت قرآن کریم سے ہوا جبکہ نظامت کے فرائض ڈاکٹر شکیل احمد نے انجام دئے۔تقریب کی تیاریوں پر روشنی ڈالتے ہوئے حکیم نعیم رضا نے کہا کہ مسیح الملک حافظ حکیم اجمل خان نہ صرف ایک ماہر طبیب تھے بلکہ ایک بلند پایہ سیاسی رہنما، مجاہد آزادی، ماہر تعلیم اور منکسر مزاج شخصیت کے مالک تھے۔حکیم اجمل خاں کے مقصد کو آگے بڑھاتے ہوئے طبی کانگریس کا ایک ایک رکن اپنی ذمہ داری بحسن وخوبی انجام دے رہا ہے اور 12 فروری کو ہونے والے پروگرام کی تیاریاں تقریبا مکمل ہو چکی ہیں۔تاہم جو کمی رہ گئیں ہیں ان کو پورا کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تقریب میں ملک بھر کے مشہور حکیم، اپنے اپنے تجربات اور یونانی ادویات کے فوائد لوگوں تک پہنچانے کیلئے حاضرین کے سامنے پیش کریں گے تا کہ اس پیتھی سے ہر کس و ناکس فائدہ اٹھا سکے۔ اس موقع پر طبی کانگریس کے سکریٹری جنرل ڈاکٹر سید احمد خاں نے کہا کہ کوئی بھی تنظیم ترتیب وار کام کرنے کے مقصد سے تشکیل دی جاتی ہے اور سبھی لوگوں کو کام بانٹا جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہمیں نیک نیتی سے کام کرنا چاہئے تبھی ہم اپنا مقصد حاصل کر سکتے ہیں۔ڈاکٹر سید احمد خاں نے کہا مجھے امید ہے کہ عالمی یونانی میڈیسن ڈے کو کامیاب بنانے کیلئے آج جن لوگوں کو جو بھی ذمہ داری دی گئی ہے وہ ہمیشہ کی طرح اس بار بھی اچھے ڈھنگ سے ادا کریں گے۔ انہوں نے مثال دیتے ہوئے کہا کہ تنظیم کے سبھی لوگوں کی محنت کی بدولت بڑے پیمانے پر تسلسل کے ساتھ مفت یونانی میڈیکل کیمپ منعقد کر پائے ہیں اور یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ اس موقع پر یونانی کی خدمات کے اعتراف میں حکیم ایس پی بھٹنا گر کو مومنٹو اور سرٹیفکیٹ دے کر اعزاز سے نوازا گیا۔ایس پی بھٹنا گر نے کہا کہ طب یونانی نے ہر دور میں لوگوں کو فائدہ پہنچانے کا کام کیا ہے لیکن موجودہ دور میں حکومت کو جس رفتار سے یونانی کو فروغ دینے کیلئے کام کرنا چاہئے تھا وہ نہیں ہو پارہا ہے، جس کے لئے آل انڈیا یونانی طبی کانگریس کے سبھی ساتھی مل کر بالخصوص ڈاکٹر سید احمد خاں وقتاً فوقتاً حکومت کو یونانی کے مسائل کی طرف توجہ دلاتے رہتے ہیں اور خوشی کی بات ہے کہ اس کا حل بھی نکلتا ہے۔میٹنگ میں اپنی بات رکھتے ہوئے حکیم ارباب الدین نے کہا کہ 12 فروری کو ہونے والی تقریب کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا ہے جس کیلئے میں ڈاکٹر عزیر بقائی اور سبھی ساتھیوں کا شکریہ ادا کرتا ہو کہ وہ ہر کام مشورے کے مطابق کرتے ہیں۔میٹنگ کا اختتام ڈاکٹر حکیم عزیر بقائی کے اظہار تشکر سے ہوا۔اہم شرکا میں حکیم ارباب الدین، حکیم سید احمد خاں، ڈاکٹر شکیل احمد، ڈاکٹر عزیر بقائی، ڈاکٹر احسان احمد صدیقی، ڈاکٹر غیاث الدین صدیقی، ڈاکٹر ارشد غیاث، ڈاکٹر مرزا آصف بیگ، ڈاکٹر اطہر محمود، ڈاکٹر فہیم ملک، حکیم ایس پی بھٹنا گر، حکیم محمد مرتضی دہلوی، حکیم آفتاب عالم، محمد نوشاد (اولیا) کے نام قابل ذکر ہیں۔

جالندھر میں پولیس اور لارنس بشنوئی گینگ کے درمیان تصادم، دو گرفتار، ایک فرار

جالندھر 15 جنوری: پنجاب کے جالندھر میں بدھ کی صبح وڈالا چوک پر سی ا?ئی اے اسٹاف اور لارنس بشنوئی گینگ کے درمیان زبردست تصادم ہوا۔کار پر سوار گولڈی براڑ کے بدمعاش پولیس کو دیکھ کر بھاگنے لگے تو پولیس نے ملزمان کا پیچھا کرنا شروع کر دیا۔ پولیس کو پیچھے لگے دیکھ کر بدمعاش تابڑتوڑ فائرنگ کرنے لگے۔اس کے بعد جوابی کارروائی کرتے ہوئے پولیس نے بھی کئی راو?نڈ فائرنگ کی۔بتایا جاتا ہے کہ دونوں طرف سے تقریباً 15 راو?نڈ گولیاں چلیں۔ دو گولیاں ایک بدمعاش کے ٹانگ پر لگی۔ پولیس نے دو بدمعاشوں کو گرفتار کرلیا ہے جبکہ تیسرا فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔ گرفتار ملزمان کی پہچان بلراج رہائش کپور تھلہ، پون رہائش جنڈوسنگھا کے طور پر ہوئی ہے۔ پولیس نے ملزمان کے پاس سے 4 غیر قانونی اسلحہ بھی برا?مد کیے ہیں۔ذرائع کے مطابق سی ا?ئی اے ٹیم کو بدمعاشوں کی موجودگی کی پختہ اطلاع ملی تھی۔موگا سے جالندھر کی طرف سے ا? رہے بدمعاشوں کو ایک ا?ئی-20 کار میں دیکھا گیا۔ پولیس نے 4 کلومیٹر تک ان کا پیچھا کیا۔ وڈالا چوک پر بدمعاشوں نے چھپ کر تابڑتوڑ فائرنگ کی جس کے بعد جوابی کارروائی کرتے ہوئے پولیس نے بدمعاشوں کو پکڑتے ہوئے بڑی کامیابی حاصل کی۔ڈی جی پی گورو یادو نے اس کارروائی کو جرائم کے بڑے نیٹ ورک پر سخت چوٹ بتایا ہے۔ پولیس کمشنر سوپن شرما نے کہا کہ بدمعاشوں کو پکڑنے میں قریب 2 گھنٹے لگے۔گرفتار ملزمان بلراج اور پون دونوں پر قتل اور تاوان سمیت کئی سنگین معاملے درج ہیں۔گرفتار بدمعاش میں سے ایک 10 مہینے اور دوسرا 6 مہینے پہلے جیل سے باہر ا?یا تھا۔ پولیس اب فرار بدمعاش کی تلاش میں لگ گئی ہے۔

دہلی-این سی آر سمیت کئی ریاستوں میں ٹھنڈ کا قہر جاری، گھنے کہرے سے آمد و رفت متاثر

نئی دہلی 15 جنوری: ملک کی کئی ریاستوں میں شدید ٹھنڈ سے عام زندگی درہم برہم ہوگئی ہے۔ ہماچل پردیش، اتراکھنڈ اور جموں و کشمیر میں مسلسل برفباری سے شمالی ہند میں سرد لہر کا دور جاری ہے۔جبکہ دہلی-این سی ا?ر میں بھی شدید ٹھنڈ اور کہرے کی مار سے لوگ پریشان ہیں۔گھنے کہرے کی وجہ سے یہاں سڑکوں سے لے کر ریل اور فضائی خدمات پر بُری طرح اثر پڑا ہے۔ راجدھانی میں بدھ کی صبح شدید کہرا ہونے سے حد نگاہ کافی کم ہوگئی ہے۔اس سے سڑکوں پر گاڑیاں کچھوے کی رفتار سے چلتی ہوئی نظر ا? رہی ہیں۔ وہیں لمبی دوری سے دہلی ا?نے والی درجنوں ٹرینیں کئی گھنٹوں کی تاخیر سے چل رہی ہیں۔دہلی سے لگے گروگرام میں بھی گھنا کہرا چھایا ہوا ہے۔ اس کی وجہ سے حد نگاہ 10 میٹر سے بھی کم درج کیا گیا۔سڑکوں پر صاف دکھائی نہیں دینے کی وجہ سے گاڑی ڈرائیوروں کو کافی پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ یہاں کم سے کم درجہ حرارت 7 ڈگری سیلسیس کے قریب ریکارڈ ہوا۔پارہ گرنے سے ٹھٹھرن میں مزید اضافہ ہوگیا ہے۔حالانکہ منگل کی دوپہر کو دھوپ نکلی تھی، جس سے کپکپی سے کچھ راحت ملی تھی۔ بدھ کو کہرا چھانے سے دھوپ نکلنے کے امکانات کم ہیں۔ ہوا بھی نہیں چل رہی ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق ا?ج ا?سمان پر بادل چھائے رہیں گے۔شام یا رات کے وقت ہلکی بارش بھی ہوسکتی ہے۔زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 19 ڈگری سیلسیس اور کم سے کم 9 ڈگری سیلسیس تک رہ سکتا ہے۔وہیں کہرے کی وجہ سے ا?لودگی کی سطح میں بھی اضافہ ہوگیا ہے۔صبح ساڑھے نو بجے دہلی کا اے کیوا?ئی 356 یعنی انتہائی خراب زمرے میں درج کیا گیا۔ایسے میں گریپ-3 بھی پھر سے نافذ ہونے کے ا?ثار بن گئے ہیں۔

سونیا گاندھی کے ہاتھوں کانگریس کے نئے دفتر کا افتتاح کھڑگے، راہل گاندھی سمیت دیگر رہنما موجود

نئی دہلی 15 جنوری: کانگریس پارلیمانی پارٹی کی سربراہ سونیا گاندھی کانگریس نے آج پارٹی کے نئے مرکزی دفتر کا افتتاح کر دیا۔افتتاحی تقریب صبح 10 بجے کے بعد شروع ہوئی، جس میں پارٹی کے اہم رہنما بشمول کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے، لوک سبھا میں اپوزیشن رہنما راہل گاندھی اور دیگر 400 سے زائد رہنما موجود تھے۔اس موقع پر پہلے سونیا گاندھی اور ملکارجن کھڑگے نے مشترکہ طور پر فیتہ کاٹ کر نئے دفتر کا افتتاح کیا اس کے بعد انہوں نے راہل گاندھی کے ہمراہ شمع روشن کی۔نیا دفتر 'اندرا گاندھی بھون' کے نام سے جانا جائے گا اور یہ 9 اے، کوٹلہ روڈ، نئی دہلی میں واقع ہے۔کانگریس کا نیا دفتر بی جے پی کے مرکزی دفتر سے تقریباً 500 میٹر دور ہے۔اس دفتر کی بنیاد 2009 میں سابق وزیر اعظم منموہن سنگھ اور سونیا گاندھی نے رکھی تھی اور اب 15 سال بعد یہ مکمل ہو کر تیار ہو چکا ہے۔افتتاحی تقریب میں کانگریس ورکنگ کمیٹی (سی ڈبلیوسی) کے اراکین، ای اے آئی سی سی کے اراکین، مرکزی وزرا، سابق وزرائے اعلیٰ، اور دیگر سینئر رہنما بھی موجود تھے۔کانگریس کے مطابق، نیا دفتر پارٹی کی بڑھتی ہوئی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے، جس میں انتظامی، تنظیمی اور اسٹریٹجک سرگرمیوں کو سپورٹ کرنے کے لیے جدید سہولتیں فراہم کی گئی ہیں۔کانگریس کی جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی نے دفتر کے ڈیزائن، رنگ و روغن، تصویریں اور فرنیچر کے انتخاب میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ابتدا میں انتظامی دفاتر، اکاؤنٹنگ اور دیگر شعبے نئے دفتر میں منتقل ہو چکے ہیں اور بعد میں خواتین کانگریس، یوتھ کانگریس اور این ایس یو آئی کے دفاتر بھی یہاں منتقل ہونے کی توقع ہے۔اس موقع پر کانگریس کے ایکس ہینڈل پر اندرا بھون کی ویڈیو پوسٹ کر کے لکھا گیا، "جمہوریت، قوم پرستی، سیکولرازم، جامع ترقی اور سماجی انصاف کی بنیاد پر تعمیر کانگریس کا نیا دفتر۔کانگریس کے 140 سال پرانے شاندار تاریخ کو اپنے اندر سموئے ہوئے، یہاں کی دیواریں سچائی، عدم تشدد، قربانی، جدوجہد اور وطن پرستی کی عظیم داستانیں بیان کر رہی ہیں۔کانگریس ایک نئی توانائی، نئے عزم اور نئے اعتماد کے ساتھ ہندوستان کے روشن مستقبل کو تشکیل دینے، عوام کی شراکت داری کو یقینی بنانے اور انصاف کے پرچم کو بلند کرنے کے لیے تیار ہے۔"

ملک کی خوشحالی کانگریس کی سوچ میں ہے آر ایس ایس کے نظریے میں نہیں: کھڑگے راہل

نئی دہلی، 15 جنوری (یواین آئی) کانگریس کے صدر ملکارجن کھڑگے اور پارٹی کے سابق صدر راہل گاندھی نے کانگریس کے نئے ہیڈکوارٹر کو سیکولرازم، جمہوریت اور سماجی انصاف کی بنیاد پر قائم پائیدار جامع ترقی کی علامت قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ عمارت ہماری اقدار کی عکاسی کرتی ہے۔ مسٹر کھڑگے اور مسٹر گاندھی نے آج کانگریس کے نئے ہیڈکوارٹر کی عمارت کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے راشٹریہ سویم سیوک سنگھ (آر ایس ایس) پر حملہ کرتے ہوئے کہا کہ اس تنظیم کے سربراہ موہن بھاگوت کے بیانات جمہوریت مخالف اور آئین کے مخالف ہیں۔لیکن وہ یہ جانتے ہیں کہ اس ملک کی بنیاد ہم آہنگی، امن اور اتحاد پر ہے اور وہ اس نظریے کا علمبردار ہے جو مہاتما بدھ، گرونانک اور بھگوان کرشن نے پیش کیا تھا۔مسٹر کھڑگے نے کہا" کانگریس پارٹی کا نیا ہیڈکوارٹر اندرا بھون جمہوریت، قوم پرستی، سیکولرازم، جامع ترقی اور سماجی انصاف کی بنیاد پر بنایا گیا ہے۔ کانگریس کی 140 سالہ شاندار تاریخ کی علامت، یہاں کی دیواریں سچائی، عدم تشدد، ایثار و قربانی، جدوجہد اور حب الوطنی کی عظیم داستان بیان کرتی ہیں۔ "مسٹر راہل گاندھی نے کہا" ہم اپنے نئے ہیڈکوارٹر کا افتتاح ایک بہت اہم وقت پر کر رہے ہیں۔ یہ بہت علامتی ہے۔ یہ عمارت کوئی عام عمارت نہیں ہے۔ یہ ہمارے ملک کی مٹی سے نکلا ہے اور لاکھوں لوگوں کی محنت اور قربانیوں کا نتیجہ ہے۔کانگریس پارٹی ہمیشہ مخصوص اقدار کے لیے کھڑی رہی ہے اور ہم ان اقدار کو اس عمارت میں جھلکتے دیکھ سکتے ہیں۔ ہمارا آئین تحریک آزادی کی جدوجہد کا ثمر تھا۔مسٹر گاندھی نے کہا" یہ عمارت ہمارے کارکنوں کے خون سے اور ہمارے ہر لیڈر کے خون سے بنی ہے۔اس میں آپ سب شامل ہیں جو کانگریس پارٹی کے نظریات کا دفاع کر رہے ہیں۔ یہاں کانگریس کے نظریات کا دفاع کرتے ہوئے سب کو سنگین حملے کا سامنا ہے لیکن یہ لوگ بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) اور آر ایس ایس کے سامنے ہتھیار نہیں ڈال رہے ہیں۔ کانگریس کے نظریہ پر یقین رکھنے والے لوگ ڈرنے والے نہیں ہیں۔ اسی طرح یہ عمارت ہمارے ملک کی مٹی سے ہمارے لیڈروں اور ہمارے کارکنوں کے خون سے نکلی ہے۔اس عمارت کے پیچھے کا نظریہ بھی ہمارے ملک کے کونے کونے تک پہنچنا چاہیے۔اس عمارت کے اندر موجود نظریات ہمارے ملک کے کونے کونے تمل ناڈو، کشمیر، شمال مشرق، گجرات، انڈمان نکوبار اور لکشدیپ وغیرہ تک پہنچ گئے۔ اس عمارت سے نکلنے والے اس نظریے کو ہمارے ملک کے کونے کونے میں پھیلایا جانا چاہیے۔آر ایس ایس پر حملہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا[؟] آر ایس ایس کے سربراہ موہن بھاگوت نے کل کہا تھا کہ ہندوستان کو حقیقی آزادی 1947 میں نہیں ملی تھی، بلکہ رام مندر کی تعمیر کے وقت ملی تھی۔انہوں نے کہا تھا کہ آئین ہماری آزادی کی علامت نہیں ہے۔ ہمارا نظریہ آر ایس ایس کے نظریے کی طرح کل نہیں آیا بلکہ ہزاروں سال پرانا ہے اور تب سے آر ایس ایس کے نظریے سے لڑ رہا ہے، ہماری اپنی علامتیں ہیں۔ ہمارے پاس شیو ہیں، ہمارے پاس بدھ ہیں، ہمارے پاس گرونانک ہیں، ہمارے پاس کبیر ہیں اور ہمارے پاس مہاتما گاندھی ہیں۔ یہ سب وہ علامتیں ہیں جنہوں نے ملک کو صحیح راستہ دکھایا ہے۔سوال یہ ہے کہ کیا گرونانک، بدھا، بھگوان کرشن آر ایس ایس کے نظریے سے تعلق رکھتے تھے؟ ان میں سے ایک بھی نہیں کیونکہ ان میں سے ہر ایک نے برابری اور بھائی چارے کے لیے لڑائی لڑی ہے۔"

کانگریس کے نئے ہیڈکوارٹر میں موجود لائبریری کو ڈاکٹر منموہن سنگھ سے منسوب کرنے کا اعلان

نئی دہلی 15 جنوری: کانگریس کا ہیڈکوارٹر '24، اکبر روڈ' سے '9 اے، کوٹلہ روڈ' منتقل ہو چکا ہے۔ نئے ہیڈکوارٹر کو 'اندرا بھون' نام دیا گیا ہے، اور خاص بات یہ ہے کہ اس ہیڈکوارٹر میں موجود لائبریری کو سابق وزیر اعظم آنجہانی ڈاکٹر منموہن سنگھ سے منسوب کیا گیا ہے۔اس سلسلے میں کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے ہیڈکوارٹر کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے دی۔ ساتھ ہی انھوں نے یہ بھی بتایا کہ لائبریری کا نام ڈاکٹر منموہن سنگھ کے نام پر رکھنے کو سونیا گاندھی نے بہت مناسب قرار دیا۔اپنی تقریر کے دوران ملکارجن کھڑگے نے کہا کہ "میں ڈاکٹر منموہن سنگھ جی کے تاریخی تعاون کو یاد کرتے ہوئے انھیں خراج عقیدت پیش کرتا ہوں۔اس کے ساتھ ہی یہ اعلان کرتا ہوں کہ اس ہیڈکوارٹر کی لائبریری کا نام 'ڈاکٹر منموہن سنگھ لائبریری' ہوگا۔" اپنی تقریر میں وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ "ہم نے بہت بڑی لائبریری بنائی ہے۔اس لائبریری کا نام ڈاکٹر منموہن سنگھ کے نام پر رکھنا ہے۔ میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اس میں سب کا اتفاق شامل ہے۔" کانگریس صدر کھڑگے نے لائبریری کا نام ڈاکٹر منموہن سنگھ کے نام رکھنے میں سونیا گاندھی کی رضامندی بھی ظاہر کی۔انھوں نے کہا کہ "ہماری لیڈر سونیا گاندھی جی نے کہا کہ ایسا کرنا (لائبریری کا نام ڈاکٹر منموہن سنگھ کے نام پر رکھنا) ٹھیک ہوگا۔ایسا اس لیے کیونکہ جو لوگ ہم سے جڑے رہے ہیں ان کا احترام ہم ہمیشہ کرتے رہے ہیں اور ا?ج بھی کریں گے۔" ساتھ ہی کھڑگے کہتے ہیں کہ "ڈاکٹر منموہن سنگھ جی کے جانے کے بعد ان کی اہمیت سبھی سمجھ رہے ہیں۔ڈاکٹر منموہن نے ایک بار کہا تھا کہ ان کے ذریعہ کیے گئے کاموں کو ان کے جانے کے بعد لوگ یاد کریں گے، اور ا?ج ایسا ہی دیکھنے کو مل رہا ہے۔" قابل ذکر ہے کہ ڈاکٹر منموہن سنگھ کو کتابوں سے بہت محبت تھی۔اسی لیے کانگریس کے نئے ہیڈکوارٹر میں موجود لائبریری کا نام ان کے نام سے منسوب کیے جانے کو بہت اہم تصور کیا جا رہا ہے۔ڈاکٹر منموہن سنگھ خود بھی اپنے گھر میں لائبریری رکھتے تھے جس میں سینکڑوں کتابیں موجود تھیں۔ایک بار تو انھوں نے اپنی ذاتی لائبریری سے 3500 کتابیں ایک ادارہ کو عطیہ کی تھیں۔

بہار میں مکر سنکرانتی کے موقع پر سیاسی سرگرمیاں تیز، پشوپتی پارس نے لالو کو دی چوڑا-دہی کی دعوت

بہار 15 جنوری: مکر سنکرانتی کے ساتھ ہی بہار میں سیاسی سرگرمیاں تیز ہوگئی ہیں۔تہوار کے موقع پر پٹنہ میں کئی سیاسی پارٹیوں کی طرف سے چوڑا-دہی بھوج کا اہتمام کیا گیا جس میں مختلف پارٹیوں کے رہنماؤں نے شرکت بھی کی۔ اس دوران سیاسی ماحول کو دیکھتے ہوئے لوگوں میں قیاس آرائیوں کا بازار گرم رہا۔حالانکہ رہنماو?ں کی طرف سے کہا جا رہا ہے کہ یہ کوئی سیاسی ملاقات نہیں ہے بلکہ اس کا مقصد صرف تہوار کے موقع پر اہتمام کیے جانے والے بھوج میں شرکت کرنا ہے جو کئی برسوں سے چلا ا? رہا ہے۔اس سلسلے میں راشٹریہ لوک جن شکتی پارٹی (آر ایل جے پی) کے صدر اور سابق مرکزی وزیر پشوپتی کمار پارس بھی بدھ کو پٹنہ کے کوٹلیہ نگر میں دہی-چوڑا بھوج کا اہتمام کر رہے ہیں۔انہوں نے اس دعوت میں شرکت کے لیے آر جے ڈی کے قومی صدر لالو پرساد یادو کو دعوت دی ہے۔پشوپتی پارس نے منگل کو رات 9 بجے ان کی رہائش پر جا کر لالو پرساد، سابق وزیر اعلیٰ رابڑی دیوی اور حزب اختلاف کے رہنما تیجسوی پرساد یادو سے ملاقات کی اور بھوج میں ا?نے کے لیے مدعو کیا۔ا?ر ایل جے پی کے قومی ترجمان شرون کمار اگروال نے اس سلسلے میں جانکاری فراہم کی۔اطلاع کے مطابق ا?ر ایل جے پی سربراہ پشوپتی پارس اپنے بیٹے اور بھتیجے پرنس کے ساتھ لالو پرساد سے ملاقات کرنے کے لیے ان کی رہائش پر پہنچے۔مکر سنکرانتی کے موقع پر ہوئی اس ملاقات کا اہم مقصد لالو کو پارس کی طرف سے منعقد دہی-چوڑا بھوج کے لیے مدعو کرنا تھا۔حالانکہ کچھ لوگوں کے ذریعہ اس کے سیاسی معنی بھی نکالے جا رہے ہیں۔واضح ہو کہ مکر سنکرانتی 14 جنوری کو تھی لیکن کچھ لوگ اسے 15 جنوری کو بھی منا رہے ہیں۔اس لیے پارس نے 15 جنوری کو اس بھوج کا اہتمام کیا ہے۔

دہلی شراب پالیسی معاملہ: اروند کیجریوال پر چلے گا منی لانڈرنگ کا مقدمہ، وزارت داخلہ کی ای ڈی کو منظوری

نئی دہلی 15 جنوری: دہلی شراب پالیسی معاملہ کے سلسلے میں وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال کے خلاف منی لانڈرنگ کے مقدمے کی راہ ہموار ہوگئی ہے۔ مرکزی وزارت داخلہ نے انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ (ای ڈی) کو کیجریوال کے خلاف مقدمہ چلانے کی اجازت دے دی ہے۔ یہ فیصلہ دہلی کے لیفٹیننٹ گورنر (ایل جی) ونے کمار سکسینہ کی جانب سے گزشتہ برس دی گئی منظوری کے بعد سامنے آیا ہے۔ای ڈی نے دسمبر 2024 میں لیفٹیننٹ گورنر کو ایک خط لکھ کر کہا تھا کہ کیجریوال دہلی شراب پالیسی گھوٹالے میں 'کنگ پن' اور اہم سازشی ہیں، لہٰذا ان کے خلاف کارروائی کی اجازت دی جانی چاہیے۔یہ پیش رفت اس وقت ہوئی جب نومبر 2023 میں سپریم کورٹ نے اپنے فیصلے میں کہا تھا کہ ای ڈی کو کسی بھی سرکاری ملازم کے خلاف مقدمہ چلانے سے قبل مجاز اتھارٹی کی اجازت درکار ہوگی۔اروند کیجریوال نے اس معاملے میں دہلی ہائی کورٹ میں ایک درخواست دائر کرتے ہوئے ای ڈی کی چارج شیٹ کو چیلنج کیا تھا۔ان کا موقف تھا کہ ای ڈی نے قانونی تقاضے پورے کیے بغیر مقدمہ درج کیا ہے اور یہ کہ مجاز اتھارٹی سے پیشگی اجازت نہیں لی گئی۔ان کا کہنا تھا کہ یہ عمل غیر قانونی اور آئینی اصولوں کے خلاف ہے۔دہلی شراب پالیسی کا تنازع گزشتہ دو سالوں سے سیاسی اور قانونی حلقوں میں زیر بحث ہے۔اس پالیسی کو ابتدا میں شراب کی فروخت کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے متعارف کرایا گیا تھا لیکن بعد میں الزام لگایا گیا کہ اس میں بے ضابطگیاں ہوئیں اور سرکاری خزانے کو بھاری نقصان پہنچا۔اس معاملے میں نائب وزیر اعلیٰ منیش سسودیا کو بھی گرفتار کیا گیا تھا۔ای ڈی نے اس مقدمے میں دعویٰ کیا ہے کہ پالیسی میں تبدیلیاں کرنے کے پیچھے ایک منظم سازش تھی، جس میں مبینہ طور پر کیجریوال اور ان کے قریبی ساتھی شامل تھے۔انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے پالیسی کے نفاذ کو غیر شفاف قرار دیتے ہوئے مالی بدعنوانیوں کا الزام لگایا ہے۔اب وزارت داخلہ کی جانب سے مقدمہ چلانے کی منظوری کے بعد یہ دیکھنا ہوگا کہ قانونی کارروائی کس سمت میں آگے بڑھتی ہے۔اس فیصلے سے دہلی کی سیاست میں بھی ہلچل مچنے کا امکان ہے، کیونکہ دہلی میں اسمبلی انتخابات کی سرگرمیاں جاری ہیں اور عام آدمی پارٹی کے رہنما اس معاملے کو سیاسی انتقام قرار دے رہے ہیں۔

تاریخ میں آج کے دن

نئی دہلی، 15 جنوری (یو این آئی) ہندستان اور عالمی تاریخ کے اہم اور مختصر واقعات اس طرح ہیں۔

1581۔ برطانوی پارلیمنٹ نے رومن کیتھولک کے ووٹ کو غیر قانونی قرار دیا۔

1679۔ملک میں پہلی بار کلکتہ کے نزدیک اکرا میں گھڑ دوڑ مقابلہ کا آغاز ہوا تھا۔

1681۔ مہاراشٹر کے رائے گڑھ قلعے میں چھترپتی شیواجی کے بیٹے سنبھاجی کی تاج پوشی کی گئی۔

1761۔ انگریزوں نے پڈوچیری سے فرانسیسیوں کا اختیار ختم کیا۔

1870۔ خانہ جنگی کے بعد امریکہ میں دوبارہ شامل ہونے والا ورجینا آٹھویں ریاست بنا۔

1901۔ مشہور دانشور مہادیو گووند راناڈے کا انتقال ہوا تھا۔

1920۔ پہلی عالمی جنگ کے بعد قائم لیگ آف نیشن کی میٹنگ پہلی کاؤنسلنگ بار پیرس میں ہوئی تھی۔

1938۔معروف بنگالی ادیب شرت چندر چٹوپادھیائے کا انتقال۔

1943۔انڈونیشیا کے انبون جزیزے پر امریکی فضائیہ کا پہلا حملہ

1945۔جرمن تاناشاہ ہٹلر نے پیش قدمی کرنے والی سوویت افواج سے بچنے کیلئے زیر زمین بنکر میں پناہ لی۔

1955۔کھڑگ واسلا ڈیفنس اکیڈمی کا باضابطہ افتتاح ہوا تھا۔

1966۔مجاہد آزادی سادھو ٹی ایل واسوانی کا انتقال ہوا تھا۔

1969۔سوویت یونین کے سویوز۔چار اور سویوز۔پانچ خلا میں آپس میں جڑ گئے اور ایک خلائی گاڑی کے مسافر دوسری گاڑی سے گئے۔خلا میں ڈاکنگ کا یہ پہلا واقعہ تھا۔

1979۔اسلامی انقلاب کی وجہ سے ایران سے شاہ محمد رضا پہلوی نے مصر میں پناہ لی۔

1991۔پہلی خلیجی جنگ میں امریکہ نے عراق کے خلاف فوجی کارروائی شروع کی۔

1999۔ہندستان کے اٹل سود عالمی بینک کے نائب صدر منتخب ہوئے۔

اتراکھنڈ میں بس بے قابو ہوکر کھائی کی طرف پلٹی، مسافروں میں چیخ و پکار، 7 زخمی

اتراکھنڈ 15 جنوری: اتراکھنڈ کے اترکاشی میں بدھ کو ایک روڈویز بس حادثے کا شکار ہوگئی ہے۔سن گنڈی گاو?ں کے پاس مسافروں سے بھری بس اسٹیئرنگ فیل ہونے سے بے قابو ہو کر سڑک سے نیچے کھائی کی طرف پلٹ گئی۔بس میں تقریباً 30 مسافر سوار تھے۔بس کو گرتا ہوا دیکھ کر مسافروں میں چیخ و پکار مچ گئی۔غنیمت رہی کہ بس کھائی میں نہیں گری ورنہ کئی لوگوں کی جان جا سکتی تھی۔ٹرانسپورٹ کارپوریشن کی بس جکھول سے دہرہ دون جا رہی تھی تبھی وہ توازن کھو کر پلٹ گئی۔اطلاع کے مطابق بس میں 30 مسافر سوار تھے جس میں 7 افراد زخمی ہوئے ہیں۔باقی دیگر مسافر محفوظ بتائے جاتے ہیں۔زخمیوں کو علاج کے لیے پرائمری ہیلتھ سینٹر موری لایا جا رہا ہے۔ موری سے جائے حادثہ کے لیے ایمبولنس بھیجی گئی ہے۔انتظامیہ کی ٹیم جائے حادثہ پر پہنچ گئی ہے اور فوری طور پر راحت و بچاو? کام شروع کر دیا ہے۔ضلع مجسٹریٹ ڈاکٹر مہربان سنگھ بشٹ نے علاقے کے افسروں سے حادثہ کی جانکاری لیتے ہوئے راحت اور بچاو? کام کو تیزی سے کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے زخمیوں کے لیے مناسب علاج یقینی کرنے کا انتظام کرنے کو کہا ہے۔حادثہ کے سلسلے میں ڈرائیور دیوپال کھتری نے کہا کہ سڑک پر گڈھا ا?یا۔صبح صبح پٹہ نہ ٹوٹے، اس کے لیے انہوں نے ہلکا سا بریک لیا۔اس کے بعد اسٹیئرنگ سے کچھ ا?واز ا?ئی۔پھر اسٹیئرنگ لاک ہوگیا۔ بریک مارنے کے علاوہ ان کے پاس کوئی دوسرا متبادل نہیں تھا۔ بریک مارتے ہی بس پلٹ گئی۔خوش قسمتی رہی کہ جس مقام پر انہوں نے بریک لیا۔اس کے پاس ہی کھیت میں کسی شخص نے عمارت کی تعمیر کے لیے کھدائی کی ہوئی تھی۔اس کھدائی والے حصے میں بس پلٹ کر رک گئی۔ڈرائیور نے بتایا کہ بس ابھی نئی ہے اور 4 لاکھ کلومیٹر کا سفر بھی طے نہیں کیا ہے۔

کسان تحریک: ڈلیوال کی 50 دن کی بھوک ہڑتال پانی پینے میں بھی مشکل؛ 111 کسان نے کیا یہ اعلان

پنجاب 15 جنوری: پنجاب میں کسانوں کی جانب سے مختلف مانگوں کی حمایت میں مظاہروں نے شدت اختیار کرلی ہے۔کسان لیڈر جگجیت سنگھ ڈلیوال کی بھوک ہڑتال کو 50 دن مکمل ہوگئے اور ان کی حالت نازک ہو چکی ہے۔کسان رہنماؤں کا کہنا ہے کہ اب انہیں پانی پینے میں بھی دشواری کا سامنا ہے۔ڈلیوال کا علاج کرنے والے ڈاکٹروں کے مطابق ان کی صحت دن بدن بگڑتی جا رہی ہے۔کسان لیڈر ابھیمنیو کوہاڑ نے منگل کو اعلان کیا کہ بدھ کے روز دوپہر 2 بجے سے 111 کسان کالی پوشاک میں تادم مرگ بھوک ہڑتال شروع کریں گے۔یہ کسان پولیس رکاوٹوں کے قریب پرامن طریقہ سے دھرنا دیں گے۔کوہاڑ نے کہا کہ جذباتی کسان اپنے رہنما کے قربانی دینے سے پہلے خود قربانی دینے کے لیے تیار ہیں۔خیال رہے کہ ڈلیوال 26 نومبر 2024 سے بھوک ہڑتال پر ہیں اور کسان شمبھو بارڈر اور کھنوری بارڈر پر کم از کم امدادی قیمت (ایم ایس پی) کی قانونی ضمانت کے لیے مظاہرہ کر رہے ہیں۔کسان رہنما راکیش ٹکیت نے حالیہ اجلاس کے بعد کہا کہ ملک میں سخت حکمرانوں کے خلاف عوام میں ناراضگی بڑھ رہی ہے اور بڑے کسان احتجاج کی ضرورت ہے۔انہوں نے 18 جنوری کو بڑے فیصلے کا اعلان کرتے ہوئے حکومت کو وارننگ دی کہ اگر مطالبات تسلیم نہ کیے گئے تو دوبارہ ملک گیر تحریک شروع کی جائے گی۔ٹکیت نے مزید کہا کہ 26 جنوری کو حسب روایت ٹریکٹر ریلی بھی نکالی جائے گی۔

جنوبی کوریا: مارشل لاء لگانے والے صدر یون سک یول گرفتار

سیڑھیاں لگا کر رہائش میں داخل ہوئی پولیس

جنوبی کوریا15 جنوری: جنوبی کوریا میں مواخذہ لگائے گئے صدر یون سک یول کو ہائی وولٹیج ڈرامہ کے بعد گرفتار کرلیا گیا ہے۔15 جنوری بدھ کی صبح جنوبی کوریائی افسر یون سک یول کو گرفتار کرنے صدارتی رہائش میں پہنچے تھے- بدعنوانی جانچ دفتر (سی ا?ئی او) نے بتایا ہے کہ یون کو مقامی وقت کے مطابق صبح 10 بج کر 33 منٹ پر حراست میں لیا گیا۔ اس کے پہلے 3 جنوری کو گرفتار کرنے پہنچی ٹیم اور صدر کے سیکوریٹی گارڈ (پی ایس ایس) کے درمیان ٹکراو? ہوا تھا، جس کے بعد ٹیم کو واپس لوٹنا پڑا تھا۔ اس مرتبہ بڑی تعداد میں پولیس ٹیم کے ساتھ افسر صدارتی رہائش گاہ میں داخل ہونے میں کامیاب رہے۔ بی بی سی کی رپورٹ کے مطابق مقامی وقت کے مطابق صبح 4:20 بجے ہی افسر صدر کی رہائش کے باہر پہنچنے لگے تھے۔ اس دوران وہاں بڑی تعداد میں یون کے حامی اور مخالفین جمع ہو گئے تھے۔ تقریباً1000 پولیس افسروں کی ٹیم نے صدر کی رہائش میں الگ الگ راستوں سے داخل ہونے کی کوشش کی اور کامیاب رہی۔ جنوبی کوریائی خبر رساں ایجنسی 'یونہاپ' کی رپورٹ کے مطابق سیڑھیوں کا استعمال کر کے تفتیش کار صدر رہائش میں داخل ہوئے۔ یون سک یول اپنے ہنام ڈونگ رہائش پر گزشتہ کئی ہفتوں سے چھپے ہوئے تھے۔ یول نے گزشتہ مہینے جنوبی کوریا میں مارشل لاء لگانے کا اعلان کیا تھا۔ اس کے بعد پورے ملک میں ان کے خلاف زبردست احتجاجی مظاہرے ہوئے تھے۔ لوگ سڑکوں پر ا? گئے تھے اور اپوزیشن نے پارلیمنٹ میں حکمران کے خلاف ووٹنگ کی تھی۔ بعد میں یول نے اس کے لیے معافی مانگی تھی۔ ہائی رینک کے بدعنوانی جانچ افسر اور پولیس کی مشترکہ ٹیم یہ طے کرنے کی کوشش کر رہی ہے کہ 3 دسمبر کو ملک پر نافذ کیے گئے مارشل لاء کو کیا بغاوت کی کوشش کے برابر مانا جاسکتا ہے۔ یون کو حراست میں لینے کے لیے عدالت کے ذریعہ جاری حکم کے باوجود پریسیڈینشل سیکوریٹی سروس کا کہنا ہے کہ سابق صدر کا تحفظ کرنا ان کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے پورے احاطے کو کنٹیلے تاروں سے گھیر دیا تھا اور راستوں کو بسیں کھڑی کر کے بند کر دیا تھا۔ معاملہ بڑھنے پر جنوبی کوریا کے عبوری لیڈر اور نائب وزیر اعظم چوئی سانگ موک نے ایک بیان جاری کر کے کہا کہ انفورسمنٹ ایجنسیاں اور پریسیڈینشل سیکوریٹی سروس یہ یقینی کرے کہ جسمانی جھڑپ نہ ہو۔ گرفتاری سے پہلے یول کی رہائش کے باہر کئی پولیس افسر بلیک جیکٹ پہنے گھومتے دیکھے گئے۔ ان میں سے کئی پہاڑی کمپاو?نڈ میں گھوم کر رہائش میں داخل ہونے کا راستہ تلاش کر رہے تھے۔

پاک نژاد امریکی آگ سے متاثرہ

لوگوں کی امداد میں پیش پیش

نیویارک،15 جنوری: ڈاکٹروں کی تنظیم اپنا لاس اینجلس میں لگی آگ کے متاثرہ لوگوں کو نہ صرف امداد پہنچا رہی ہے بلکہ جلد ہی ہیلتھ کیمپ بھی قائم کرے گی جہاں لوگوں کو طبی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ ہم پہلے ہی تقریباً2500 افراد کو تازہ خوراک مہیا کر چکے ہیں جبکہ ہیلتھ سنٹرز کے ذریعہ تمام عمر کے افراد کو طبی خدمات فراہم کی جائیں گی۔ ہمارے علاقے میں سب لوگ چاہے وہ پاکستانی امریکی تھے بھارت اور ایران سے تعلق رکھتے تھے سب اس المیے کے دوران ایک دوسری کی انسانیت کی بنیاد پر مدد کر رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک ایسا لمحہ ہے کہ جب سب لوگ چاہے وہ پاکستانی ہوں یہ کسی بھی کمیونٹی سے تعلق رکھتے ہوں وہ انسانیت کے جزبے کے تحت متاثرہ لوگوں کی مدد کے لیے تیار ہیں۔ پاکستانی امریکی ڈاکٹروں کی تنظیم لاس اینجلس میں لگی آگ کے متاثرہ لوگوں کو نہ صرف امداد پہنچا رہی ہے بلکہ جلد ہی ہیلتھ کیمپ بھی قائم کرے گی جہاں لوگوں کو طبی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ منگل کو اپنا کے نام سے موسوم پاکستانی نژاد ڈاکٹروں کی شمالی امریکہ کی تنظیم نے لاس اینجلس میں ایک ڈسٹری بیوشن سنٹر کے ذریعہ مزید امداد بھیجی۔ تنظیم کے عہدیدار ڈاکٹر نصرم اقبال نے بتایا کہ اپنا نے اپنے ایمرجنسی فنڈ سے پہلے ہی ہزاروں ڈالر کی امداد جاری کردی ہے جو امریکی مسلمانوں کی ریلیف تنظیم اسلامک سرکل آف نارتھ امریکہ کی امدادی ٹیموں کے ذریعہ متاثرہ شہریوں کو پہنچائی جارہی ہے۔ ڈاکٹر اقبال جو اپنا سوشل ویلفیئر اینڈ ڈیزاسٹر ریلیف کمیٹی کی چیرمین ہیں کہتے ہیں کہ تنظیم امدادی ضروریات کا جائزہ لے رہی ہے اور اگلے ہفتے ایک فنڈ زاکٹھا کرنے کی تقریب منعقد کررہی جس میں ملک بھر سے پاکستانی ڈاکٹر آفت کی صورت حال میں بھرپور طریقہ سے حصہ ڈالیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم یہ کام پاکستانی کمیونٹی کے نمائندوں، پاکستانی امریکی شہریوں اور ڈاکٹروں کی حیثیت سے کررہے ہیں کیونکہ اس وقت بے گھر ہونے والے لوگوں کو ہر طرح کی مدد کی ضرورت ہے۔ ڈاکٹر اقبال اپنا کی موجودہ صدر ڈاکٹر حمیرہ قمر اور اگلے سال کے منتخب صدر بابر روف کے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں تا کہ تنظیم کی طرف سے متاثرہ افراد کی مالی اور صحت کے حوالے سے ضروریات کو سامنے رکھتے ہوئا ریلیف اور اور رضا کارانہ خدمات کا ایک پروگرام ترتیب دیا جائے۔ ہم پہلے ہی تقریباً2500 افراد کو تازہ خوراک مہیا کر چکے ہیں جبکہ ہیلتھ سنٹرز کے ذریعہ تمام عمر کے افراد کو طبی خدمات فراہم کی جائیں گی۔ انہوں نے بتایا کہ اس وقت کیونکہ آگ بھڑکی ہوئی ہے حکومت صرف فرسٹ ریسپانڈرز کو اس صورت حال سے نمٹنے کے لیے متاثرہ علاقوں میں جانے دیتی ہے جبکہ صحت اور دوسری خدمات کے لیے لوگوں کو محفوظ مقامات پر سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ جنوبی کیلی فورنیا میں آگ کا شکار ہونے والے علاقے کینتھ سے تین میل دور علاقے میں رہائش پزیر پاکستانی امریکی ایکسر سائز سائنس کے پروفیسر محمد علی کاظمی نے بتایا کہ اس المیہ کے دوران انہوں نے انسانیت کی بنیاد پر ایک دوسر کی مدد کا جذبہ دیکھا۔

'میٹا' کے 3600 ملازمین کو ہٹانے کی تیاری

مارک زکربرگ نے کیا کارکردگی پر مبنی کٹوتی کا فیصلہ

میٹا'15 جنوری: فیس بک، انسٹاگرام اور واٹس ایپ جیسے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر مالکانہ حق رکھنے والی کمپنی میٹا (Meta) میں جلد ہی بڑے پیمانے پر ملازمین کی چھٹنی دیکھنے کو مل سکتی ہے۔ دراصل میٹا اس سال اپنے سب سے خراب مظاہرہ کرنے والے 5 فیصد ملازمین کو باہر کا راستہ دکھانے کا منصوبہ بنا رہا ہے تا کہ ان کی جگہ پر نئے ملازمین کو رکھا جا سکے۔ یہ جانکاری ایک انٹرنل میمو کے ذریعہ ملازمین کو دی گئی ہے۔ ستمبر تک 'میٹا' میں تقریباً72 ہزار لوگ کام کر رہے تھے، ایسے میں 5 فیصد کی کٹوتی سے تقریباً 3600 نوکریوں پر اثر پڑ سکتا ہے۔ بلومبرگ نیوز کے مطابق چیف اکزیکیٹو ا?فیسر مارک زکربرگ نے ایک انٹرنل میسج بورڈ پر پوسٹ کیے گئے نوٹ میں کہا "میں نے پرفارمنس کا پیمانہ اونچا کرنے اور لو پرفارمر کو تیزی سے ہٹانے کا فیصلہ کیا ہے۔" زکربرگ نے کہا کہ ہم عام طور پر ان لوگوں کو ایک سال کے دوران باہر کر دیتے ہیں جو امیدوں پر کھرے نہیں اترتے۔ لیکن اب ہم اس سائیکل میں کارکردگی پر مبنی کٹوتی کو اور وسیع طور پر کریں گے۔ انہوں نے اپنے تازہ میمو میں صاف کیا کہ کارکردگی پر مبنی کٹوتی کا مقصد میٹا کے پرفارمنس مینجمنٹ پروسیس کو تیز کرنا ہے اور اِن رول کو 2025 میں پھر سے بھرا جائے گا۔ میٹا میں لے-ا?ف کی بات ڈونالڈ ٹرمپ کی حلف برداری سے کچھ دن پہلے ہی سامنے ا?ئی ہے۔ گزشتہ کچھ وقت سے مارک زکربرگ کی ریپبلکن رہنماو?ں سے نزدیکی بڑھ رہی ہے۔ ٹرمپ کے ساتھ ڈنر میٹنگ اور میٹا کے پبلک افیئرس ہیڈ کے طور پر ریپبلکن کو شامل کرنا اسی نزدیکی کی وجہ ہے۔ واضح ہو کہ سال 2022 سے ہی دنیا کی بڑی ٹیک کمپنیوں میں لگاتار ملازمین کی چھٹنی چل رہی ہے۔ یہ کوئی پہلا موقع نہیں ہے جب میٹا نے نوکریوں میں کٹوتی کا اعلان کیا ہے۔ اس سے پہلے مارک زکربرگ نے 2023 کو کمپنی کا 'ایرا?ف ایفیشینسی' اعلان کیا تھا اور تب میٹا نے 10 ہزار ملازمین کو نوکریوں سے نکالنے کا اعلان کیا تھا۔ میٹا نے سال 2022 سے تقریباً21 ہزار نوکریوں میں کٹوتی کی تھی۔

جنوبی افریقہ میں کان آپریشن میں

82 کان کنوں کو بچایا گیا، 36 کی موت

جوہانسبرگ، 15 جنوری (یو این آئی) جنوبی افریقہ کے شمال مغربی صوبے اسٹیلفونٹین میں سونے کی کان میں بچاؤ آپریشن کے دوران کل 118 غیر قانونی کان کنوں کو بچایا گیا۔ ان میں سے 36 مزدوروں کی ہلاکت کی تصدیق کی گئی۔ جنوبی افریقی پولیس سروس کی قومی ترجمان ایتھلینڈا امتھائی نے کہا کہ منگل کو مقامی وقت کے مطابق شام 4 بجے تک کل 118 غیر قانونی کان کنوں کو نکالا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیر سے شروع ہونے والے آپریشن کے پہلے دن 35 غیر قانونی کان کنوں کو بچایا گیا۔ ان میں سے 9 کی ہلاکت کی تصدیق کی گئی اور دوسرے دن مجموعی طور پر 83 غیر قانونی کان کنوں کو نکالا گیا جن میں سے 27 کی موت ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام 82 گرفتار افراد کو غیر قانونی کان کنی، تجاوزات اور امیگریشن ایکٹ کی خلاف ورزی کے الزامات کا سامنا ہے۔ منگل کو بھی، جنوبی افریقہ کے معدنی اور پیٹرولیم وسائل کے وزیر گویڈے منٹاشے اور پولیس کے وزیر سنزو مچونو نے امدادی کارروائیوں کی پیشرفت کا جائزہ لینے کے لیے کان کا دورہ کیا۔ وزیر منٹاشے نے اسٹیلفونٹین کی صورتحال کو مجرمانہ قرار دیتے ہوئے اسے غیر ملکیوں کے حملے سے تعبیر کیا۔ اسٹیلفونٹین میں بحران مہینوں سے جاری ہے اور اب تک 1500 سے زائد غیر قانونی کان کن سامنے آچکے ہیں۔

بیت حانون میں عمارت گرنے سے

اسرائیلی فوج کے پانچ کیپٹن ہلاک

مقبوضہ بیت المقدس،15 جنوری: اسرائیلی فوج کے ترجمان نے پیر کی شام کو اعلان کیا کہ بیت حانون میں ایک عمارت گرنے سے پانچ فوجی جو سب کیپٹن کے عہدے کے افسر تھے ہلاک اور آٹھ دیگر شدید زخمی ہو گئے، جس سے سات اکتوبر 2023 سے اسرائیلی فوج کی ہلاکتوں کی تعداد بڑھ کر 840 ہو گئی ہے۔ ابتدائی تحقیقات سے معلوم ہوا ہے کہ فوجی اس عمارت کے اندر موجود تھے جہاں دھماکہ ہوا، جس کی وجہ معلوم نہیں ہو سکی۔ وہ نہال بریگیڈ کی ایلیٹ یونٹ سے تعلق رکھتے تھے، امکان ہے کہ یہ دھماکہ ان کے اپنے پاس موجود مواد کے پھٹنے سے ہوا، فوج نے فی الحال اس واقعے میں فلسطینی عسکریت پسندوں کے ملوث ہونے کی تصدیق نہیں کی۔ واقعے کی تفصیلات بتاتی ہیں کہ یہ فوجی صبح کے اوقات میں آپریشنل مشن پر نکلے جہاں انہوں نے انجینئرنگ ہتھیار استعمال کرنے کی تیاری کی۔ جب وہ اس مشن کو انجام دے رہے تھے اچانک ایک دھماکہ ہوا جس کی وجہ سے وہ عمارت گر گئی وہ دب کر ہلاک اور زخمی ہو گئے۔ 'ایم کے این' ریڈیو نیوز ویب سائٹ کے مطابق اسرائیلی فوج بیت حانون کے علاقے میں دو ہفتوں سے اپنی کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے، جس کے آنے والے ہفتوں میں مکمل ہونے کی توقع ہے۔ ریڈیو نے اپنی رپورٹ میں بتایا ہے کہ اس علاقے میں اب بھی سرنگوں کا وسیع نیٹ ورک موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ "اس علاقے میں نہ صرف عسکریت پسند موجود ہیں بلکہ وہ دھماکہ خیز آلات نصب کرنے پر کام کر رہے ہیں۔

ٹرمپ بین الاقوامی پلیٹ فارم سے پہلا خطاب ورلڈ اکنامک فورم سے کریں گے

نیویارک،15 جنوری: ورلڈ اکنامک فورم کی طرف سے کہا گیا ہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ بطور امریکی صدر حلف اٹھانے کے تین دن بعد ڈیووس میں ہونے والی عالمی سیاسی و کاروباری افراد کے اجلاس سے خطاب کریں گے۔ ڈونلڈ ٹرمپ کا یہ خطاب آن لائن ہوگا۔ خیال رہے نومنتخب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ 20 جنوری کو امریکی دارالحکومت واشنگٹن میں حلف اٹھائیں گے۔ اس طرح کسی بین الاقوامی اور بڑے پلیٹ فارم سے ان کا پہلا خطاب ویڈیو لنک پر ڈیواس میں ہوگا۔ 'ورلڈ اکنامک فورم' کے صدر بورج بریندے نے سالانہ اجلاس کے حوالے سے ہونے والی پریس بریفنگ میں کہا کہ ٹرمپ بطور امریکی صدر 23 جنوری کو آن لائن ہمارے ساتھ ہوں گے۔ بریندے نے مزید کہا کہ یہ بہت خاص لمحہ ہوگا جس سے امریکہ کی نئی انتظامیہ کی پالیسی ترجیحات کے بارے میں جاننے کا موقع ملے گا۔ خیال رہے اپنے پہلے دور صدارت یں ڈونلڈ ٹرمپ نے ڈیواس میں ہونے والے اجلاس میں شرکت کی تھی۔ تجارتی محصولات اور ٹیکسوں میں کمی کے نفاذ کے منصوبے ان خدشات کو جنم دے رہے ہیں کہ ٹرمپ انتظامیہ کی پالیسیوں سے مہنگائی کے بڑھنے کا امکان ہوگا۔ ورلڈ اکنامک فورم کے سالانہ اجلاس کی تھیم "انٹیلی جنس کے نئے دور کے لیے تعاون" رکھی گئی ہے۔ بریندے نے کہا کہ یورپی کمیشن کی سربراہ ارسلا وان ڈیر لیین اور چینی نائب وزیر اعظم ڈنگ ژیو شانگ بھی ورلڈ اکنامک فورم سے خطاب کریں گے۔ یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی بھی منگل کے روز ورلڈ اکنامک فورم سے خطاب کریں گے۔ واضح رہے رواں سال 900 سے زیادہ کمپنیوں کے سی ای اوز اور گلوبل لیڈر فورم میں شرکت کریں گے۔ نیز ارجنٹینا کے صدر جیویر میلی، اسرائیلی صدر اسحاک ہرزوگ، فلسطینی وزیر اعظم محمد مصطفیٰ اور شام کے عبوری وزیر خارجہ اسعد الشیبانی بھی 'ورلڈ اکنامک فورم' میں شرکت کریں گے۔

مغربی کنارے میں اسرائیلی فضائی

حملوں میں 6 فلسطینیوں کی موت

رملہ، 15 جنوری (یو این آئی) مغربی کنارے میں جنین پناہ گزین کیمپ کو نشانہ بنانے والے اسرائیلی فضائی حملوں میں کم از کم چھ فلسطینی ہلاک اور متعدد زخمی ہو گئے۔ یہ اطلاع فلسطینی وزارت صحت نے منگل کو دی۔ وزارت نے ایک پریس بیان میں کہا کہ کیمپ پر اسرائیلی حملے کے بعد جنین کے سرکاری اسپتال میں چھ لاشیں لائی گئیں۔ مرنے والوں کی تاحال شناخت نہیں ہو سکی ہے۔ اس دوران اسرائیلی فوج کے ترجمان اویچائی ادرائی نے ایک بیان میں کہا "اسرائیل ڈیفنس فورسز اور شن بیت کے مشترکہ آپریشن میں، حال ہی میں ایک فضائیہ کے ڈرون نے جنین کے علاقے میں ایک مقام کو نشانہ بنایا۔" انہوں نے اس بارے میں زیادہ تفصیلات نہیں بتائیں۔ مقامی فلسطینی ذرائع نے بتایا کہ اسرائیلی ڈرون نے کیمپ کے ایک محلے پر تین میزائلوں سے حملہ کیا۔

استنبول میں جعلی شراب پینے سے

11 افراد ہلاک، کئی داخل شفاخانہ

استنبول،15 جنوری: سرکاری خبر رساں ایجنسی اناطولیہ نے منگل کو اطلاع دی کہ استنبول میں گذشتہ 24 گھنٹوں میں جعلی شراب پینے والے گیارہ افراد ہلاک ہو گئے۔ ایجنسی نے کہا کہ 26 غیر ملکی شہریوں سمیت 38 افراد کو جعلی شراب پینے کے بعد شہر کے مختلف ہسپتالوں میں داخل کروایا گیا۔ ان میں سے 11 چل بسے جنہوں نے گذشتہ 24 گھنٹوں میں ہسپتال میں علاج کرایا۔ استنبول گورنری نے ایکس پر ایک بیان میں کہا کہ 2024 میں استنبول میں جعلی شراب پینے سے کل 110 افراد بیمار ہوئے جن میں سے 48 کی موت واقع ہو گئی۔ میتھانول کی ملاوٹ کو اس کی وجہ سمجھا جاتا ہے۔ یہ ایک زہریلا مادہ ہے جسے شراب کی طاقت میں اضافے کے لیے شامل کیا جاسکتا ہے لیکن یہ نابینا پن، جگر کو نقصان پہنچانے اور موت کا سبب بن سکتا ہے۔ ترکیہ میں ملاوٹ شدہ الکحل سے زہر خورانی کا ہو جانا خاصا عام ہے جہاں الکحل مشروبات پر ٹیکسوں میں اضافے کے باعث نجی سطح پر پیداوار بہت بڑھ گئی ہے۔ جعلی شرابوں میں سب سے زیادہ عام ترکیہ کی سونف کے ذائقے والی قومی شراب راکی ہے جس کی قیمت بازار میں تقریباً1,300 لیرا (37.20 ڈالر) فی لیٹر تک پہنچ گئی ہے۔ ترکیہ میں کم از کم اجرت 17,000 لیرا (489 ڈالر) ماہانہ ہے۔

لاس اینجلس کے جنگلاتی آگ والے

علاقوں میں خراب موسم کی صورتحال

لاس اینجلس، 15 جنوری (یو این آئی) لاس اینجلس کے جنگلات میں لگی آگ کے علاقوں سمیت ساحلی جنوبی کیلیفورنیا میں شدید سے انتہائی شدید موسمی حالات جاری رہیں گے۔ یو ایس نیشنل ویدر سروس (این ڈبلیو ایس) نے منگل کو یہ اطلاع دی۔ این ڈبلیو ایس کے مطابق درمیانی سے اور مقامی طور پر تیز سانتا انا ہواؤں کی وجہ سے لاس اینجلس اور وینٹورا کاؤنٹیز کے کچھ حصوں میں "خاص طور پر خطرناک حالات" منگل سے شروع ہوں گے اور بدھ تک جاری رہیں گے۔ خطرناک ہواؤں سے پہلے فائر فائٹرز نے لاس اینجلس کاؤنٹی کے دو سب سے بڑے جنگلوں پیلیسیڈ اور ایٹن کی آگ پر رات بھر قابو پانا جاری رکھا۔ افسران کو تشویش ہے کہ خشک ایندھن اور کم نمی کے ساتھ تیز ہواؤں کی وجہ سے جنوبی کیلیفورنیا میں نئی [؟][؟] آگ لگ سکتی ہیں یا اس سے موجودہ آگ میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ بڑے پیمانے پر جنگل کی آگ نے 40,644 ایکڑ سے زیادہ اراضی کو جھلسا دیا ہے اور منگل تک 12,300 سے زیادہ انفرا اسٹرکچر کو تباہ کر دیا ہے۔ کیلیفورنیا کے محکمہ جنگلات اور فائر پروٹیکشن کے مطابق، سب سے بڑی پیلیسیڈ آگ پر 17 فیصد قابو پالیا گیا تھا اور دوسری سب سے بڑی ایٹن آگ پر منگل کی صبح تک 34 فیصد قابو پالیا گیا ہے۔

پیرو میں آگ لگنے سے پانچ افراد ہلاک

لیما، 15 جنوری (یو این آئی) پیرو کے جنوبی علاقے اریکیپا میں پیر کی رات لگی زبردست آگ میں تین بچوں سمیت کم از کم پانچ افراد ہلاک اور ایک زخمی ہو گیا۔ مقامی افسران نے منگل کو بتایا کہ یہ آگ مقامی وقت کے مطابق رات 11 بجے کے قریب صوبہ کمانا کے سیکوچا میں کارلوس پورٹو کیریرو ڈنگو بستی میں لگی۔ انہوں نے بتایا کہ کافی مشقت کے بعد منگل کی صبح تک آگ پر قابو پالیا گیا۔ آگ نے 10 مکانات کو تباہ کر دیا اور 100 سے زائد افراد بے گھر ہو گئے۔ نجی نشریاتی ادارے ریڈیو پروگرامس ڈیل پیرو نے اریکیپا کے علاقائی ایمرجنسی آپریشن سینٹر کے سربراہ جوز بیریزوٹا کے حوالے سے بتایا کہ اب تک پانچ اموات کی تصدیق ہو چکی ہے۔ نیشنل ایمرجنسی آپریشن سینٹر کے مطابق" آگ میں زخمی ہونے والے دیگر ایک شخص کا مقامی اسپتال میں علاج کیا جارہا ہے۔" لا ری پبلکا اخبار کے مطابق ابتدائی تحقیقات سے پتہ چلتا ہے کہ آگ گھر میں شارٹ سرکٹ کے باعث لگی جس سے گھریلو گیس کا ٹینک پھٹ گیا اور آگ تیزی سے پھیل گئی۔ اخبار نے اطلاع دی ہے کہ آگ کی زد میں کئی مکانات آئے۔

کینسر کے علاج کے بعد علامات میں کمی

باعث راحت ہے: برطانوی شہزادی کیٹ

لندن،15 جنوری: ویلز کی شہزادی برطانیہ کی کیٹ نے کہا کہ وہ منگل کے روز لندن ہسپتال کا دورہ کرنے کے بعد علامات میں کمی کے باعث راحت محسوس کر رہی ہیں۔ وہاں انہوں نے کینسر کا علاج کروایا اور تمام طبی عملے کا شکریہ ادا کیا۔ ایک سال قبل پیٹ کی بڑی سرجری سے 43 سالہ کیٹ میں کینسر کی غیر متعینہ شکل کی موجودگی کا انکشاف ہوا جس کے بعد انہوں نے انسدادی کیموتھراپی کا ایک کورس کروایا۔ ستمبر میں انہوں نے کیموتھراپی مکمل ہو جانے کی تصدیق کی تھی۔ انہوں نے اپنے تازہ بیان میں کہا کہ علامات میں کمی اطمینان کی بات ہے اور میں نے صحت یابی پر توجہ مرکوز کر رکھی ہے۔ کوئی بھی شخص جس نے کینسر کی تشخیص کا تجربہ کیا ہے، اسے پتا ہوگا کہ نئے معمول کے مطابق ایڈجسٹ ہونے میں وقت لگتا ہے۔ تاہم میں آگے ایک اطمینان بخش سال کی امید کرتی ہوں۔ آئندہ کے لیے بہت کچھ ہے۔ آپ سب کی مسلسل حمایت کا شکریہ۔ سرکاری فرائض دوبارہ شروع کرنے کے بعد وسطی لندن کے رائل مارسڈن ہسپتال کا دورہ ان کی پہلی تنہا عوامی مصروفیت تھی جہاں ان کا کئی مہینوں تک علاج ہوا۔ انہوں نے مریضوں اور عملے سے ملاقات اور ان کی نگہداشت کے بارے میں بات کی۔ اس موقع پر انہوں نے یہ اعلان بھی کیا کہ وہ اپنے شوہر اور برطانوی تخت کے وارث شہزادہ ولیم کے ساتھ کینسر کے خصوصی یونٹ کی مشترکہ سرپرست بن گئیں۔ انہوں نے ایک مریض کو بتایا کہ ان کی بیماری سے خاندان پر ہونے والے اثرات واقعی بہت زیادہ سخت تھے۔ انہوں نے ایکس پر ایک پیغام میں کہا کہ گذشتہ ایک سال کے دوران اتنی اچھی نگہداشت کرنے پر میں رائل مارسڈن کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں۔ میں دلی طور پر ان تمام لوگوں کا شکریہ ادا کرتی ہوں جنہوں نے مشکل حالات میں خاموشی سے ولیم کا اور میرا ساتھ دیا۔ آپ نے ہمارے لیے بہت کچھ کیا۔ ایک مریض کے طور پر مجھے جو نگہداشت اور مشورہ ملا ہے وہ غیر معمولی رہا ہے۔ اپنی صحت کے بارے میں تازہ ترین معلومات فراہم کرنے کے لیے گذشتہ انتہائی ذاتی ویڈیو پیغامات میں کیٹ نے بتایا تھا کہ ان کی بیماری ان پر، ولیم اور ان کے تین چھوٹے بچوں نو سالہ شہزادی شارلٹ، 11 سالہ شہزادی جارج اور چھے سالہ لوئس کے لیے کتنی سخت تھی۔ ولیم نے گذشتہ سال کو سفاکانہ قرار دیا کیونکہ اس دوران شاہ چارلس کا بھی کینسر کا علاج ہوا۔ بکنگھم پیلس کے ایک ذریعے نے کہا ہے کہ ان کا علاج مثبت سمت میں آگے بڑھ رہا ہے اور اس سال بھی جاری رہے گا۔

لاس اینجلس میں آتشزدگی کی وجہ جاننے

کے لیے وفاقی سطح پر تحقیقات کا آغاز

نیویارک،15 جنوری: امریکہ کے شہر لاس اینجلس میں لگنے والی آگ کی وجہ جاننے کے لیے وفاقی سطح پر تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ آٹھ روز قبل لگنے والی آگ مکمل طور پر تاحال نہیں بجھائی جا سکی ہے۔ سات جنوری کی صبح لگنے والی آگ سے اب تک 24 افراد ہلاک جب کہ 10 ہزار سے زائد مکانات و کاروبار جل کر خاکستر ہو گئے ہیں اور لاکھوں افراد نقل مکانی پر مجبور ہوئے ہیں۔ بدھ سے ایک مرتبہ پھر تیز ہواؤں اور اس سے آگ کے مزید پھیلنے کا خدشہ ظاہر کیا جارہا ہے۔ امریکہ کی نیشنل ویدر سروس کے مطابق بدھ کی صبح تین سے دوپہر تین بجے کے درمیان شدید ہوائیں چلنے کا امکان ہے جب کہ لاس اینجلس ویدر سروس آفس کا کہنا ہے کہ ریڈ فلیگ وارننگ بدستور برقرار ہے، شہری اپنے اردگرد کی صورتِ حال پر نظر رکھیں۔ آگ کو پھیلنے کے خدشے کے باعث تقریباً88 ہزار افراد کو علاقہ چھوڑنے کے احکامات دیے گئے ہیں اور دیگر تقریباً85 ہزار شہریوں کو کسی بھی وقت نقل مکانی کے احکامات دیے جا سکتے ہیں۔ آگ پھیلنے سے متعلق سوشل میڈیا پر مختلف قیاس آرائیاں ہو رہی ہیں اور متاثرین یہ جاننا چاہتے ہیں کہ جنگلات میں لگنے والی آگ اتنی تیزی سے کس طرح پھیلی کہ ان کے گھر ہی جل گئے۔ آگ لگنے اور اس سے ہونے والی تباہی سے متعلق مختلف سوالات نے جنم لیا ہے، جیسا کہ کیا یہ آگ جان بوجھ کر لگائی گئی؟ یا یہ بجلی کے تاروں سے لگنے والی آگ تھی جو تیزی سے پھیلی، یا جنگل میں پہلے سے آگ لگی تھی جو تیزی سے پھیلی؟ ان تمام سوالات کے جواب جاننے کے لیے امریکہ کے وفاقی ادارہ برائے الکوحل ٹوبیکو اینڈ فائر آرمز (اے ٹی ایف) کے عہدیدار جوس مدینا کی سربراہی میں تحقیقات کا آغاز ہو گیا ہے، جن کا کہنا ہے کہ آگ لگنے کی وجہ سے متعلق کچھ کہنا قبل از وقت ہے۔ خبر رساں ادارے 'اے ایف پی' کے مطابق جوس مدینا نے صحافیوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں معلوم ہے کہ ہر کوئی جواب چاہتا ہے اور کمیونٹی کا بھی حق ہے کہ اسے معلوم ہو کہ آگ کس طرح لگی۔ ان کے بقول، اے ٹی ایف تمام سوالات کے جواب دے گی لیکن اس کے لیے پہلے تحقیقات مکمل ہو جائیں۔ اے ٹی ایف قانون نافذ کرنے والے مقامی اداروں، فارکاسٹ سروس اور اٹارنی آفس کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے جب کہ آتش زدگی کی تحقیقات کرنے والی ٹیم میں 75 افراد شامل ہوں گے۔ جوس مدینا نے کہا کہ آگ کی تحقیقات کرنے والے ماہرین، کیمیا دان، الیکٹرک انجینئرز اور تربیت یافتہ کتوں کی مدد سے آگ سے سب سے زیادہ متاثرہ دو مقامات کا جائزہ لیا جائے گا اور آتش زدگی کی وجہ جاننے کی کوشش کی جائے گی۔ واضح رہے کہ آگ سے پیسیفک پلیسیڈز اور پیسا ڈینا شہر کے شمالی علاقے سب سے زیادہ متاثر ہوئے ہیں جہاں ہزاروں ایکڑ رقبہ جل کر راکھ ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک ٹیم لوکل کمیونٹی کے عینی شاہدین سے انٹرویوز لینے کے لیے تعینات کی جائے گی۔ مقامی میڈیا نے رپورٹ کیا ہے کہ الٹاڈینا کے علاقے میں متعدد افراد نے بجلی فراہم کرنے والی مقامی کمپنی سدرن کیلی فورنیا ایڈیسن کیخلاف قانونی کارروائی شروع کر دی ہے اور الزام عائد کیا ہے کہ بجلی کمپنی کے کھمبے میں چنگاریوں نے آگ کو بھڑکایا ہے۔

حادثے کے 36 دن بعد موت، معاوضے کے مطالبے پر لاش کے ساتھ احتجاج

آسنسول: 15 / جنوری، (عوامی نیوز سروس): 36 روز قبل مختلف ہسپتالوں سے علاج کروانے کے بعد بھی وہ صحت یاب نہ ہوسکا جس کی وجہ سے متوفی کے لواحقین نے فیکٹری کے گیٹ پر احتجاجی مظاہرہ کرتے ہوئے متوفی کی لاش کے ساتھ معاوضے کا مطالبہ کیا کارکن شام کو جموڑیہ صنعتی تعلقہ میں ایمس نامی فیکٹری کو احتجاج کے لیے نشانہ بنایا گیا اور اس واقعہ کی صورتحال کو سنبھالنے کے لئے جموڑیہ تھانہ پولیس موقع پر موجود ہے واقعہ کے بارے میں معلوم ہوا ہے کہ درگاپور مین گیٹ کے رہنے والے 44 سالہ مہندر رام نامی شخص 6 دسمبر کو فیکٹری میں بیلٹ لگانے کے لیے اے آئی سی نامی فیکٹری میں کام کررہا تھا اس وقت ان کا حادثہ پیش آیا اور اس کے سر اور جسم کے مختلف حصوں پر چوٹیں آئیں اس واقعے کے بعد انہیں علاج کے لیے ضلع اسپتال سمیت درگاپور کے مشہور اسپتالوں میں لے جایا گیا بعد میں علاج کے لیے درگاپور کے گھودری دیوی اسپتال لے جانے کے بعد کل اس کی موت ہوگئی حالانکہ مرنے والوں کے لواحقین کا دعویٰ ہے کہ فیکٹری حادثے کے وقت سے ہی فیکٹری حکام انہیں مناسب معاوضہ دینے کی یقین دہانی کراتے رہے ہیں لیکن اس وقت کوئی کارروائی نہ کرنے سے وہ مشکلات کا شکار ہیں یہی وجہ ہے کہ دعویٰ وصول کرنے کے لیے وہ لاش اپنے ساتھ لے آئے اور مطالبہ پورا کرنے کے لیے فیکٹری حکام سے اپنا احتجاجی مظاہرہ کیا مظاہرین کے مطالبات تسلیم ہونے تک احتجاج اسی پوزیشن میں جاری رہے گا اس وقت کسی بھی قسم کی کشیدہ صورتحال کو روکنے کے لیے پولیس انتظامیہ کی بھاری نفری موقع پر نگرانی کررہی ہے۔

کلٹی: پانی کی مانگ پر مشتعل مظاہرین کا اسکوگیٹ کے سامنے سڑک بلاک

آسنسول: 15 / جنوری، (عوامی نیوز سروس): کلٹی ترنمول کانگریس کے حامیوں نے مغربی بردوان کے کلٹی اسمبلی علاقے میں کلٹی کے آئی ایس سی او کے گیٹ کے سامنے سڑک بلاک کردی علاقہ عرصہ دراز سے پینے کے پانی کے مسئلہ سے دوچار ہے آئیسکو حکام کو بار بار آگاہ کرنے سے کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوا اس لئے بدھ کی صبح علاقہ مکینوں نے کلٹی ترنمول کانگریس کے کارکنوں اور حامیوں کے ساتھ سڑک بلاک کرکے احتجاج کیا اسکوگیٹ کے سامنے سڑک بلاک کرنے پر ٹریفک جام ہوگیا صورتحال سے نمٹنے کے لیے کلٹی تھانے کی پولیس اور سی آئی ایس ایف کے اہلکار موقع پر پہنچ گئے۔ اس تناظر میں کلٹی بلاک ترنمول کانگریس کے یوتھ صدر ہیمن دتہ نے کہا کہ کلٹی سیل کے حکام اس علاقے میں طویل عرصے سے پینے کا پانی فراہم کررہے ہیں ان جگہوں پر ایک طویل عرصے سے کلٹی سیل حکام کی انتظامیہ نے کلٹی کے مختلف علاقوں میں پینے کا پانی بند کر رکھا ہے جہاں یہ پینے کا پانی تقریباً تین ماہ سے بند ہے یہاں کا سی جی ایم پانی فراہم کیے بغیر لوگوں کی زندگیوں سے کھیل رہا ہے اس لیے ترنمول کانگریس آج عام لوگوں کی خاطر سڑکوں پر آئی ہے سبھی جانتے ہیں کہ ترنمول کانگریس عام لوگوں کی پارٹی ہے اور ہمیشہ عام لوگوں کے ساتھ کھڑی ہے انہوں نے آئیسکو سیل حکام سے درخواست کی کہ عوام کی زندگیوں سے کھیلنا بند کیا جائے اور پینے کے پانی کی سروس فوری شروع کی جائے۔

اجے ندی میں دو نوجوان غرق آب

آسنسول: 15 / جنوری، (عوامی نیوز سروس): دیوکینڈولی کے اجے ندی میں نہاتے ہوئے دو نوجوان ڈوب گئے کافی تلاش کے بعد بھی نہ مل سکا اس واقعہ میں مشتعل لوگوں نے پولیس کو گھیر لیا اور احتجاج کیا ڈوبنے والے دو نوجوان 15 سالہ راہل رائے اور 17 سالہ شبھم منڈل ہیں۔ یہ دونوں درگاپور تھانہ کے چاشی پاڑا سے متصل تلی گنج کے رہنے والے ہیں دوپہر کے وقت درگاپور تھانہ کے چاشی پاڑا کے قریب ٹولی گنج علاقے کے چار دوست کنکسا شیوپور کی اجے ندی میں نہانے گئے تھے نہانے کے لیے اجے نے اپنی پتلون اتاری، تولیہ پہنا اور ندی میں نہانے گیا اور اس کے بعد دو نوجوان بغیر تیرے پانی میں ڈوب گئے کنکسا تھانہ کی پولیس موقع پر پہنچ گئی انتظامیہ کی ریسکیو ٹیم کافی دیر تک نہ پہنچنے پر وہاں موجود لوگ مشتعل ہوگئے نوجوان ر کے دوست دیباشیش سانیال کا کہنا ہے کہ ہمیں دامودر جانا تھا۔ لیکن میرے دوست کہتے ہیں کہ میلے میں جاؤں گا اسی طرح ہم میلے میں گئے اس کے بعد ہم دونوں دوستوں نے اجے ندی کے پانی میں نہایا اور چند لمحوں کے لیے وہ مدد، مدد کے نعرے لگانے لگے جس کے بعد وہ دونوں ڈوب گئے۔

3 کروڑ روپئے قرض کی عدم ادائیگی پر IDBI بینک نے بلڈنگ کو سیل کردیا

آسنسول: 15 / جنوری، (عوامی نیوز سروس): راہول بجاج نامی شخص نے آئی ڈی بی آئی بینک سے 3 کروڑ روپئے قرض لیا تھا لیکن قرض کی ادائیگی نہ ہونے کی وجہ سے آج درگاپور کے بینا چٹی میں اسکی جائیداد کو ڈی آر ٹی کے حکم کے مطابق سیل کردیا گیا، یہ کارروائی درگاپور پولیس اسٹیشن کے اہلکاروں کی موجودگی میں کی گئی بتایا جاتا ہے کہ راہول بجاج نامی اس شخص پر تقریباً 3 کروڑ روپے کا قرض بقایا ہے اسے متعدد بار نوٹس دیکر قرض ادا کرنے کو کہا گیا مگر قرض کی ادائیگی نہیں ہوئی جس کی ادائیگی نہ ہونے کی وجہ سے ضلع ناظم کے حکم پر درگاپور کے بینا چٹی علاقے میں ونائک سوچ گیئر نامی کمپنی کی عمارت سیل کردیا گیا تھا اس موقع پر مجسٹریٹ وشواجیت گھوش، جی ایم کوشک چٹرجی، اے جی ایم منیش گوریا، آئی ڈی بی آئی بینک کے منیجر سوا پن سودھا ساو، ریکوری ایجنٹ راجیو بنرجی موجود تھے یہ کارروائی صبح 11 بجے سے شروع ہوئی اور سہ پہر 3 بجے سے پہلے پرامن ماحول میں بینک حکام نے کمپنی کی عمارت کو سیل کرکے اسے اپنے کنٹرول میں لے لیا۔

بارہ بونی دومہانی میں ایم ایل اے 2025 کپ کا 23 جنوری سے آغاز

آسنسول: 15 / جنوری، (عوامی نیوز سروس): بارہ بونی اور سلان پور بلاک کے فٹ بال کے شائقین کے لیے بڑی خبر ہے ایم ایل اے 2025 کپ 23 جنوری سے دومہانی کولا زورہ فٹ بال گراؤنڈ میں شروع ہونے جارہا ہے اس بڑے ٹورنامنٹ میں مجموعی طور پر 12 ٹیمیں حصہ لیں گی مقابلے کے حوالے سے کھلاڑیوں اور تماشائیوں میں زبردست جوش وخروش پایا جارہا ہے آج ہونے والی کھلاڑیوں کی نیلامی میں ٹیم مالکان نے اپنی پسندیدہ ٹیموں کے لیے بہترین کھلاڑیوں کا انتخاب کیا اس نیلامی پروگرام کے موقعے پر بارہ بونی کے ایم ایل اے اور آسنسول میونسپل کارپوریشن کے میئر بیدھان اپادھیائے بحیثیت مہمان خصوصی جلوہ افروز تھے اس کے علاوہ کئی دیگر معززین بھی پروگرام میں شرکت کے لیے آئے بالخصوص بارہ بونی پنچایت سمیتی کے صدر اسیت سنگھ، جامگرام گرام پنچایت صدر کیشو راوت، چھپرا گرام پنچایت کے سابق نائب سربراہ پارتھا مکھرجی، سماجی کارکن کرونا، مشہور کرکٹ اور فٹ بال کھلاڑی راکیش شرما 12 ٹیموں کے درمیان دلچسپ مقابلہ ہورہا ہے یہ مقابلہ نوجوانوں کے لیے اپنی صلاحیتوں کے اظہار کا سنہری موقع ہے بہترین کھلاڑیوں کے لیے پرکشش انعامات رکھے گئے ہیں۔

دو نوجوان 150 گرام براؤن شوگر کے ساتھ گرفتار

آسنسول: 15 / جنوری، (عوامی نیوز سروس): پولس نے کلٹی تھانہ علاقہ کے نعمت پور پھانڑی کے تحت نچھی پور شیئر کلالی کے قریب چھاپہ مار کر دو نوجوانوں کو تقریباً 150 گرام براؤن شوگر (منشیات) اور ایک بائک کے ساتھ گرفتار کیا۔ ان نوجوانوں میں سے ایک مقامی باشندہ ہے جبکہ دوسرے کا تعلق جنگی پور سے بتایا جاتا ہے۔ پولیس نے ان کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے چھاپے بھی شروع کر دیے ہیں۔ شام کے وقت اے سی پی کلٹی اور آسنسول ڈی ڈی کی مشترکہ ٹیم نے نچھی پور شیئر کلالی پٹرول پمپ کے قریب کارروائی کی آسنسول سے آنے والے دو نوجوانوں کو روک کر تلاشی لی گئی تو ان کے دو تھیلوں سے براؤن شوگر کے چار پانچ پیکٹ برآمد ہوئے گرفتار نوجوانوں کو نعمت پور پھانڑی لایا گیا جہاں ان سے پوچھ گچھ کی جارہی ہے ملزمان کی شناخت اور منشیات برآمد ہونے سے علاقے کے سرگرم شرپسندوں میں کھلبلی مچ گئی ہوگی۔ پولیس ذرائع کے مطابق گرفتار نوجوان سے تقریباً 150 گرام براؤن شوگر برآمد ہوئی ہے ایک ملزم کی شناخت مرشدآباد ضلع کے جنگی پور کے رہنے والے فرقول شیخ کے طور پر ہوئی ہے جو مستری کا کام کرتا ہے دوسرا ملزم ارش برنوال بتایا جاتا ہے جو کہ نعمت پور پھانڑی کے تحت الدیہہ کا رہائشی ہے تفتیش میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ فرقول شیخ یہ منشیات مرشدآباد سے لاکر ارش کے حوالے کیا تھا بڑی مچھلیوں تک پہنچنے کی کوشش میں پولیس جٹ گئی ہے۔ پولیس اب یہ جاننے کی کوشش کر رہی ہے کہ منشیات کی اس اسمگلنگ کے پیچھے کون بڑا ماسٹر مائنڈ ہے بتایا جارہا ہے کہ ریڈ لائٹ ایریا سے وابستہ کئی لوگ اس غیر قانونی کاروبار میں ملوث ہیں ان میں سے کچھ پہلے اور ضمانت پر باہر آنے کے بعد جیل جاچکے ہیں وہ رادھا نگر اور نعمت پور میں رہ رہے ہیں۔ ڈی سی پی ویسٹ سندیپ کررا کا بیان ہے کہ ڈی ڈی ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے دو نوجوانوں کو براؤن شوگر کے ساتھ گرفتار کیا ان میں سے ایک مقامی باشندہ ہے اور دوسرا جنگی پور کا ہے دونوں سے پوچھ گچھ جاری ہے پولیس جلد اسمگلنگ کے اس بڑے نیٹ ورک کو بے نقاب کرے گی۔

سڑک حادثہ میں سائیکل سوار زخمی

آسنسول: 15 / جنوری، (عوامی نیوز سروس): سڑک حادثے میں ایک سائیکل سوار بال بال بچا مگر زخمی ہوگیا کلٹی تھانے کی چورنگی چوکی کے تحت سروس روڈ پر پیش آیا چلبل پور گاؤں کا ایک سائیکل سوار اپنے کام کی جگہ پر جانے کے لیے گھر سے نکل رہا تھا اور چورنگی ٹریفک میں بشو پوسٹ کے ساتھ ملحقہ نیشنل ہائی وے 19 کے پاس سروس روڈ پر سائیکل چلا رہا تھا اسے ایک ٹرک نے ٹکر ماردی وہ شخص شدید زخمی ہوگیا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی چورنگی چوکی پولیس موقع پر پہنچی اور شدید زخمی شخص کو بچا کر علاج کے لیے آسنسول ڈسٹرکٹ اسپتال بھیج دیا واقعہ کے خلاف مقامی لوگوں نے سڑک بلاک کرکے احتجاج کیا چوکی چورنگی کے اہلکار اور کلٹی ٹریفک گارڈ نے موقع پر پہنچ کر مظاہرین سے بات چیت کی جس کے بعد پولیس کی یقین دہانی پر روڈ بلاک ہٹا دیا گیا۔

ای سی ایل کوارٹروں میں پھر چوری

آسنسول: 15 / جنوری، (عوامی نیوز سروس): جموڑیہ اسمبلی حلقہ کے سری پور پھانڑی کے بی کے ڈی کلب کے نزدیک اندرا کالونی میں چوری کی واردات سے لوگوں میں خوف وہراس ہے ذرائع کے مطابق شیوڈانگا ڈسپنسر کے پیچھے ای سی ایل کوارٹر میں کچھ دن پہلے چوری کی واردات ہوئی تھی اسی روز صبح جب ای سی ایل میں رہائش پذیر افراد گھر پہنچے تو انہیں واقعہ کا علم ہوا۔ اطلاع کے مطابق شیوڈانگا بی کے ڈی کلب کے قریب اندرا کالونی میں 4 گھروں میں پھر چوری کا واقعہ پیش آیا چوری کی واردات کی اطلاع ملتے ہی سری پور پھانڑی پولیس موقع پر پہنچ گئی اس حوالے سے خاتون کا کہنا تھا کہ گھر کے خالی ہونے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے چوروں نے تالے توڑ کر گھر میں رکھے طلائی زیورات اور نقدی چوری کرلی پڑوس کے گھر کے لوگ گاؤں گئے ہیں اور ان کے گھر میں بھی چوری کی واردات ہوئی ہے ایک اور رہائشی نے بتایا کہ چور رات گئے گھر کے تالے توڑ کر داخل ہوئے اور الماری میں رکھا قیمتی سامان لے کر فرار ہوگئے سری پور پھانڑی پولیس نے تفتیش شروع کردی ہے۔

ضلع اسپتال کے ڈاکٹروں کی بے مثال کامیابی
ٹیومر بورڈ کی نگرانی میں کینسر کے مریض کا پیچیدہ آپریشن

آسنسول: 15 / جنوری، (عوامی نیوز سروس): آسنسول ڈسٹرکٹ اسپتال کے ڈاکٹروں کو ایک بے مثال کامیابی ملی جب ٹیومر بورڈ کی نگرانی میں کینسر کے ایک مریض کا پیچیدہ اپریشن کرکے اسے صحتیاب کیا ہے اسنسول ضلع اسپتال میں کینسر کے ایک 35 سالہ مریض کی کامیاب سرجری ہوئی کہا جارہا ہے کہ اس سرجری کے بعد مریض کو نئی زندگی ملی آسنسول ڈسٹرکٹ اسپتال کے کینسر کیئر یونٹ کے تحت ٹیومر بورڈ کی نگرانی میں آسنسول ڈسٹرکٹ اسپتال کے سرجن ڈاکٹر امیت گپتا نے شیخ انور مریض کی بڑی آنت کا 50 سینٹی میٹر کا حصہ نکال دیا آسنسول ڈسٹرکٹ ہسپتال کے سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر نکھل چندر داس کے ساتھ ماہر آنکولوجسٹ ڈاکٹر امیت مکوپا، سرجن اور سرجن ڈاکٹر امیت گپتا نے مریض کو لے کر اس سرجری کے بارے میں تفصیل سے بتایا دعویٰ کیا جاتا ہے کہ یہ پہلا موقع ہے کہ کینسر کے مریض کی بڑی آنت کی پیچیدہ سرجری ہوئی ہے۔ ڈسٹرکٹ ہسپتال کا انفراسٹرکچر ایسی سرجریوں کی اجازت نہیں دیتا تھا۔ آسنسول کے جموڑیہ کے رہنے والے شیخ انور کو پہلے پیٹ میں تکلیف ہوئی اور 4 جنوری کو آسنسول ڈسٹرکٹ ہسپتال میں سرجری سمیت سارا عمل کیا گیا سرجری کے بعد بھی آسنسول ضلع اسپتال کے شعبہ پیتھالوجی میں بائیوپسی کی جارہی ہے۔ ڈاکٹر امیت منہوپ دھیا نے کہا پھر مریض کو آسنسول ڈسٹرکٹ ہسپتال میں کیموتھراپی دی جائے گی یہ عمل ایک ماہ بعد شروع ہوجائے گا بتایا جاتا ہے کہ شیخ انور اکتوبر 2024 میں آسنسول ڈسٹرکٹ اسپتال آئے تھے ان کی بڑی آنت میں ٹیومر پائے جانے کے بعد ڈاکٹروں نے جو ٹیومر بورڈ کے ممبر تھے تمام رپورٹس کا جائزہ لینے کے بعد گزشتہ نومبر میں سرجری کرنے کا فیصلہ کیا لیکن کچھ مسائل کی وجہ سے اس میں ایک ماہ کی تاخیر ہوجاتی ہے اس سلسلے میں ڈاکٹر امیت گپتا نے بتایا کہ گزشتہ 4 جنوری کو شیخ انور کی سرجری ہوئی تھی پیٹ کا تقریباً 50 سینٹی میٹر انت ہٹا دیا گیا ہے اب اس حصے کی بائیوپسی کی جائے گی مریض اب صحت مند ہے۔ اسے زیر نگرانی رکھا گیا ہے آسنسول ڈسٹرکٹ ہسپتال کے سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر نکھل چندر داس نے کہا کہ ہسپتال کی پوری ٹیم نے یہ کام کامیابی سے کیا میں اس کام کے لیے ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں اس دوران شیخ انور نے اپنی صحت یابی پر آسنسول ڈسٹرکٹ ہسپتال کے ڈاکٹروں کا شکریہ بھی ادا کیا آسنسول ڈسٹرکٹ اسپتال میں ڈاکٹروں نے ایک پیچیدہ آپریشن کرکے کینسر کے مریض کو نئی زندگی دی۔ آسنسول ڈسٹرکٹ اسپتال کے ڈاکٹروں کے ذریعہ ایک پیچیدہ آپریشن کیا گیا جس سے کینسر کے مریض کو نئی زندگی مل گئی ڈسٹرکٹ ہسپتال کے سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر نکھل چندر داس کی قیادت میں ہسپتال کے ڈاکٹروں نے آسنسول ڈسٹرکٹ ہسپتال میں صحافیوں کو بتایا کہ شیخ انور اسپتال آیا تھا اسے پیٹ میں تکلیف تھی اس کے بعد ہر قسم کی جانچ کی گئیں ہسپتال کے ماہر آنکولوجسٹ ڈاکٹر امیت مکھرجی نے مختلف قسم کے ٹیسٹ کروائے اور پایا کہ اس کی بڑی آنت میں کینسر ہے اس کے بعد اسے داخل کرایا گیا ان کا ہیموگلوبن بھی کافی حد تک کم ہوگیا تھا اس لیے اسے خون دیا گیا دوائیں دی گئیں اور 4 جنوری کو آپریشن کیا گیا جہاں بڑی آنت اور چھوٹی آنت کو ملا کر تقریباً 50 سینٹی میٹر آنت کاٹنا پڑی اس کے بعد انہیں دوا دی گئی اور اب شیخ انور پہلے سے کافی بہتر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ مشترکہ کوششوں سے ممکن ہوا ہے آسنسول ڈسٹرکٹ ہسپتال کے تمام ڈاکٹروں اور طبی عملے نے اس میں تعاون کیا مریض نے کہا کہ آسنسول ڈسٹرکٹ ہسپتال میں جس طرح کی خدمت ملی وہ کبھی نہیں بھول سکتے۔

صفحہ اول کا بقیہ

بقیہ: یوکرین نے روس

کے امریکی میزائل 'اے ٹی اے سی ایم ایس' کا استعمال کیا ہے۔ اس وجہ سے بڑے پیمانے پر تباہی کا اندیشہ ہے، حالانکہ ابھی تک نقصان کے بارے میں جانکاری سامنے نہیں آئی ہے۔

برائینسک علاقہ کے گورنر ایلکزنڈر بوگوماز کا کہنا ہے کہ یوکرین نے ایک بڑا میزائل حملہ کیا ہے، حالانکہ اس میں استعمال کیے گئے میزائلوں کی جانکاری نہیں دی گئی۔ اس کے علاوہ ساراتوف علاقہ کے گورنر رومن بجلرگن نے کہا کہ اینگیلس شہر میں ایک صنعتی یونٹ کو ڈرون حملے سے نقصان پہنچا ہے۔ اینگیلس وہی علاقہ ہے جہاں روس کے 'ایٹمک بامبر' لگے ہوئے ہیں۔ سیکورٹی اسباب کی بنا پر ساراتوف اور اینگیلس کے اسکولوں کو بند کر کلاسز آن لائن کر دی گئی ہیں۔ اس درمیان روس کے ایویشن واچ ڈاگ نے بتایا کہ کزان، ساراتوف، پینجا، الیانووسک اور نجنے کامسک جیسے علاقوں میں پروازوں پر پابندی لگادی گئی ہے۔ نجنے کامسک، جو کہ اہم ٹیٹیکو ریفائنری کا گھر ہے، وہاں بھی حملے کے سائرن بجائے گئے۔ حالانکہ ان حملوں میں کسی طرح کی موت یا بڑے نقصان کی تصدیق نہیں ہوئی ہے۔ روس نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے 200 سے زیادہ یوکرینی ڈرون اور 5 امریکی اے ٹی اے سی ایم ایس بیلسٹک میزائلوں کو مار گرایا ہے۔

روسی صدر ولادمیر پوتن اس حملے کے بعد ایک بار پھر یوکرین حامی ممالک کو متنبہ کرتے ہوئے نظر آئے۔ انھوں نے کہا کہ مغربی ممالک کے ذریعہ یوکرین کو اسلحہ دینے سے جنگ عالمی سطح پر پھیلنے کے دہانے پر پہنچ گیا ہے۔ پوتن نے اس سلسلے مین امریکہ اور برطانیہ کو تنبیہ بھی کی ہے۔ موجودہ حالات کو دیکھتے ہوئے روس نے حال ہی میں 'اوروشنک' نامی ہائپرسونک بیلسٹک میزائل کا تجربہ کیا تھا، جو یوکرین پر حملوں کے لیے ایک نئے مرحلہ کی شروعات تصور کیا جارہا ہے۔

بقیہ: سروس پستول چھین

وقت دو قیدی نے پولس اہلکار کی سروس پستول چھین لیا اور اندھادھند پولس اہلکاروں پر برسانے لگا۔ گولیوں کی بوچھار سے دو پولس اہلکار بری طرح گھائل ہوکر زمین پر گرے اور تڑپنے لگے۔ اس کے بعد دونوں قیدی نے ایک بائیک سوار کا بائیک چھین کر سوار ہوا اور فرار ہوگیا۔ انہونی واردات کے بعد وہاں لوگوں کا بھیڑ جمع ہوگیا۔ گھائل پولس اہلکار نیل کانت سرکار اور دیوین بوٹس کو لہولہان حالت میں وہاں سے اٹھا کر اسلام پور محکمہ اسپتال میں لے جاکر بھرتی کروادیا۔ ڈاکٹروں نے فوراً ہی اپنا کام شروع کردیا۔ اتنی جلد انہونی حادثے کے بعد اس مقام پر گھبرائے ہوئے لوگوں کا ہجوم بڑھ گیا بائیک پر بھاگنے والے دونوں قیدی اس وقت عدالت میں زیر سماعت ہے۔ ان کے اندر یہ پلان پہلے سے بن چکا تھا کہ انہیں ایسا ہی کرنا ہے۔ بھاگنے کے لئے ابھی پولس جان توڑ کوشش کرکے ان دونوں بھگوڑے قیدیوں کو ڈھونڈنے میں لگی ہیں علاقے کا سی سی ٹی وی بھی کھنگالا جارہا ہے۔

بقیہ: انتخاب سے متعلق

ہونے والے ہفتہ میں مقرر کیا ہے۔ جے رام رمیش نے اس عرضی میں اس بات پر زور دیا ہے کہ ترمیم کو مناسب عوامی بات چیت کے بغیر پیش کیا گیا ہے۔ کانگریس کی دلیل ہے کہ یہ قدم جمہوری اقدار کو بنائے رکھنے کے لیے کام کرنے والے اداروں میں بھروسہ کو کم کرتا ہے۔ ابھی حال ہی میں جو تبدیلیاں ہوئی ہیں، اس نے انتخابی طریقۂ عمل سے متعلق کچھ دستاویزات کے عوامی معائنہ پر روک لگادی ہے۔ اس معاملے میں حکومت نے جو اپنا نظریہ ظاہر کیا ہے، اس میں بتایا ہے کہ اہم مواد کے بیجا استعمال کو روکنے کے لیے یہ قدم ضروری تھا۔ حالانکہ ناقدین کا کہنا ہے کہ یہ اہم جانکاریوں کو جانچ کے دائرے سے بچاتا ہے اور انتخابات کی شفافیت کو کم کرتا ہے۔ اب دیکھنے والی بات یہ ہوگی کہ مرکزی حکومت اور الیکشن پینل عدالت میں کیا جواب دیتی ہے۔

بقیہ: راہل گاندھی کا موہن

نئے دفتر 'اندرا بھون' کی افتتاحی تقریب سے خطاب کررہے تھے۔ راہل گاندھی نے کہا کہ یہ بیان ملک کے آزادی کے کارکنوں اور آئین کو عزت دینے والے افراد کے لیے انتہائی توہین آمیز ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب بھاگوت جیسے شخص کا یہ بیان آتا ہے تو اس کا مطلب ہے کہ وہ عوامی سطح پر یہ کہنا چاہتے ہیں کہ 1947 میں ہندوستان کو آزادی نہیں ملی تھی۔ یہ کہنا کہ آزادی کی تحریک بے معنی تھی، ہر ہندوستانی کی توہین ہے۔ راہل گاندھی نے کہا، "کل ایک تقریر میں، آر ایس ایس کے سربراہ نے کہا کہ ہندوستان نے 1947 میں حقیقی آزادی حاصل نہیں کی، بلکہ جب رام مندر بنایا گیا تب آزادی حاصل ہوئی۔ یہ عمارت عام نہیں ہے۔ یہ ہمارے ملک کی مٹی سے نکلی ہے اور یہ لاکھوں لوگوں کی محنت اور قربانی کا نتیجہ ہے۔ تحریک آزادی کا ثمر ہمارا آئین ہے، جس پر کل موہن بھاگوت نے یہ کہہ کر حملہ بولا کہ آئین ہماری آزادی کی علامت نہیں ہے۔ یہ پارٹی ہمیشہ ایک خصوصی اقتدار کے لیے کھڑی رہی ہے اور ہم ان اقدار کو اس عمارت میں ظاہر ہوتا دیکھ سکتے ہیں۔" راہل گاندھی نے کہا کہ موجودہ حکمران جماعت کے لوگ آئین، قومی پرچم اور دیگر قومی علامتوں کی اہمیت کو نہیں سمجھتے اور ان کے نظریات کانگریس سے بالکل مختلف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ لوگ ہندوستان کو ایک چھپے ہوئے، گہری حکومت والے ملک کے طور پر دیکھنا چاہتے ہیں، جہاں ایک شخص کی حکمرانی ہو اور عوام کی آواز کو دبایا جائے۔ راہل گاندھی نے مزید کہا کہ ان کے لیے مخصوص طبقات جیسے دلت، اقلیتی برادری، پسماندہ طبقات اور قبائلی عوام کی آواز کو خاموش کرنا ان کا ایجنڈا ہے۔ راہل گاندھی نے کہا کہ کانگریس ہی وہ واحد جماعت ہے جو اس ظلم کے خلاف کھڑی ہے، کیونکہ اس کا نظریہ محض آج کا نہیں، بلکہ ہزاروں سال پرانا ہے۔ کانگریس کے نظریات ہمیشہ سے آر ایس ایس کے نظریات کے مخالف رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ کانگریس ہی وہ واحد سیاسی قوت ہے جو اس وقت حکومت کے دہرے معیار اور ان کے ملک کے آئینی ڈھانچے پر حملے کے خلاف مضبوطی سے کھڑی ہے۔ راہل گاندھی نے کہا کہ یہ وقت آگیا ہے کہ ان نظریات کے خلاف آواز بلند کی جائے اور لوگوں کو یہ سمجھایا جائے کہ کانگریس ہی واحد جماعت ہے جو اس ملک کے آئین کی حفاظت کرے گی۔

بقیہ: زانی اور قاتل آسارام

اسے فوری طور پر جیل سے رہا کیا گیا۔ آسارام کی رہائی کے بعد جودھپور کے پال روڈ پر واقع اس کے آشرم میں بڑی تعداد میں موجود عقیدت مندوں نے پھولوں کی بارش کرکے اس کا پرتپاک استقبال کیا۔ آشرم کے مرکزی دروازے کو خوبصورتی سے سجایا گیا تھا اور رنگولی بھی بنائی گئی۔ آسارام نے اپنے کمرے میں جانے سے قبل اپنے پیروکاروں کو ہاتھ ہلا کر اشارہ کیا۔ عدالت کی ہدایات کے مطابق تین گارڈ اس کے ساتھ نگرانی کے لیے تعینات کیے گئے ہیں۔ پولیس کے مطابق آسارام کچھ عرصے سے شہر کے ایک آیورویدک اسپتال میں پیرول پر زیر علاج تھا۔ رہائی کے فیصلے کے بعد اسپتال کے باہر بھی پیروکاروں کا ہجوم جمع ہوگیا اور اسے پھولوں کی مالا پہنائی گئی۔ رہائی کے بعد جب وہ اپنے آشرم پہنچا تو میڈیا سے بدسلوکی کے واقعات بھی پیش آئے۔ آسارام کے وکیل نشانت بورا نے کہا کہ مشروط ضمانت کے دوران وہ اپنی پسند کی جگہ پر علاج کرواسکتا ہے، تاہم عدالت کی شرائط کی مکمل پابندی لازمی ہوگی۔ سپریم کورٹ نے حالیہ ہفتے میں ایک اور کیس میں بھی آسارام کو مشروط ضمانت دیتے ہوئے علاج کی ضرورت کو بنیاد بنایا تھا۔ اس کی ضمانت 31 مارچ تک محدود ہے۔

کولکاتا کے لوگ بنی جانوں کو خطرے میں ڈال کر رہائش پذیر: دلیپ گھوش

کولکاتا، 15 / جنوری: (عوامی نیوز سروس) کولکاتا کے لوگ بنیادی طور پر اپنی جان کو خطرے میں ڈال کر زندگی گزار رہے ہیں۔ بی جے پی کے سابق ریاستی صدر دلیپ گھوش نے جنوبی کولکاتا کیٹالی گنج علاقے کے نیتاجی نگر کے وارڈ نمبر 99 میں ایک کثیر المنزلہ عمارت کے گرنے پر شدید تنقید کی۔ انہوں نے انٹرویو میں کہا کہ کولکاتا میں پل ٹوٹنا، سڑک کا ٹوٹنا اور عمارتوں کا گرنا خطرناک حد تک عام ہوگیا ہے۔ تاہم ان مقدمات میں کسی کو گرفتار یا سزا نہیں دی جاتی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ فلیٹس کی تعمیر میں حکمراں جماعت لیڈروں، کونسلروں، پولس افسران اور میونسپل عہدیداروں کو فی مربع فٹ کے حساب سے دکشینہ تقسیم کیا جاتا ہے۔ نتیجے کے طور پر پروموٹر ڈھانچے کی تعمیر کے لیے کمتر مواد استعمال کرنے پر مجبور ہیں۔ کولکاتا میں کوئی نہیں جانتا کہ پل یا عمارت کب گر سکتی ہے۔

ہنرمند جانور تفریحی کھیلوں کے اہم ذرائع



نئی دہلی، 15 جنوری (یواین آئی) عام طور پر کھیلوں کو ایک تفریح کے طور پر بیان کیا جاتا ہے جس میں جسمانی سرگرمیاں شامل ہوتی ہیں۔ زیادہ تر لوگ ایک کھیل کو ایک ایتھلیٹک مقابلے کے طور پر سوچتے ہیں جو جسمانی طاقت، صلاحیت، چستی اور رفتار جیسی مہارتوں کا مظاہرہ کرتا ہے۔ انسانوں نے صدیوں پہلے اس بات کو تسلیم کرلیا تھا کہ بہت سے جانور قدرتی طور پر ایسی مہارت رکھتے ہیں اور انہیں کھیلوں کے مقابلوں میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔

امریکہ میں آج اہم کھیلوں، جن میں جانور بھی شامل ہوتے ہیں، جیسے گھوڑوں کی دوڑ، گرے ہاؤنڈ ریسنگ، سلیج ڈاگ ریسنگ، روڈیو، اور منظم جانوروں کی لڑائی وغیرہ۔ وہ کھیل جن میں جانور بھی شامل ہوتے ہیں اس طرح کے کھیل شاید لوگوں کے درمیان دوستانہ مقابلوں کے طور پر شروع ہوئے جو اپنے جانوروں کو دکھانا چاہتے ہیں، لیکن آہستہ آہستہ مقبول ہونے کے بعد یہ کھیل ایک کاروباری شکل میں تبدیل ہوگئے جس میں بڑی مقدار میں پیسہ شامل ہے۔ ہارس ریسنگ اور گرے ہاؤنڈ ریسنگ جوئے کی قانونی صنعت کے ساتھ جڑے ہوئے ہیں۔ روڈیوز اور سلیج ڈاگ ریس کا انحصار زیادہ تر اسپانسرز پر ہوتا ہے۔ اسپانسرز وہ کمپنیاں ہیں جو کسی تقریب کے دوران اشتہار دینے کی اجازت کے بدلے میں مالی مدد فراہم کرتی ہیں [؟] مثال کے طور پر، کسی میدان کے اردگرد، پروگراموں میں، یا یونیفارم یا گاڑیوں پر اشتہار لگا کر۔ یہاں تک کہ جانوروں کی لڑائی بھی ایک طرح کا کاروبار بن گئی ہے، جس کا منافع تقریباً مکمل طور پر غیر قانونی جوئے سے ہوتا ہے۔

ان تمام کھیلوں میں، ہنرمند جانوران لوگوں کے لیے کافی منافع بخش ثابت ہوتے ہیں جو ان کے مالک، تربیت اور انتظام کرتے ہیں۔ کھیلوں کی صنعت میں شامل کچھ جانوروں کی ان کے "ایتھلیٹک کیریئر" کے دوران اچھی طرح دیکھ بھال کی جاتی ہے۔ کھیلوں میں استعمال ہونے والے جانور جو کم ہنرمند ہوتے ہیں یا پھر زخمی ہوجاتے ہیں، یا پھر مزید مقابلہ کرنے کے لیے تیار نہیں ہوتے اور کچھ جانور ریٹائر بھی ہوجاتے ہیں، ان پر کم توجہ دی جاتی ہے۔

کھیلوں میں جانوروں کی قسمت اور فلاح انسانوں کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔ جانوروں کے حقوق کے لیے کام کرنے والوں کے نزدیک یہ ایک بنیادی مسئلہ ہے۔ مختلف تنظیموں کا کہنا ہے کہ جانوروں کو لوگوں کو کسی بھی مقصد کے لیے استعمال نہیں کرنا چاہیے، بشمول کھیل۔ جانوروں کی فلاح و بہبود کے ماہرین اپنی توجہ جانوروں کے کھیلوں میں بے نقاب کرنے، ان کی تشہیر اور غیر قانونی طریقوں پر مرکوز کرتے ہیں جنہیں وہ جانوروں کے لیے نقصان دہ سمجھتے ہیں۔

تمام جانوروں کے کھیلوں کی جڑیں تاریخی رسم و رواج سے کہیں نہ کہیں جا کر ملتی ہیں جیسے مذہبی رسومات؛ سامعین کی تفریح کے لیے مقابلوں کا انعقاد، جنگ، شکار، اور گلہ بانی کے طور طریقے، جانوروں کو آپس میں لڑوانے والے خونی کھیل وغیرہ وغیرہ۔ قرون وسطی کے دوران یورپ میں خون کے کھیلوں کی مقبولیت میں اضافہ ہوا۔ ان میں ریچھ، بیل، کتے اور مرغ وغیرہ جانور شامل تھے جو مختلف فورمز پر ایک دوسرے سے لڑتے تھے۔ یہ واقعات اکثر کھیلوں سے زیادہ ذبح کی طرح ہوتے تھے۔ جانوروں کو عام طور پر گرم اسپائکس کے ساتھ تشدد کا نشانہ بنایا جاتا تھا یہاں تک کہ جلتی ہوئی پچ سے بھی دبایا جاتا تھا تاکہ وہ زیادہ شدید اور پرتشدد طریقے سے لڑسکیں۔ جب امریکہ میں ریچھ اور بیل کاٹنے کو غیر قانونی قرار دینے کی قانون سازی کی گئی تو کاک فائٹنگ اور ڈاگ فائٹنگ زیادہ مقبول ہوئی اور یہ مقابلے زیادہ سے زیادہ عوام کی توجہ مبذول کیے بغیر منعقد کیے جاتے تھے۔

گھوڑوں پر مشتمل کھیلوں کے واقعات کی ابتدا جنگ، شکار اور گلہ بانی کے طریقوں سے ہوتی ہے، جس میں تیز رفتار گھوڑے ایک بہت بڑی ضرورت تھے۔ آثار قدیمہ کے ریکارڈ سے پتہ چلتا ہے کہ گھڑ دوڑ قدیم بابل، شام اور مصر میں ہوئی تھی۔ یہ 664 قبل مسیح کے اوائل میں یونانی اولمپک کھیلوں کا ایک واقعہ تھا۔ گھوڑوں کی منتخب افزائش نسل ہزاروں سال پرانی ہے اور قدیم عربوں اور رومیوں نے اس پر عمل کیا تھا۔ رومیوں نے ہپوڈرومز نامی بڑے میدانوں میں رتھ کی دوڑیں منعقد کیں، جن میں سب سے مشہور سرکس میکسمس تھا۔

گرے ہاؤنڈ ریسنگ شاید کئی ہزار سال پہلے افریقہ اور ایشیا کے بیڈوئن قبائل کے ساتھ شروع ہوئی تھی۔ یہ مصری فرعونوں اور قدیم یونان اور روم میں مقبول تھا۔ قرون وسطی کے اشرافیہ خرگوش، ہرن اور لومڑیوں کے شکار کے لیے گرے ہاؤنڈز کا استعمال کرتے تھے۔ 1500 کی دہائی کے دوران ملکہ الزبتھ اول کو شکار کا ایک کھیل ایجاد کرنے کا سہرا دیا جاتا ہے جسے کورسنگ کہا جاتا ہے جس میں خرگوشوں کا پیچھا کرنے کے لیے گرے ہاؤنڈز کا استعمال کیا جاتا تھا۔ گرے ہاؤنڈ ریسنگ کو "اسپورٹ آف کوئنز" کہا جانے لگا۔ گھوڑے سب سے زیادہ ہمہ گیر کھیلوں کا جانور ہیں جو ریسنگ اور روڈیو کے علاوہ کھیلوں میں بڑے پیمانے پر حصہ لیتے ہیں۔ تاہم، ان کھیلوں میں کوئی بھی گھوڑا اکیلے مقابلہ نہیں کرتا ہے، ان سب میں انسان شامل ہوتے ہیں، جو گھوڑوں پر سوار ہوتے ہیں، ان کے ساتھ ساتھ دوڑتے ہیں۔

اگرچہ بوائنز گھوڑوں کی طرح دلکش نہیں ہیں، پھر بھی وہ دو منظم کھیلوں میں اہم کردار ادا کرتے ہیں: بُل فائٹنگ اور روڈیو۔ بیل فائٹنگ کا ایک لمبا اور شاندار ماضی ہے، لیکن شمالی امریکہ میں یہ کبھی مقبول نہیں ہوا۔ یہ اسپین اور پرتگال، کچھ لاطینی امریکی ممالک، جیسے میکسیکو، پیرو، کولمبیا، وینزویلا، اور ایکواڈور، جنوبی فرانس اور افریقی جزیرے پیمبا میں بہت مقبول ہے۔

کتے تین کھیلوں میں بڑے پیمانے پر حصہ لیتے ہیں: سلیج ڈاگ ریسنگ، گرے ہاؤنڈ ریسنگ، اور منظم لڑائی۔ یہ کھیل اپنی قانونی حیثیت میں بڑے پیمانے پر مختلف ہیں۔ سلیج کتے کی دوڑ ایک کھیل کے طور پر تیار ہوئی ہے تاکہ سخت کتوں کی مہارت کو دکھایا جاسکے جو صدیوں سے برفانی علاقوں میں سلیج کھینچ رہے ہیں۔ اس کے برعکس، گرے ہاؤنڈ ریسنگ تیز رفتار اور خوبصورت کتوں کے درمیان مقابلے کے طور پر شروع ہوئی لیکن جوئے کے شوق میں بدل گئی۔ ہر ریاست میں منظم کتے کی لڑائی غیر قانونی ہے۔ اس کے ناجائز ہونے کے باوجود، یا شاید اس کی وجہ سے، کتے کی لڑائی اب بھی مقبول ہے۔ اس کی جڑیں خونی کھیلوں میں پنہاں ہیں جو قدیم رومیوں کے کولیزیم میں لطف اندوز ہوتے تھے۔ کتوں کے یہ تینوں کھیل بڑے پیمانے پر نسل کے لیے مخصوص ہیں: ملاموٹس، اور سائبیرین ہسکیز سلیج ریس، ٹریک ریسنگ میں گرے ہاؤنڈز، اور لڑائی میں پٹ بیلوں کا مقابلہ کرتے ہیں۔ کھیلوں کے ایونٹ کے دوران صرف سلیج ڈاگ ریسنگ انسانوں اور کتوں کو جوڑتی ہے۔ گرے ہاؤنڈ ریسنگ اور ڈاگ فائٹنگ صرف کتے کے مقابلے ہیں۔

یہاں مختلف قسم کے نئے شوقیہ کھیلوں کے واقعات بھی ہیں جو کتوں کے لیے ابھر رہے ہیں۔ چستی پر مبنی مقابلے، جیسے فریسبیز کو پکڑنا اور رکاوٹوں کو عبور کرنا، مقبولیت میں بڑھ رہے ہیں۔ کتے کے جدید ترین کھیلوں میں سے ایک کو فلائی بال کہا جاتا ہے۔ یہ ایک ریلے ایونٹ ہے جس میں کتوں کی ٹیمیں رکاوٹوں کو چھلانگ لگانے اور گیند کو بازیافت کرنے کے لئے ایک دوسرے کے خلاف مقابلہ کرتی ہیں۔ 2000 میں بین الاقوامی فیڈریشن آف اسنولوجیکل سپورٹس یورپ میں دنیا کے مختلف ممالک میں کتوں کے کھیلوں کے انعقاد کی تنظیموں کو متحد کرنے کے لیے تشکیل دی گئی۔

گھریلو پرندے (Gallus gallus) گیلس مرغ جسے بالغ نر مرغ بھی کہا جاتا ہے۔ مرغ صرف ایک منظم کھیل میں حصہ لیتے ہیں: کاک فائٹنگ۔ زیادہ تر ریاستوں میں کاک فائٹنگ غیر قانونی ہے اور اسے خون کا کھیل سمجھا جاتا ہے کیونکہ اس میں حصہ لینے والے مرغوں کو لڑائی کے دوران اکثر مارا یا مسخ کردیا جاتا ہے۔

ناقدین کا ماننا ہے کہ جانوروں کے کھیل بالکل کھیل نہیں ہیں، بلکہ جانوروں کی پرفارمنس کو مجبور کیا جاتا ہے جن کا اس معاملے میں کوئی چارہ نہیں۔ ان کا ماننا ہے کہ کھیلوں کے جانور قدرتی طور پر برتاؤ نہیں کررہے ہیں بلکہ وہ کام کررہے ہیں جو کرنے کے لیے یا تو انہیں تربیت دی گئی ہے یا کئی نسلوں سے ان کی پرورش ہوئی ہے۔ چونکہ جانوروں کے کھیلوں میں اتنا پیسہ شامل ہے، جانوروں کی فلاح و بہبود اور حقوق کے حامیوں کا کہنا ہے کہ لالچ اور مالی ترقی جانوروں کے کھیلوں کے پیچھے بنیادی محرک ہیں۔

الکاراز نے یوشی ہیتو کو شکست دے کر تیسرے راؤنڈ میں داخلہ حاصل کیا

میلبورن، 15 جنوری (یواین آئی) اسپین کے ٹینس لیجنڈ کارلوس الکاراز نے بدھ کو جاپان کے یوشی ہیتو نیشیو کا کو شکست دے کر آسٹریلین اوپن کے تیسرے راؤنڈ میں داخلہ حاصل کر لیا۔ عالمی نمبر دو اسپین کے الکاراز نے شاندار درستگی، طاقت اور رفتار کا مظاہرہ کرتے ہوئے جاپانی کھلاڑی نیشیو کا کو آج یہاں دوسرے راؤنڈ میں محض 81 منٹ میں 0-6، 1-6، 4-6 سے شکست دی۔ الکاراز نے پہلا سیٹ محض 18 منٹ میں جیت لیا۔ تیسرے سیٹ میں کچھ وقت میں واپسی سمیت اپنی بہترین کوششوں کے باوجود نیشیو کا اپنے حریف کے خلاف برتری برقرار نہ رکھ سکے۔ الکاراز کا مقابلہ تیسرے راؤنڈ میں آسٹریلیا کے 27ویں سیڈ جارڈن تھامسن یا پرتگال کے نونو بورگیس میں سے کسی ایک کے فاتح سے ہوگا۔

جوکووچ فاریا کو شکست دے کر آسٹریلین اوپن کے تیسرے راؤنڈ میں داخل

میلبورن، 15 جنوری (یواین آئی) سربیا کے لیجنڈری ٹینس کھلاڑی نوواک جوکووچ نے بدھ کو شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پرتگال کے جائم فاریا کو شکست دے کر آسٹریلین اوپن کے تیسرے راؤنڈ میں رسائی حاصل کی۔ سربیا کی اسٹار ٹینس کھلاڑی نے آج یہاں راڈ لاور ایرینا میں تین گھنٹے تک چلے مقابلے میں فاریا کو 1-6، 7-6، 3-6، 2-6 سے شکست دی۔ میچ کے دوران فاریا نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے جوکووچ کو کئی بار پریشان کیا۔ تیسرے راؤنڈ میں جوکووچ کا مقابلہ جمہوریہ چیک کے ٹامس ماچک سے ہوگا۔

بہتر مستقبل کیلئے کرکٹر عثمان قادر نے پاکستان چھوڑا، اب آسٹریلیا کے لیے کھلیں گے

لاہور، 15 جنوری: پاکستانی کرکٹر عثمان قادر کرکٹ میں اپنے بہتر مستقبل کے لیے آسٹریلیا چلے گئے۔ انٹرنیشنل کرکٹر عثمان قادر نے نیو ساؤتھ ویلز میں رہائش اختیار کرلی ہے اور وہ سڈنی میں ہاکسبری کلب کی جانب سے کھیل رہے ہیں۔ عثمان قادر نے ساؤتھ آسٹریلیا کی نمائندگی کی جب کہ پرتھ اور ایڈیلیڈ کی جانب سے بی بی ایل بھی کھیلی۔ اس کے علاوہ عثمان قادر کو آسٹریلیا کی پرائم منسٹر الیون کی جانب سے بھی کھیلنے کا اعزاز ملا۔ یہاں یہ بات بھی قابلِ ذکر ہے کہ عثمان قادر نے گزشتہ برس اکتوبر میں مایوس ہوکر پاکستان کرکٹ سے ریٹائرمنٹ لے لی تھی۔ اس بارے میں کرکٹر عثمان قادر کا کہنا ہے کہ کرکٹ ہی میرا روزگار ہے، مستقبل کے پلان کے ساتھ آسٹریلیا آیا ہوں اور میں پرامید اور پرعزم ہوں کہ کرکٹ میں ہی مجھے اچھے مواقع ملیں گے۔ دوسری جانب ذرائع کا بتانا ہے کہ عثمان قادر کی فیملی بھی جلد آسٹریلیا چلی جائے گی۔ واضح رہے کہ عثمان قادر اپنے مرحوم والد عبدالقادر کی خواہش پر آسٹریلیا چھوڑ کر پاکستان آئے تھے کیونکہ سابق کرکٹر عبدالقادر اپنے بیٹے عثمان قادر کو پاکستان کی جانب سے کھیلتا دیکھنا چاہتے تھے۔ عثمان قادر نے ایک ون ڈے اور 25 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز میں پاکستان کی نمائندگی کی ہے مگر اب آسٹریلیا میں ہی کرکٹ کھیلنے کے پلان کے ساتھ عثمان قادر دوبارہ آسٹریلیا چلے گئے۔

پنجاب کابینہ نے قذافی اسٹیڈیم کا نام تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا مسترد

لاہور، 15 جنوری: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا 22 واں اجلاس ہوا جس میں ایجنڈا پوائنٹ زیر بحث لائے گئے۔ کابینہ نے ای وہیکلز چارجنگ اسٹیشن قائم کرنے کے لیے پالیسی طلب کرلی اور قذافی اسٹیڈیم کا نام تبدیل کرنے کا فیصلہ مسترد کردیا۔ خیال رہے کہ 2022 میں کراچی کے نیشنل اسٹیڈیم کا نام تبدیل کردیا گیا تھا اور اب نیشنل بینک کرکٹ ارینا بن گیا ہے۔ قذافی اسٹیڈیم 1959 میں بنا تھا جس کا نام 'لاہور اسٹیڈیم' رکھا گیا تھا، بعدازاں 1974 میں لیبیا کے صدر مردِ آہن مرحوم معمر قذافی نے لاہور میں ہونے والے او آئی سی اجلاس میں شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے پاکستان کو ایٹمی ہتھیار ملنے کے حق میں تقریر کی جس کے بعد پاکستان کے اس وقت کے وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے اس اسٹیڈیم کا نام لیبیائی صدر معمر قذافی کے اعزاز میں اس اسٹیڈیم کا نام 'قذافی اسٹیڈیم' رکھ دیا۔

چیمپئنز ٹرافی 2025 سے قبل پاکستان کرکٹ ٹیم کے عبدالرحمن بالنگ کوچ مقرر

کراچی، 15 جنوری: پاکستان کرکٹ ٹیم میں تبدیلیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ چیمپئنز ٹرافی 19 فروری سے پاکستان کی میزبانی میں شروع ہونے جارہی ہے۔ اس سے پہلے ایک بڑی خبر سامنے آرہی ہے۔ یہ خبر پاکستان کرکٹ ٹیم کے کوچنگ اسٹاف سے متعلق ہے۔ دراصل میڈیا رپورٹس کے مطابق پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے سابق پاکستانی کرکٹر عبدالرحمان کو پاکستان کرکٹ ٹیم کا اسپن بولنگ کوچ بنا دیا ہے۔ اب عبدالرحمٰن چیمپئنز ٹرافی میں پاکستان کے اسپن باؤلرز کی کوچنگ کرتے نظر آئیں گے۔ عبدالرحمٰن 2012 میں ابوظہبی ٹیسٹ کے ہیرو تھے جب پاکستان نے انگلینڈ کے خلاف 145 رنز کا دفاع کیا تھا۔ اس میچ میں انہوں نے اپنی بولنگ سے انگلش ٹیم کو دنگ کردیا۔ انہوں نے 2007 سے 2014 تک پاکستان کے لیے 22 ٹیسٹ میچوں کی 43 اننگز میں 99 وکٹیں حاصل کیں۔ اس کے علاوہ انہوں نے 31 ون ڈے میچوں میں 30 وکٹیں حاصل کیں۔ ان کے نام 8 ٹی ٹوئنٹی میچوں میں 11 وکٹیں بھی ہیں۔ آپ کو بتاتے چلیں کہ پاکستان کرکٹ ٹیم کے وائٹ بال کے ہیڈ کوچ گیری کرسٹن تھے جنہوں نے 2011 میں بھارت کو ونڈے ورلڈ کپ جتوایا تھا۔ انہوں نے دورہ آسٹریلیا سے قبل کوچ کے عہدے سے استعفیٰ دے دیا تھا۔ ان کا دور اقتدار صرف 6 ماہ رہا۔ ان کی جگہ جیسن گلیسپی کو پاکستان کا ہیڈ کوچ مقرر کیا گیا، کچھ عرصے بعد انہوں نے کوچنگ کا عہدہ چھوڑ دیا۔ دونوں نے استعفیٰ کی وجہ پی سی بی اور ٹیم مینجمنٹ کے ساتھ اختلافات کو بتایا تھا۔ پاکستانی ٹیم چیمپئنز ٹرافی 2025 محمد رضوان کی کپتانی میں گھر پر کھیلنے جارہی ہے۔ ایسے میں بابر اعظم اور شاہین شاہ آفریدی جیسے کھلاڑیوں کی شاندار کارکردگی کی وجہ سے ٹیم ٹائٹل جیتنے کے لیے بے چین ہوگی۔

سب کچھ دھواں دھواں سا.....

نام کتاب:۔سب کچھ دھواں دھواں سا...
مصنفہ:۔قلبی اکرام
اشاعت:۔2024، زیر اہتمام:۔اکرام الحق
سرورق:۔ڈاکٹر تسلیم عارف، ضخامت:۔200 صفحات
قیمت:۔400 روپے، ناشر:۔انجلا پبلی کیشنز
مبصر:۔خورشید فرازی

زیر مطالعہ کتاب ''سب کچھ دھواں دھواں سا'' اس مصنفہ کی کہانیوں کا مجموعہ ہے جو برصغیر کی اعلیٰ اور مستند افسانہ نگار تسلیم کی جاتی تھیں جس کا نام روحی قاضی تھا۔ اس کتاب پر تبصرہ کرنے سے پہلے راقم ڈاکٹر روحی قاضی اور ان کی چھوٹی ہمشیرہ محترمہ قلبی جلیلی (اکرام) سے اپنے ذاتی مراسم کے بارے میں کچھ عرض کردینا ضروری ہے۔ روحی قاضی سے میری پہلی ملاقات 1977 میں کلکتہ یونیورسٹی کے شعبہ اردو میں ہوئی تھی جہاں میں سال اول ایم اے اردو کا طالب علم تھا اور ڈاکٹر روحی قاضی نے ایم اے پاس کرنے کے بعد ڈاکٹریٹ کیلئے اپنی درخواست منظور کرالی تھی۔ اس وقت ڈاکٹر ظفر اوگانوی صاحب نے میرا تعارف روحی انعام (قاضی) سے کرایا اور بتایا کہ تم بھی اکثر و بیشتر افسانہ لکھتے رہتے ہو اور روز نامہ آزاد ہند، روزانہ ہند، عکاس وغیرہ میں چھپتے بھی ہو اور یہ روحی صاحبہ ہیں جن کے افسانے اور کہانیاں ہند پاک کے اہم جریدوں میں چھپتے ہیں۔ چونکہ میں خود ان کے افسانے بیسویں صدی، بانو، شمع، خاتون مشرق اور شاہراہ پر پڑھ چکا تھا اور ان سے اچھی غائبانہ شناسی تھی اور میں ان کے بہترین افسانوں کا معترف تھا اور ڈاکٹر ظفر اوگانوی جیسا مستند اور برصغیر کا بہترین افسانہ نگار جب ان کی تعریف کررہا ہو تو پھر مزید کچھ کہنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اس کے بعد اکثر و بیشتر ان سے شعبہ اردو اور یونیورسٹی کے لائبریری میں ہوجاتی تھی۔ اس زمانے میں ریسرچ اسکالروں میں امرا امیری، یوسف تقی، عبدالمنان، ابوبکر جیلانی وغیرہ ریسرچ اسکالر تھے اور زیادہ تر اسکالروں کے نگراں ڈاکٹر ظفر اوگانوی ہی تھے کیونکہ ان کی ہر دلعزیزی نے سبھوں کو مسحور کر رکھا تھا۔

میں نے کچھ افسانے روحی صاحبہ کو دکھائے تو انہوں نے تعریف کی کہ افسانے تمام عنوان کے حساب سے بیحد متاثر کن ہیں اور اس میں واوین کی جو کمی ہے، اسے میں درست کردوں گی، اس زمانے میں میرے کلاس فرسٹ ایر ایم اے اردو میں معصوم شرقی، شہناز نبی، شہیرہ مسرور، خلش امتیازی، حیدر صفت وغیرہ فرسٹ ایر اور سکنڈ ایئر میں تھے اور یہ سبھی افسانہ نگار، شاعر اور تنقیدی مضامین لکھنے میں ماہر تھے اور خاص طور پر شہناز نبی بہترین افسانہ نگار، مترجم اور تنقیدی مضامین لکھنے میں کلیم الدین احمد، گیان چند جین، گوپی چند نارنگ جیسے ناقدین کے حوالے سے اس قدر لکھتی تھی کہ حیرت ہوتی تھی کہ ان کا مطالعہ کس قدر وسیع ہے اور اس کے مقابلے احقر کی حیثیت سمندر میں ایک بوند سے زیادہ کی حیثیت نہیں تھی۔ شہیرہ مسرور بھی بیحد اچھی افسانہ نگار تھیں خلق امتیازی بہترین شاعر، معصوم شرقی اور حیدر صفت بہترین شاعر ہونے کے علاوہ بہترین مضمون نگار بھی تھے۔ ان سب کے درمیان بھی روحی صاحبہ کی اپنی ایک مسلم حیثیت تھی اور وہ سبھی اساتذہ ڈاکٹر ظفر اوگانوی، ڈاکٹر عبدالرؤف، ڈاکٹر جاوید نہال، شاہ مقبول احمد کے درمیان بیحد ہر دلعزیز تھیں اور میں اپنے طور پر کہہ سکتا ہوں کہ آج مختصر افسانے کے چار مجموعے شائع ہوچکے ہیں لیکن میرا پورا مجموعہ ڈاکٹر روحی کی ایک کہانی کے مقابلے میں بھی ٹھہر نہیں سکتا۔ مجھے یہ بھی فخر ہے کہ ڈاکٹر روحی نے افسانہ لکھنے میں میری بہت مدد کی۔ جب 1990 میں روزنامہ آبشار (سالک لکھنوی کی ادارت) میں مجھے نیوز ایڈیٹر بنایا گیا تو ڈاکٹر روحی کو ہفتے میں دو دن اداریہ لکھنے کا موقع ملا اور وہ سالک لکھنوی، رئیس احمد جعفری، سعید پریمی، خورشید انور کے ساتھ ایڈیٹوریل بورڈ میں شامل کی گئیں اور بہترین افسانہ نگار کے علاوہ بہترین اداریہ لکھنے میں مقبول ہوئیں۔

زیر مطالعہ کتاب میں ڈاکٹر عارف تسلیم کا تبصرہ اچھوتا ہے۔ اس وقت وہ بیحد محنت سے مضامین لکھ رہے ہیں اور بیحد اچھے ناقد بھی ہیں۔ محترمہ قلبی اکرام نے ڈاکٹر روحی کے افسانوں کو یکجا کر کے جس طرح سے منظر عام پر لایا اس میں ڈاکٹر تسلیم عارف کی خدمات کا اعتراف کرنا پڑتا ہے۔ کامران غنی صبا، شیفین عادل، منظر جمیل اور خود قلبی اکرام کی تحریریں اس کتاب کو اجاگر کرنے میں مدد دیتی ہیں۔ ان کے چند افسانے جیسے 'سلگتی چاندنی' وفا کی ڈور' نیام غم (ناول) وغیرہ ڈاکٹر روحی کی عظمت کو دوبالا کرتے ہیں۔ کلکتہ میں ایک ناول نگار کی حیثیت سے بھی ڈاکٹر روحی کا نام نمایاں ہے۔ عورت پر مظالم، بے گناہ کی فریاد، اور اسی طرح کے المیہ پر ڈاکٹر روحی کا اداریہ جو آبشار میں شائع ہوا وہ قابل ذکر ہے۔ مجھے ان سے انسیت کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ چاندنی چوک کے صابر ہوٹل کے پاس جہاں آبشار کا دفتر تھا، ڈاکٹر روحی جس دن دفتر میں تشریف لاتی، وہ کچھ دیر میرے پاس آکر مختلف مسائل پر بات کریں اور اس سے زیادہ اہمیت یہ ہے کہ وہ میرے لئے صابر ہوٹل کا پراٹھا اور چائے ضرور منگواتی تھیں اور اس دور میں، میں انہیں اسی ہمدردی کی بناء پر زیادہ یاد رکھتا تھا لیکن آج جبکہ وہ ہمارے درمیان نہیں ہیں تو صحیح معنوں میں سب کچھ لگ رہا ہے ''دھواں دھواں سا.....

★★★★★

Aawami news Kolkata
Also published from Ranchi & Patna
Thursday, 16th January, 2025
روزنامہ عوامی نیوز کولکاتا
جمعرات ۱۶؍جنوری ۲۰۲۵ء

محمڈن اور چنین ایف سی کا میچ 2-2 گول سے ڈرا

آخری لمحوں میں ریم سانگا نے پنالٹی سے گول کر کے شکست ٹال دی

کولکاتا 15 جنوری: چنین ایف سی نے آئی ایس ایل کے ریٹرن لیگ میں محمڈن اسپورٹنگ سے فرسٹ لیگ کی شکست کا حسین انتقام لیا۔ اس میچ میں محمڈن کو پہلے نصف میں جبکہ وہ ایک گول سے پچھڑ کرتی اس وقت اسے پنلٹی مل گئی تھی جب ریم سانگا کو باکس کے اندر فاؤل کر کے گرایا گیا تھا لیکن محمڈن کے اسٹار مڈ فیلڈر نے وہ پنلٹی بھی ضائع کر دی اور سیدھے گول کیپر کے ہاتھوں میں گیند ماردی۔ کھیل کے 10 ویں منٹ چنین کے لال پونی ڈیولا نے ہیڈ کے ذریعہ گول کر لیا تھا۔ پھر پہلے نصف کے اختتام تک ریم سانگا، فرینکا کو گول کرنے کے کئی مواقع ملے لیکن جیسے ان کی نظر میں گول پوسٹ نظر ہی نہیں آتا۔ پھر دوسرے نصف کے شروع ہوتے ہی 49 ویں منٹ پر لیوکاس برام بیلا نے دوسرا گول اسکور کر کے 2-0 کی لیڈ حاصل کر لی۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ چنین ایف سی کو بھی گول کرنے کے نصف درجن مواقع ملے لیکن اس کے فاروڈوں نے حیرت انگیز طور پر ہو مواقع ضائع کر دیے۔ محمڈن نے اس میچ میں بھی شاندار کھیل پیش کیا لیکن سبھی فاروڈوں کی نظریں کمزور ہیں اور انہیں گول پوسٹ نظر ہی نہیں آتا۔ آخری لمحوں میں انجیوری ٹائم میں شاہنی نے خوبصورت گول کر کے اسکور 1-2 کر دیا اس کے باوجود جس طرح سے محمڈن کو آخری لمحوں میں گول کرنے کے مواقع ملے اسے جس طرح سے ضائع کیا گیا وہ بھی حیرت انگریز ہے۔ مجموعی اعتبار سے محمڈن نے بہتر کھیل کا مظاہرہ کیا اور بہترین انداز میں گول کے مواقع ضائع کیے۔ آخری لمحوں میں محمڈن کے شاہنی پھر پلنٹی ملی اور اس مرتبہ ریم سانگا نے گول اسکور کر لیا۔ یہ بہترین گول تھا۔

اسمرتی مندھانا نے رقم کی تاریخ

خواتین ونڈے کرکٹ کے یہ 3 بڑے ریکارڈ بنا ڈالے

راج کوٹ، 15 جنوری: ہندوستانی خواتین کرکٹ ٹیم اور آئرلینڈ کے درمیان راج کوٹ کے نرنجن شاہ اسٹیڈیم میں کھیلے جارہے تیسرے ون ڈے میچ میں ہندوستانی کپتان اسمرتی مندھانا نے تاریخ رقم کر دی۔ مندھانا نے اس میچ میں اپنے ون ڈے کیریئر کی 10 ویں سنچری بنائی۔ اس کے ساتھ ہی ہندوستان کی اس بائیں ہاتھ کی اسٹار بلے باز نے خواتین کی ون ڈے کرکٹ میں 3 بڑے ریکارڈ اپنے نام کر لیے ہیں۔ آئرلینڈ کے خلاف اس میچ میں اسمرتی مندھانا نے 70 گیندوں میں طوفانی سنچری مکمل کی، اور خواتین کرکٹ کی تاریخ کی تیز ترین سنچری بنانے والی ہندوستانی بلے باز بن گئیں۔ مندھانا نے اس میچ میں 80 گیندوں پر 135 رنز کی شاندار اننگز کھیلی۔ اس دوران انہوں نے 12 چوکے اور 7 فلک بوس چھکے لگائے۔ اسمرتی مندھانا نے آئرلینڈ کیخلاف اس میچ میں اپنے ون ڈے کیریئر کی 10 ویں سنچری بنائی، اس سنچری کے ساتھ وہ ون ڈے کرکٹ کی تاریخ میں 10 سنچریاں مکمل کرنے والی پہلی ہندوستانی خاتون کرکٹر بن گئی ہیں۔ وہ پہلے ہی ہندوستان کے لیے سب سے زیادہ سنچریاں بنانے والی خاتون کھلاڑی ہیں۔ ان کے بعد اس فہرست میں سابق کپتان میتھالی راج کا نام ہے، جنہوں نے بھارت کے لیے کھیلتے ہوئے 7 ون ڈے سنچریاں اسکور کیں۔ ہرمن پریت کور کے نام ون ڈے میں 6 سنچریاں بھی ہیں۔ اس سنچری کے ساتھ اسمرتی مندھانا مشترکہ طور پر ون ڈے میں سب سے زیادہ سنچریاں بنانے والی دنیا کی تیسری سب سے زیادہ سنچریاں بنانے والی خاتون بلے باز بن گئی ہیں۔ انہوں نے انگلینڈ کی ٹیمی بیومونٹ کے 10 ون ڈے سنچریوں کے ریکارڈ کی برابری کر لی ہے۔ آسٹریلیا کی سابق کپتان میگ لیننگ کے نام سب سے زیادہ 15 سنچریاں ہیں۔ نیوزی لینڈ کی سوزی بیٹس نے 13 سنچریاں اسکور کیں۔ اس طرح مندھانا 10 سنچریاں مکمل کرنے والی دنیا کی صرف چوتھی بلے باز بن گئی ہیں۔ خواتین کی کرکٹ کی تاریخ میں سب سے زیادہ ون ڈے سنچریاں: -میگ لیننگ-15-سوزی بیٹس-13-اسمرتی مندھانا-*10-

انگلینڈ کے پاکستانی نژاد کرکٹر ثاقب محمود کو دورۂ ہند کے لئے ویزا نہیں دیا گیا

لندن 15 جنوری: انگلینڈ کے فاسٹ بالر پاکستانی نژاد ثاقب محمود کو انگلینڈ کے دورہ ہند کے ویزا نہیں دیا گیا کیونکہ وہ پاکستانی نژاد ہے۔

ثاقب کا پاسپورٹ اور ویزا درخواست ہنوز ہندستانی سفارت خانے میں جمع ہے۔ انگلینڈ کی ٹیم کولکاتا سمیت پانچ ٹی-20 اور تین یکروزہ انٹر نیشنل کھیلنے کے لئے انڈیا آرہی ہے۔ 22 جنوری سے یہ سیریز شروع ہو رہی ہے۔ 27 سالہ ثاقب جس نے انگلینڈ کے لئے 9 ون ڈے انٹرنیشنل اور دو ٹسٹ کھیلے ہیں، اس نے ابھی تک ایک بھی ٹی-20 انٹرنیشنل نہیں کھیلا ہے۔ دریں اثناء اس کے ساتھی فاسٹ بالر جوفرا ارچر، گس اٹکنسن، برائیڈن کارسے اور مارک ووڈ یوا ے ای میں لیجنڈری انگلش سابق فاسٹ بالر جیمس اینڈرسن کی قیادت میں پریکٹس کر رہے ہیں۔ ثاقب بھی وہاں تربیت کیلئے جانے والا تھا لیکن اس کا پاسپورٹ اور ویزا روک دیا گیا ہے۔

نئے سال میں ڈربی جیتنے کی ہیٹ ٹرک، انڈر 17 ٹورنامنٹ میں ایسٹ بنگال کو موہن بگان سے شکست

15 رجنوری: نیا سال صرف 15 دن کا ہے۔ اس میں موہن بگان نے ڈربی جیت کی ہیٹ ٹرک کی۔ پہلے، موہن بگان نے ریلائنس فاؤنڈیشن یوتھ اسپورٹس انڈر 15 ٹورنامنٹ میں ڈربی میچ جیتا۔ پھر آئی ایس ایل ڈربی جیتی۔ اور انڈر 17 یوتھ لیگ میں بھی تصویر نہیں بدلی۔ گرین میرون بریگیڈ نے آدتیہ مونڈل کے گول سے 1-0 سے جیت حاصل کی۔

شیلاجیت سرکار: نیا سال صرف 15 دن کا ہے۔ اس میں موہن بگان نے ڈربی جیت کی ہیٹ ٹرک کی۔ پہلے، موہن بگان نے ریلائنس فاؤنڈیشن یوتھ اسپورٹس انڈر 15 ٹورنامنٹ میں ڈربی میچ جیتا۔ پھر آئی ایس ایل ڈربی جیتی۔ اور انڈر 17 یوتھ لیگ میں بھی تصویر نہیں بدلی۔ گرین میرون بریگیڈ نے آدتیہ مونڈل کے گول سے 1-0 سے جیت حاصل کی۔

اس کے ساتھ ہی موہن بگان نے اس سال تین ڈربی جیتے ہیں۔ 11 جنوری کو، موہن بگان نے ریلائنس فاؤنڈیشن یوتھ اسپورٹس انڈر 15 ٹورنامنٹ کے گروپ مرحلے کا میچ جیتا۔ وہاں انہوں نے راجدیپ پال کے جوڑے کے گول کی بدولت 2-1 سے جیت حاصل کی۔

اس شام گوہاٹی میں بھی یہی تصویر تھی۔ موہن بگان نے میک لارن کے واحد گول سے جیت چھین لی۔ آئی ایس ایل کے 10 میں سے 9 ڈربی موہن بگان کی جیب میں ہیں۔ مولینا کی ٹیم 15 گیمز میں 35 پوائنٹس کے ساتھ لیگ میں سرفہرست ہے۔ اس سیزن میں تمام مراحل میں چھ ڈربی ہو چکے ہیں۔ کولکاتا لیگ کے میچ کو چھوڑ کر موہن بگن نے 5 بڑے میچ جیتے ہیں۔ اور اسی سال ڈربی کی ہیٹ ٹرک کی تھی۔

ہندوستانی خواتین ٹیم نے آئرلینڈ کو 436 رنز کا ریکارڈ ہدف دیا

راجکوٹ، 15 جنوری (یو این آئی) پرتیکا راول (154) اور کپتان اسمرتی مندھانا (135) کی طوفانی سنچری اننگز کی بدولت ہندوستانی خواتین ٹیم نے بدھ کو تیسرے ون ڈے میں جیت کے لیے آئرلینڈ کو 436 رنز کا ریکارڈ ہدف دیا ہے۔

آج یہاں ہندوستانی ٹیم کی کپتان اسمرتی مندھانا نے ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کا فیصلہ کیا۔ بیٹنگ کے لیے آنے والی پرتیکا راول اور کپتان اسمرتی مندھانا کی اوپننگ جوڑی نے طوفانی انداز میں آغاز کیا اور پہلی وکٹ کے لیے 233 رنز کی ریکارڈ شراکت قائم کی۔ اورلا پرینڈرگاسٹ نے 27 ویں اوور میں اسمرتی مندھانا کو آؤٹ کر کے آئرلینڈ کو پہلی کامیابی دلائی۔ مندھانا نے 80 گیندوں پر 135 رنز کی اننگز کھیلی جس میں 12 چوکے اور سات چھکے شامل تھے۔ اس دوران انہوں نے اپنی 10 ویں ون ڈے سنچری بھی صرف 70 گیندوں میں مکمل کی۔ اس کے بعد بیٹنگ کے لیے آنے والی ریچا گھوش نے پرتیکا راول کے ساتھ دوسری وکٹ کے لیے 104 رنز کی شراکت قائم کی۔ 39 ویں اوور میں آرلین کیلی نے ریچا گھوش کو بولڈ کر کے پویلین بھیج دیا۔ ریچا گھوش نے 42 گیندوں میں 10 چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے (59) رنز بنائے۔

ڈبل سنچری کی طرف بڑھنے والی پرتیکا راول 44 ویں اوور میں فریا سارجنٹ کے ہاتھوں ڈیمپسی کے ہاتھوں کیچ آؤٹ ہو گئیں۔ پرتیکا راول نے 129 گیندوں میں 20 چوکے اور ایک چھکا لگا کر 154 رنز بنائے۔ راول 150 کا ہندسہ عبور کرنے والے تیسرے ہندوستانی کھلاڑی بن گئے ہیں۔ تیجل ہسبانیس (28)، ہرلین دیول (15) رنز بنانے کے بعد آؤٹ ہوئیں۔ دیپتی شرما (11) اور جمائمہ روڈریگس (چار) رنز بنانے کے بعد ناٹ آؤٹ رہیں۔ ہندوستانی خواتین ٹیم کی بلے بازوں نے آئرش گیند بازوں کے چھکے چھڑا دیے اور مقررہ 50 اوورز میں پانچ وکٹوں پر 435 رنز کا بڑا اسکور کھڑا کیا۔

آئرلینڈ کی جانب سے اورلا پرینڈرگاسٹ نے دو وکٹیں حاصل کیں۔ آرلین کیلی، فریا سارجنٹ اور جارجینا ڈیمپسی نے ایک ایک بلے باز کو آؤٹ کیا۔

کپتان روہت شرما نے چیمپئنز ٹرافی 2025 کیلئے کمر کس لی

نئی دہلی، 15 جنوری: بھارتی کرکٹ ٹیم کے کپتان روہت شرما کی حالیہ فارم انتہائی خراب رہی جس کی وجہ سے انہیں کافی تنقید کا سامنا کرنا پڑا۔ نیوزی لینڈ کے خلاف 3-0 کی شکست اور آسٹریلیا کیخلاف 1-3 سے ٹیسٹ سیریز میں شکست کے بعد روہت شرما کو ٹیم سے ڈراپ کیے جانے اور کپتانی سے محروم ہونے کا خطرہ ہے۔ توقع ہے کہ روہت شرما 19 فروری سے شروع ہونے والی چیمپئنز ٹرافی 2025 میں بطور کپتان کھیلیں گے۔ اب اگر روہت ہندوستان کے لیے چیمپئنز ٹرافی جیتنا چاہتے ہیں تو انہیں اپنی کھوئی ہوئی فارم کو دوبارہ حاصل کرنا ہوگا۔ ایسے میں روہت شرما نے آنے والے میچوں کے لیے خود کو تیار کرنے کے لیے اقدامات کیے ہیں، تاکہ وہ ہندوستان کے لیے دوبارہ اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کر سکیں۔ روہت شرما کی ایک ویڈیو سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہو رہی ہے، جس میں بھارتی کپتان پارک میں بھاگتے ہوئے نظر آرہے ہیں۔ ویڈیو ممبئی، مہاراشٹر کے باندرا کرلا کمپلیکس کا بتایا جا رہا ہے۔ یہاں روہت پوری رفتار سے بھاگتے ہوئے نظر آرہے ہیں۔ اس نے کالے رنگ کی ہاف پینٹ اور نیلے رنگ کی ٹی شرٹ پہن رکھی ہے۔ اس کا نیلے رنگ کا کٹ بیگ بھی میدان میں رکھا ہوا نظر آتا ہے۔ اس سے قبل روہت شرما کو ممبئی کے وان کھیڑے اسٹیڈیم میں پریکٹس کرتے دیکھا گیا تھا۔ اس نے پچ پر جانے میں کافی وقت گزارا۔ ان کے آئندہ 2024-25 رنجی ٹرافی میں بھی کھیلنے کی امید ہے۔ ان کا نام ممبئی کے کھلاڑیوں کی فہرست میں بھی شامل ہے۔ آسٹریلیا کیخلاف سڈنی میں کھیلے گئے پانچویں ٹیسٹ میچ میں روہت شرما نے کپتان ہونے کے باوجود خود کو ڈراپ کر دیا۔

Published and Printed by Prem Shankar for AAWAMI NEWS, 30, Chittaranjan Avenue, 4th Floor, Kolkata - 700012 Printed at Saraswati Print Factory Pvt. Ltd. - 789, Chowbhaga West, Near Chaina Mandir, Kolkata- 700105, Editor-Prem Shankar, News Editor : Khurshid Akhter Farazi, - RNI No. WBURD/2014/56804
پرنٹر و پبلیشر شری پریم کے ذریعہ 30 رچترنجن ایونیو، چوتھی منزل، کولکاتا۔ 12، سرسوتی پرنٹ فیکٹری پرائیوٹ لمیٹیڈ۔ 789، چوبھاگا ویسٹ نزد: چائنا مندر، کولکاتا۔ 105 سے شائع۔ ایڈیٹر: پریم شنکر، نیوز ایڈیٹر: خورشید اختر فرازی۔ (پی آر بی ایکٹ کے تحت خبروں کے انتخاب کے لئے جوابدہ) RNI WBURD/2014/56804